ایران امریکہ کی نگاہ میں تب سے کانٹے کی طرح کھٹک رہا ہے جب سے یہاں روح اللہ خمینی کی قیادت میں انقلاب کے ذریعہ اسلامی جمہوریت کا دور شروع ہوا۔ ایران میں 1979 تک شاہی نظام تھا اور پہلوی خاندان یہاں کا حکمراں تھا۔ محمد رضا شاہ پہلوی اس کے سب سے طویل مدتی بادشاہ تھے۔ انہوں نے 1941ء سے 1979ء تک حکومت کی۔ جب انقلاب کی لہر اُٹھی تو وہ ملک سے فرار ہو گئے اور مصر میں پناہ لی۔ وہاں 1980 میں وہ کینسر کے مرض میں انتقال فرما گئے۔ ان کے جانشیں رضا پہلوی اور خاندان کے دیگر افراد امریکہ میں آباد ہیں۔ رضا پہلوی چاہتے ہیں کہ ان کی کھوئی ہوئی سلطنت انہیں مل جائے۔ امریکہ کی خواہش بھی یہی ہے کہ موجودہ نظام ختم ہو جائے اور پہلوی خاندان اس کی جگہ لے۔ احتجاج کے دوران پہلوی حکومت کو واپس لاؤ کا نعرہ اس مقصد کے تحت ہی لگایا گیا تھا۔ حیرت ہے کہ رضا پہلوی اب جمہوریت کی بات کرتے ہیں۔ جب ان کے خاندان کی حکمرانی تھی تو ان کے اجداد نے جمہوری نظام کو کیوں نہیں اپنایا۔ وہ دیوار کی لکھی تحریریں پڑھ لیتے تو یہ عبرت ناک انجام نہ ہوتا۔

ایران کی حکومت کے خلاف لوگوں کا غصہ جائز اور درست ہے لیکن ایک سازش کے تحت اس کو پروان چڑھایا گیا ہے۔ جو تحریک معاشیات کے نام پر شروع ہوئی وہ بہت جلد سیاسی رنگ اختیار کر لی۔ امریکہ کا خفیہ ایجنڈا سامنے آ گیا۔ یہ انتہائی بے شرمی سے ایران کے داخلی معاملات میں کود پڑا اور احتجاجیوں کو ورغلانے لگا کہ حکومت کا تختہ پلٹ دو۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ وہ یہاں کا اسلامی نظام پلٹ کر رضا شاہ پہلوی کے دوبارہ اقتدار میں لائے۔ حکومت بدل گئی تو راہ کی رکاوٹ دور ہو گی اور پورے مشرق وسطیٰ پر اس کا غلبہ اور تسلط قایم ہو جائے۔ پھر اسرائیل کے پھیلاؤ کیلئے بھی راستہ صاف ہو جائے گا۔ عظیم اسرائیل (Greater Israel) کی راہ میں ایران سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ احتجاج کے دوران حکومت بدل دو اور پہلوی خاندان کو اقتدار میں واپس لاؤ جیسے سیاسی نعرے لگنے کا مقصد یہی ہے کہ امریکہ اپنا راستہ صاف کرنا چاہتا ہے۔

ایران برسوں سے معاشی پابندیاں جھیل رہا ہے اور مسلسل جنگ کے سائے میں ہے۔ ان باتوں کا معیشت پر کافی خراب اثر پڑا۔ ہم یہی چاہتے ہیں کہ محاذ گرم نہ ہو اور جنگ کی آواز کمزور پڑ جائے۔ جنگ ٹلتی رہے تو اچھا ہے۔ اس سے خاک و خوں کے سوا اور کیا ملے گا۔

☆☆☆

مہاراشٹر اسٹیٹ حج کمیٹی کا سی ای او ایک ہندو
گوری لنکیش کا قاتل الیکشن میں کامیاب....واہ بھئی واہ

مہاراشٹر اسٹیٹ حج کمیٹی نے حماقت سے بھرپور مگر بدترین سازش رچتے ہوئے ایک غیر مسلم کو چیف ایگزیکیٹیو افسر (سی ای او) بنا دیا ہے اور مہاراشٹر کی بی جے پی حکومت کے اس بیہودے اقدام پر مسلم فرقے کی جانب سے زبردست ردعمل ہو رہا ہے۔ نومنتخب سی ای او منوج جادھو ہے جو ایک آئی اے ایس افسر ہے اور اس بدتمیزی سے بھرپور تقرری پر مسلم فرقہ کے اندر زبردست غم وغصہ پایا جا رہا ہے اور حج کمیٹی کے اراکین کھل کر اس کی مذمت کر رہے ہیں، لیکن بی جے پی حکومت تو ہر کام اپنے ہر اقدام میں اس کی کوشش کرتی رہتی ہے کہ کسی طرح سے مسلم فرقے کو ذہنی اذیت پہنچے، چونکہ بی جے پی لیڈران مسلمانوں کو زک، تکلیف اور ذہنی اذیت پہنچے، چونکہ بی جے پی لیڈران مسلمانوں کو زک، تکلیف اور ذہنی اذیت پہنچانے کے لئے اس حد تک نیچے گر سکتے ہیں جس کے بارے میں کوئی سوچ بھی نہ سکے جیسے ابھی اتر پردیش کے ضلع میں ایک مندر کے سامنے کسی نے گائے کا گوشت پھینک دیا اور کس نے پھینکا اور کون یہ ذلیل حرکت کر سکتا ہے، یہ کسی کو نہیں معلوم لیکن وہ معاملہ اس وقت سنگین صورت اختیار کر گیا جب مقامی بی جے پی کونسلر نے آنکھ لال پیلی کرتے ہوئے مقامی تھانے میں دھاوا بول دیا کہ 48 گھنٹوں کے اندر ارتکاب جرم کرنے والے پکڑے نہیں گئے اور انہیں سخت سے سخت سزا نہیں دی گئی تو وہ ضلع کی ہر مسجد کے صحن میں لحم خنزیر خود اپنے ہاتھوں سے اٹھا کر وہاں پھینکیں گے۔ معاملہ تو اس وقت دب گیا جب اس ضلع کے سیکولر لوگوں نے اس بی جے پی کونسلر کے اس بیہودے بیان پر لعنت ملامت کی بلکہ ان میں سے ایک یہ بھی کہہ دیا کہ یہ کام اسی کونسلر کا ہو سکتا ہے جو ضلع میں فساد برپا کرنے کا خواب دیکھ رہا ہے۔ لیکن بی جے پی کے لیڈران اپنے بول بچن کی بدولت اپنی پارٹی کے اصولوں پر بھی کیچڑ اچھال رہے ہیں اور موجودہ پی ایم تو صرف زانیوں اور قاتلوں کی مسیحائی میں لگے ہوئے ہیں۔ اس ہندو سی ای او کی تقرری پر مقامی لوگوں نے بھی مہاراشٹر حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا اور کھل کر مذمت کی۔ ان کا کہنا ہے کہ حج مسلمانوں پر فریضہ ہے اور یہ مکمل اسلامی عمل ہے اور اس میں کسی غیر مسلم کو کوئی ذمہ داری سونپی جاتی ہے تو یہ اسلام مخالف عمل ہے۔ انہوں نے کہا کیا پی ایم مودی کسی مسلم کو رام مندر کا کیئر ٹیکر بنا سکتے ہیں؟ ممبئی ہائیکورٹ کے سنیئر ایڈوکیٹ یوسف ابراہیمی نے ایک ویڈیو پیغام میں ایک ہندو کو اسٹیٹ حج کمیٹی کا سی ای او مقرر کئے جانے پر سخت مذمت کی اور کہا کہ ایسا شرمناک عمل کی امید صرف بی جے پی سے کی جا سکتی ہے کیونکہ یہ پارٹی شرم وحیا کو دھو کر حکومت کر رہی ہے۔ انہوں نے ایک مسلمان جو حج کے تمام قواعد واصولوں سے واقف ہے صرف وہی یہ ذمہ داری سنبھال سکتا ہے ایک ہندو ہرگز نہیں۔ ابراہیمی نے اس معاملے میں کانگریس اور دیگر سیکولر جماعتوں کی خاموشی پر بھی حیرت ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ اس ناجائز تقرری کو وہ ممبئی ہائیکورٹ میں چیلنج کریں گے۔ انہوں نے مرکزی اور ریاستی سطح پر حج کمیٹی کو سنبھالنے والے کے جو قانون بنایا گیا ہے کہ صرف مسلمان ہی اس ذمہ داری کو سنبھال سکتے ہیں اور اس سلسلے میں سینٹرل ایکٹ بنا ہوا ہے جس میں صاف طور پر لکھا ہوا ہے کہ یہ ذمہ داری صرف مسلمان سنبھال سکتے ہیں کوئی غیر مسلم نہیں۔ لیکن یہ معاملہ جب عدالت میں پہنچے گا تو جج صاحبان یہی کہیں گے کہ تقرری کے خلاف چیلنج کرنے والے کا دعویٰ تو صحیح ہے لیکن ہم کیا کریں، آستھا کی بنیاد پر یہی کہہ سکتے ہیں جو فیصلہ کیا گیا ہے وہ بالکل صحیح ہے۔ مہاراشٹر سے ہر سال 1.75 لاکھ عازمین حج کو جاتے ہیں اور وہ ہرگز برداشت ہیں کر سکتے کہ ایک ہندو انہیں قاعدہ قانون سکھانے آئے۔

بی جے پی اگر مرکز میں اقتدار میں ہے تو پھر اس ملک میں سب کچھ ہو سکتا ہے گاندھی کی تصویر کرنسی نوٹ سے ہٹائی جا سکتی ہے، قاتلوں اور زانیوں اور دہشت گردوں کو بری الذمہ کیا جا سکتا ہے اور عمر خالد و شرجیل امام کو ناکردہ گناہوں کی سزا ملتی ہے اب ممتا صحافیہ اور سماجی کارکن گوری لنکیش کے مبینہ قاتل شری کانت پنگر کرنے 2017 میں یہ قتل کیا تھا اور اس وقت جبکہ وہ کالنا میونسپلٹی کے الیکشن میں آزاد امیدوار بنا تھا تو اسے پیرول میں رہا کر دیا گیا تھا اور مہاراشٹر کے عوام نے میونسپلٹی کے الیکشن میں اس سفاک قاتل کے حق میں ووٹ دیکر کامیاب بنایا، اگرچہ پنگر کر کو قتل کے علاوہ دھماکہ خیز اشیاء رکھنے کے خلاف بھی فرد جرم عائد تھا۔ لیکن شاباشی کی بات ہے کہ اس ملک کے لوگ اب زانیوں اور قاتلوں کی حمایت میں آواز اٹھاتے ہیں اور بہت جلد یہ بھی ممکن ہے ناتھورام گوڈسے کے نام پر مندر بنے کیونکہ اس نے اس ملک کے مہاتما کے سینے میں تین گولیاں ماری تھیں جس مہاتما نے ملک کی آزادی کی خاطر اپنا سب کچھ تج دیا تھا۔

(خ الف ف)

مسلمان: درپیش مسائل اور اصلاح معاشرہ کی ضرورت

فہیم احمد

اصلاح معاشرہ کے لیے تین باتوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے اور وہ ہیں تعلیم، تربیت اور اخلاق۔ یہ تینوں الفاظ ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہیں، کیونکہ ان میں سے کسی کی عدم موجودگی میں مکمل اور صالح معاشرے کی تشکیل ناممکن ہے۔ مگر ان کا مفہوم اور دائرہ کار الگ الگ ہے۔ پہلے بات کرتے ہیں تعلیم کی، تعلیم سے مراد علم کی منتقلی اور ذہنی شعور کی نشوونما ہے۔ یہ بنیادی طور پر معلومات، حقائق، علوم، مہارتیں اور نظریات سکھانے کا عمل ہے۔ اس کا دائرہ کار زیادہ تر دماغی اور فکری سطح پر ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر پڑھنا، لکھنا، ریاضی، سائنس، تاریخ، کمپیوٹر، انجینئرنگ وغیرہ۔ اس کا مقصد انسان کو دنیاوی علوم سے آراستہ کرنا، مسائل حل کرنے کی صلاحیت سازی اور معاشرے میں کارآمد بنانا ہوتا ہے۔ یعنی تعلیم وہ عمل ہے جس سے انسان کی معلومات اور فکری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

اب بات کرتے ہیں تربیت کی، اس کا مطلب ہے پرورش کرنا، بڑھانا، نشوونما کو فروغ دینا۔ یہ کردار سازی، شخصیت کی تعمیر اور رویوں کی درستگی کا نام ہے۔ اس میں ظاہری اور باطنی دونوں پہلو شامل ہیں: ظاہری پہلو میں آداب، لباس، میل جول، طرز زندگی اور باطنی پہلو میں عادات، اقدار، جذبات، اور اخلاقی رجحانات شامل ہیں۔ تربیت کا مقصد انسان کی فطری صلاحیتوں کو پروان چڑھانا اور غیر فطری (بری) عادات کو ختم کرنا ہوتا ہے۔ مختصراً، یہ وہ عمل ہے جس سے انسان کا کردار، رویہ اور شخصیت مکمل اور متوازن طور پر پروان چڑھتی ہے۔

تیسری چیز اخلاق ہے، یہ سرشت، عادت، مزاج سے منسوب ہے۔ یہ انسانی رویوں، اقدار اور کردار کا مجموعہ ہے، جو دل میں رچ بس جاتا ہے۔ سچائی، امانت، عفو، صبر، ایثار، رحم، عدل، حیا اور وفاداری وغیرہ اچھے اخلاق میں آتے ہیں۔ جھوٹ، دھوکہ، حسد، غصہ، تکبر، ظلم وغیرہ برے اخلاق کی مثالیں ہیں۔ یعنی اخلاق وہ اندرونی صفات اور رویے ہیں جو انسان کے اعمال اور معاملات میں ظہور پذیر ہوتے ہیں۔

اگر صرف تعلیم ہو اور تربیت نہ ہو تو انسان عالم بن سکتا ہے مگر اچھا انسان نہیں بن پاتا۔ اگر تربیت ہو مگر اخلاق نہ ہوں تو شخص مہذب نظر آ سکتا ہے مگر حقیقی نیکی سے محروم رہتا ہے۔ اسلامی نقطہ نظر سے مکمل انسان وہی ہے جس میں علم (تعلیم)، کردار سازی اور حسن اخلاق تینوں صفات موجود ہوں۔

ہم اکثر یہ بات سنتے اور پڑھتے ہیں کہ اسلام مکمل ضابطہ حیات ہے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا مسلمان اس ضابطہ حیات پر مکمل عمل کرتے ہیں؟۔ جواب نہیں میں ہوگا۔ ضابطہ حیات وہ اصول وضوابط ہیں جو ہمیں اپنی زندگی گزارنے کے لئے رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ یہ ضابطے سماجی، اخلاقی، مذہبی اور شخصی سطح پر ہماری رہنمائی کرتے ہیں۔ مندرجہ بالا پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل باتوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ اس وقت جدید ہندوستان میں مسلمانوں کے لیے سماجی اصلاحات صنفی عدم مساوات، جدید تعلیم کی کمی اور توہم پرستی جیسے اندرونی مسائل سے نمٹنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ یہ اصلاحات قومی سیکولر اقدار کے ساتھ ہم آہنگی، انتہا پسندی کے خاتمے اور سماجی شمولیت کو فروغ دیتی ہیں۔ ہمیں مسلم خواتین کے مساوی حقوق، گھریلو تشدد اور تعلیم کی کمی جیسے مسائل کو حل کرنا ضروری ہے تاکہ معاشرے میں خواتین کی مکمل شرکت کو یقینی بنایا جا سکے۔

جدید تعلیم کے فروغ کے ساتھ ساتھ تنقیدی سوچ کو پروان چڑھانا ناگزیر ہے تاکہ نوجوانوں کو روایتی نصاب سے آگے بڑھ کر جدید چیلنجز کے لیے تیار کیا جا سکے۔ جہیز، مسلم معاشرے کے اندر ذات پات کی بنیاد پر تفریق اور ترقی کی راہ میں حائل توہم پرستی جیسے معاملات کا مقابلہ کرنا ہوگا، بالکل اسی طرح جیسے تاریخی تحریکوں نے ستی اور بچوں کی شادی جیسی رسومات کے خلاف جنگ لڑی تھی۔ انتہا پسندی اور بنیاد پرستی کی روک تھام ترقی پسند اصلاحات اسلام کی معتدل اور کثرت پسندانہ تشریح کو فروغ دیتی ہیں، جو روحانی ترقی، عقل اور مکالمے پر زور دے کر انتہا پسند نظریات کا مقابلہ کرتی ہیں۔ جمہوری اصولوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر، سماجی اصلاحات دیگر کمیونٹیز کے ساتھ روابط استوار کرنے میں مدد دیتی ہیں، جس سے یہ یقینی بنتا ہے کہ مسلمان ہندوستان کی سیکولر اور ہمہ گیر جمہوریت میں فعال کردار ادا کریں۔ مختصر یہ کہ، عصری مسلم سماجی اصلاحات اندرونی مضبوطی، سماجی ہم آہنگی اور جدید ہندوستان میں مکمل شمولیت کے لیے ناگزیر ہیں۔ یہ اصلاحات ماضی کی تحریکوں کے ترقی پسند جذبے کی بازگشت ہیں، جو آج کے چیلنجوں کے مطابق ڈھل رہی ہیں۔

ہر مسلمان مرد وعورت کی ذمہ داری ہے کہ ایمان وعقیدہ کی درستگی کے ساتھ خود بھی نیک اعمال کا خوگر ہو، برائیوں سے پرہیز کرے اور دوسروں کو بھی صالح بنانے کی کوشش کرے، اچھائیوں کو پھیلانے اور برائیوں کو مٹانے کی فکر اور جد وجہد کرے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالی امت کا تعارف اس طرح کراتے ہیں "تم لوگ بہترین امت ہو جو لوگوں کو نفع رسانی کے لیے پیدا کی گئی ہے، تم اچھائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور خود بھی ایمان والے ہو۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص بھی کسی منکر (غلط کام) کو دیکھے اسے اپنے ہاتھ سے مٹائے، اگر اس کی طاقت نہ ہو تو اپنی زبان سے نکیر کرے، اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو دل سے مٹائے یعنی دل میں برائی کو دیکھ کر کڑھن پیدا ہو اور اس برائی کو ختم کرنے کی فکر کرے اور یہ ایمان کا ادنی درجہ ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ ذمہ داری بلا امتیاز ہر امتی کی ہے کہ اپنی آنکھیں کھلی رکھے۔ حالات کا جائزہ لے، اور اپنے ارد گرد جہاں بھی کوئی عملی، اخلاقی برائی نظر آئے اس کو ختم کرنے کی پوری کوشش کرے۔

اس وقت عام طور پر مسلم معاشرہ کی جو صورت حال ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے، سب سے اہم عبادت نماز سے غفلت عام ہے، نشہ بازی، جوا، سٹہ اور طرح طرح کی مخرب اخلاق اور تباہ کن عادتوں میں معاشرہ کا بڑا طبقہ مبتلا ہے، شادی کے موقعہ پر فضول خرچی، تلک، جہیز اور لایعنی رسوم کی پابندی کی وجہ سے کتنے گھرانے تباہ ہو رہے ہیں، ملٹی میڈیا موبائل کے غلط استعمال سے نوجوان طبقہ بے حیائی اور فحاشی کا شکار ہو رہا ہے۔ گھروں میں ایک دوسرے کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی ہو رہی ہے۔ یہ اور اس جیسی متعدد عملی اور اخلاقی خرابیوں میں معاشرہ تباہ ہو رہا ہے۔ دوسری طرف ان جیسی خرابیوں کے ازالہ اور اصلاح معاشرہ کے لیے جیسی مسلسل اور منظم جدوجہد کی ضرورت ہے اس میں بھی عام طور پر کوتاہی ہو رہی ہے جس کے نتیجہ میں امت میں عام طور پر بے چینی، پریشانی پھیلی ہوئی نظر آتی ہے۔

ان حالات میں تمام مسلمانوں اور خاص طور پر علماء کرام، ائمہ مساجد، متولیان مساجد، بستی اور برادری کے ذمہ دار افراد کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ معاشرہ کی اصلاح کے لیے خود محنت کریں اور اس سلسلہ میں کی جانے والی کوششوں کے ساتھ عملی اور فکری تعاون پیش کریں۔ جو حضرات بھی اس سلسلہ میں اپنی صلاحیت، محنت اور وقت صرف کریں یہ ان کے لیے موجب سعادت ہے۔ خوش دلی، بشاشت اور خندہ پیشانی کے ساتھ اس کام میں منہمک ہونا چاہیے اور یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اس راہ میں مخالفت اور طعن وتشنیع کا بھی سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

احمد فراز: جس کے ہوتے ہوئے ہوتے تھے زمانے اپنے

ڈاکٹر شگفتہ یاسمین

شخص سے شخصیت تک کا سفر آسان نہیں ہوتا، دشت سے قلزم خوں تک کی مسافت طے کرنی پڑتی ہے، ایاغ دل میں اشکوں کے جام پینے پڑتے ہیں اور داغ دل سے تبسم کے چراغ روشن کرنے پڑتے ہیں، محبت زندگی کی اساس ہے اور محبت قربانی چاہتی ہے، صلیب اور دار ورسن سے گزر کر ہی محبت سرخرو ہوتی ہے اور اعتبار پاتی ہے۔ تخلیق کار اپنے معاشرے کا سب سے حساس فرد ہوتا ہے جو خون دل میں انگلیاں ڈبو کر پرورش لوح وقلم کرتا ہے۔ سماج میں روا ظلم واستبداد، جبر واستحصال، بے ایمانی وبدعنوانی کے خلاف ہر دور میں آوازیں بلند ہوتی رہی ہیں، تحریکیں چلی ہیں اور دنیا بھر میں جو طبقہ ہراول دستے میں شامل رہا وہ بھی ادباء وشعراء تھے۔ رومان وانقلاب، بغاوت واحتجاج کے حوالے سے فیض کے بعد جس شاعر کا نام ہر دور میں اور ہر نسل میں یکساں طور پر محبوب رہا ہے اور جنہوں نے اپنی مقبولیت ومحبوبیت کا آفتاب اپنی زندگی میں ہی نصف النہار پر دیکھا بلکہ دنیا سے رحلت کے بعد بھی ان کا نام اور کلام سرحدوں سے ماوراء کروڑوں دلوں پر راج کر رہا ہے وہ احمد فراز ہیں۔ اپنی محبوبیت کا انہیں بھی بخوبی اندازہ تھا، اس پر وہ تمام عمر نازاں رہے اور اسے اپنا گراں بہا سرمایہ قرار دیتے رہے۔

اور فراز چاہئیں کتنی محبتیں تجھے
ماؤں نے تیرے نام پر بچوں کا نام رکھ دیا

سید احمد شاہ سے احمد فراز تک کے سفر میں صعوبتیں اٹھائیں، درد وکرب سہے، زنداں میں تنہائی کا غم جھیلا، جلاوطنی کی اذیت برداشت کی لیکن اپنے اصولوں سے کبھی سمجھوتہ نہیں کیا اپنے نظریات پر کوہ گراں کی مانند ڈٹے رہے۔ غنیم کی خوشامد نہیں کی، عدو سے مصاحبت نہیں کی اور آخری دم تک انہیں اس پر ناز رہا۔

میرا قلم تو امانت ہے میرے لوگوں کی
میرا قلم تو عدالت مرے ضمیر کی ہے
اسی لیے تو جو لکھا تپاک جاں سے لکھا
جبھی تو لوچ کماں کا زبان تیر کی ہے

زندگی کی کرشمہ سازیاں بھی عجیب ہوتی ہیں فراز کو پائلٹ بننے کا بہت شوق تھا بلکہ یہ ان کا خواب تھا۔ فرسٹ ائیر میں انہوں نے باضابطہ طور پر اپلائی بھی کر دیا۔ انٹرویو میں سیلکٹ ہوئے میڈیکل فٹنس بھی کوالیفائی کر لیا۔ انہی دنوں ان کے بڑے بھائی نے آرمی جوائن کر لی تھی۔ والدہ سخت مضطرب تھیں کہ ایک بیٹا فوج میں ہے دوسرا ائیر فورس میں جا رہا ہے۔ لہذا انہوں نے کال لیٹر پھاڑ دیا اور بعد میں فراز کو بتایا۔ فراز کو دکھ تو بہت ہوا لیکن انہوں نے اسے مشیت ایزدی اور ماں کا حکم سمجھ کر سر تسلیم خم کر دیا کہ شاید قدرت نے ان کے لیے کچھ اور طے کر رکھا ہے اور واقعی ان کے حصے میں وہ فرازی آئی جو دنیا میں بہت کم لوگوں کے حصے میں آتی ہے۔

احمد فراز کا اصل نام سید احمد شاہ تھا انہوں نے 12 جنوری 1931 کو کوہاٹ کے معزز سادات خاندان میں آنکھیں کھولیں۔ فراز کے والد سید محمد شاہ برق کوہاٹی کا شمار فارسی کے ممتاز شعراء میں ہوتا تھا۔ وہ چاہتے تھے کہ بیٹا شاعری کے بجائے عصری علوم میں نام کمائے لیکن گھریلو ماحول اور فطری میلان دونوں موجود تھے لہذا زیادہ دیر تک خود کو شاعری سے دور نہ رکھ سکے۔ فراز بتاتے ہیں کہ ان کی شاعری کا آغاز نویں یا دسویں جماعت سے ہو گیا تھا۔ چودہ پندرہ سال کی عمر تھی۔ ان کی ایک ہم جماعت جن کے ساتھ وہ ہوم ورک کیا کرتے تھے ان کے ساتھ بیت بازی کا سلسلہ شروع ہوا۔ انہیں اچھے خاصے شعر یاد تھے لہذا فراز مات کھا جاتے۔ آخر انہوں نے طے یہ کیا کہ اپنی شعری استعداد پر بھروسہ کر کے اپنے شعر کہے جائیں اور یوں احمد شاہ کوہاٹی کے قلمی نام سے شعری سفر کا آغاز کیا۔ فیض احمد فیض کا دست شفقت اور صحبت نصیب ہوئی تو فراز تخلص اختیار کیا اور یوں اردو شاعری کو ان کے فکر و تخیل سے نئی فرازیاں ملیں۔

تعلیم کے ساتھ شاعری کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ انہوں نے پشاور کے ایڈورڈ کالج سے فارسی اور اردو میں ایم اے کیا۔ دوران تعلیم ہی ریڈیو پاکستان پشاور کے لیے فیچر لکھنا شروع کر دیا تھا۔ ان کی مادری زبان پشتو تھی لیکن وہ فارسی، اردو اور انگریزی میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ فراز نے اپنے کریئر کی ابتداء ریڈیو پاکستان پشاور سے بحیثیت اسکرپٹ رائٹر کی۔ اسی دوران پشاور یونیورسٹی میں لیکچرر ہوئے پھر پاکستان نیشنل سینٹر پشاور کے پہلے ڈائریکٹر جنرل، چیئرمین اکادمی پاکستان، لوک ورثہ اور نیشنل بک فاؤنڈیشن کے سربراہ کے کلیدی عہدوں پر فائز رہے اس کے ساتھ ساتھ شعر وسخن کا سلسلہ بھی جاری رہا۔

افق پر دھند کے، شفق پر الاؤ، گھٹاؤں میں شعلے، چمن میں ببول
دلوں پر اداسی، دماغوں میں الجھن، خیالوں میں تلخی نگاہیں ملول

اسی ماحول اور حال زار میں تنہا تنہا کی تخلیق ہوئی۔ پہلے مجموعہ کلام تنہا تنہا کے بعد دوسرا مجموعہ درد آشوب کے نام سے منظر عام پر آیا جسے اتنی مقبولیت ملی کہ بقول فراز اہل دل اور محبت کرنے والوں نے اسے محبت کی انجیل کہا شاعری ہو یا فنکاری اس کا اہم محرک عشق ہے اور فراز کی غزلوں اور نظموں کا مرکز ومحور بھی عشق ہے۔ ان کا ماننا تھا کہ عشق سمجھا نہیں جا سکتا، کیا جا سکتا ہے اور انہوں نے بھی عشق کیا انسانوں سے اور انسانیت سے۔ شاعری میں ہیئت اور فارم کی بڑی اہمیت ہوتی ہے اور فراز کے لیے یہ کوئی مسئلہ نہیں رہا۔ غزل، نظم، قطعہ اور رباعی سب پر انہیں یکساں دسترس حاصل تھی۔ تخلیق کے لیے وہ کسی موڈ، موسم، موقع یا ماحول کے منتظر نہیں رہے۔ جس چیز نے انہیں جب آمادہ اظہار کیا انہوں نے احوال دل کہہ ڈالا

دردمندوں کو کہیں بھی تو قرار آنہ سکا
کوئی صحرا ہو کہ گھر رونے کے عادی ہوئے
اے فراز ایسے میں برسات کٹے گی کیوں کر
گریونہی شام وسحر رونے کے عادی ہوئے

فراز کی غزل گوئی کی نمایاں خصوصیت ان کی سادہ اور عام فہم زبان ہے کہ ایک عام آدمی بھی ان کی بات بخوبی سمجھ لیتا ہے۔

سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں
یہ بات ہے تو چلو بات کر کے دیکھتے ہیں
سنا ہے دن میں اسے تتلیاں ستاتی ہیں
سنا ہے رات کو جگنو ٹھہر کے دیکھتے ہیں

فراز کی غزلوں میں عشق ورومان ایک گہرے انسانی تجربے کی صورت میں جلوہ گر ہے انہوں نے اپنے واردات قلبی نہایت سادہ دلی اور سچائی کے ساتھ کاغذ وقلم کے سپرد کیے ہیں۔

زندگی سے یہی گلہ ہے مجھے
تو بہت دیر سے ملا ہے مجھے
تو محبت سے کوئی چال تو چل
ہار جانے کا حوصلہ ہے مجھے

فراز محبوب سے شکوہ بھی کرتے ہیں تو اس میں تلخی نہیں بلکہ دلربائی ہے۔ جذبوں کی پاکیزگی اور شائستگی ہے

رنجش ہی سہی دل ہی دکھانے کے لیے آ
آ پھر سے مجھے چھوڑ کے جانے کے لیے آ
کچھ تو مرے پندار محبت کا بھرم رکھ
تو بھی تو کبھی مجھ کو منانے کے لیے آ

غزلیں ہوں یا نظمیں فراز نے محبت، امن، آزادی اور ظلم کے خلاف آواز اٹھائی۔ نظموں میں یہ آواز زیادہ بلند، احتجاج زیادہ واضح اور بے باکی اپنے عروج پر نظر آتی ہے۔ محاصرہ، نوحہ گر چپ ہیں، معبود، سوال، یہ میری غزلیں یہ میری نظمیں، وہ لمحے کتنے دروغ گو تھے، اب کس کا جشن مناتے ہو، اے عشق جنون پیشہ، اور ہم اپنے خواب کیوں بیچیں بعض ایسی ہی نظمیں ہیں۔ فراز رومانوی شاعر سے انقلابی شاعر بنے۔ ترقی پسند تحریک سے وابستگی اور ملک کے سیاسی، سماجی اور معاشی حالات نے ان پر گہرا اثر ڈالا اور انقلاب ایک تصوراتی محبوب کا پیکر اختیار کر گیا۔ فراز نے عوام کے درد وکرب کو اپنا درد سمجھا لہذا ان کے رومان میں زیادہ تر عوام اور وطن کی محبت پنہاں ہے۔

جشن مقتل ہی نہ برپا ہوا ورنہ ہم بھی
پابجولاں ہی سہی ناچتے گاتے جاتے
شکوۂ ظلمت شب سے تو کہیں بہتر تھا
اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

کراچی کے ایک مشاعرے میں فراز نے اپنی کچھ نظمیں پڑھیں۔ مشاعرہ دن کے وقت ہو رہا تھا۔ تقریب ختم ہوئی تو پولیس آئی اور فراز کو کراچی چھوڑنے کے لیے کہا اور اگلے روز ہی انہیں کراچی سے روانہ کر دیا گیا۔ اسلام آباد پہنچنے کے بعد وہ بہت بددل ہوئے اور انہوں نے اپنی نظم محاصرہ لکھی۔ بعد میں وہ چھ سال تک ملک بدر بھی رہے۔ فراز تنہائی سے گھبراتے تھے۔ قید وبند اور جلاوطنی کا زمانہ ان کے لیے خاصا دشوار گزار رہا۔ اپنے آخری ایام میں کئی عوارض میں مبتلا ہوئے اور جب وہ امریکہ میں تھے تو چوٹ لگنے اور انفیکشن کے سبب خاصے بیمار پڑ گئے ان کے صاحبزادے شبلی فراز جانتے تھے کہ ان کے والد اپنے آخری ایام پاکستان میں گزارنا چاہتے ہیں وہ جا کر انہیں اپنے ساتھ واپس لے آئے اور فراز نے اپنی زندگی کے آخری 24 دن اسلام آباد کے ایک اسپتال میں گزارے جہاں والد سے آنکھوں کے اشارے اور مسکراہٹ کے تبادلے سے گفتگو ہوا کرتی تھی۔ 25 اگست 2008 کو اسلام آباد میں ان کا انتقال ہوا۔ تنہا تنہا، درد آشوب، جاناں جاناں، خواب گل پریشاں ہے، غزل بہانہ کرو، نایافت، نابینا شہر میں آئینہ، بے آواز گلی کوچوں میں، پس انداز موسم، شب خون، یہ سب میری آوازیں ہیں، میرے خواب ریزہ ریزہ، اے عشق جفا پیشہ X فراز کا شعری ورثہ ہے۔ عالمی سطح پر فراز کی شاعری کی پزیرائی کا عالم یہ ہے کہ روسی، فرانسیسی، جرمن اور پنجابی سمیت مختلف زبانوں میں فراز کے کلام کا ترجمہ ہو چکا ہے۔ فراز کی رحلت کو عرصہ ہوا لیکن اپنے چاہنے والوں کے لیے وہ آج بھی اپنی شاعری اور کلام کی معنویت وانفرادیت کے ساتھ آس پاس کہیں موجود ہیں۔

امریکہ اقوام متحدہ کی ایجنسیوں سے دستبردار، ہندوستان کے لئے امکانات

اسد مرزا

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آب وہوا، انسانی حقوق اور صنفی مساوات کو فروغ دینے والے اقوام متحدہ کے 31 داروں اور 35 غیر اقوام متحدہ کے اداروں سمیت 66 بین الاقوامی اداروں سے امریکی غیر وابستگی کا حکم دیا ہے۔ انتظامیہ ان تنظیموں کو امریکی مفادات کے برعکس گلوبلسٹ ایجنڈوں کی خدمت کے طور پر بیان کرتی ہے۔ تاہم، اس فیصلے نے ہندوستان جیسے ممالک کے لیے اقوام متحدہ کی بحالی، اصلاح اور عالمی ادارے کی قیادت کرنے والے گلوبل ساؤتھ کو آگے بڑھانے کے لیے بہترین موقع فراہم کیا ہے۔ صدر نے ٹرمپ نے تمام انتظامی محکموں اور ایجنسیوں کو ہدایت کی کہ وہ اقوام متحدہ کی زیر قیادت 66 تنظیموں سے "جلد از جلد" انخلا کے لیے فوری اقدامات کریں اور قانون کی اجازت کی حد تک شرکت اور فنڈنگ دونوں کو روک دیں۔

اس فیصلے سے ماحولیاتی اسکیموں، انسانی حقوق، صنفی مساوات اور بین الاقوامی ترقی پر منفی اثر پڑنے کے امکانات زیادہ ہو گئے ہیں۔ ان میں سب سے اہم ہے یو این فریم ورک کنونشن آن کلائمیٹ چینج (UNFCCC) سے امریکہ کا اخراج، جو پیرس موسمیاتی معاہدے کا بنیادی فریم ورک ہے۔ اس فہرست میں بین الاقوامی سولر الائنس بھی شامل ہے، جو کہ 100 سے زیادہ دستخط کنندہ ممالک کے ساتھ موسمیاتی تبدیلی پر ہندوستان اور فرانس کے درمیان تعاون پر مبنی اقدام ہے۔

سکریٹری آف اسٹیٹ مارکو روبیو نے نشانہ بنائے گئے اداروں کو اپنے دائرہ کار میں بے کار، بدانتظامی، غیر ضروری، فضول خرچ، ناقص طور پر چلائے جانے والے طریقے، امریکی ایجنڈے کے خلاف اپنے ایجنڈے کو آگے بڑھانے والے اداکاروں کے مفادات کے زیر اثر امریکی خودمختاری، آزادیوں اور عمومی خوشحالی کے لیے خطرہ" قرار دیا۔ اقوام متحدہ میں امریکی سفیر مائیک والٹز نے اس بات پر زور دیا کہ امریکہ اب ایسی تنظیموں کو فنڈ نہیں کرے گا جو" بہت سے معاملات میں امریکی مفادات کے خلاف کام کرتی ہیں۔" اقوام متحدہ نے جمعرات (8 جنوری) کو کہا کہ بدھ (7 جنوری) کو امریکی اعلان کے باوجود اس کا کام جاری رہے گا۔ نیویارک میں اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن ڈوجارک نے کہا کہ ہمارا کام جاری رہے گا، سکریٹری جنرل اس تنظیم کے ہر رکن کی خودمختاری کا احترام کرتے ہیں اور وہ اس بات پر بھی پختہ یقین رکھتے ہیں کہ آج ہمیں جن چیلنجز کا سامنا ہے ان کا حل صرف بین الاقوامی تعاون کے ذریعے ہی کیا جا سکتا ہے۔"

ہندوستان کے لئے امکانات: عملی سطح پر یہ امریکی فیصلہ ہندوستان اور دیگر ہم خیال ممالک کے لیے ایک سنہری موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ ان ممالک کی خواہشات کے مطابق، جو کہ اب تک P-5 کی آواز پر تنقید کرتے رہے ہیں، اقوام متحدہ کی تنظیم نو اور احیاء کے لیے ایک پروگرام تیار کریں۔ اس بڑی مہم میں ترقی پذیر ملکوں کے لیے خود ارادیت کو فروغ دینے کے لیے نان الائنمنٹ موومنٹ (NAM) کے قیام میں ہندوستان کا کردار اس کے حق میں عالمی سطح پر فعال طریقے سے چلانے کے تجربے کی نشاندہی کرتا ہے۔ مزید برآں، اس مہم کی قیادت کرنے کے لیے جو چیز ہندوستان کے حق میں جاتی ہے وہ ہے گزشتہ 10 سالوں کے دوران اس کی سفارتی اور کثیر الجہتی۔ اس عرصے کے دوران، ہندوستان نے موسمیاتی تبدیلی، تجارت اور سلامتی کے مسائل پر شمال اور جنوب کے درمیان ثالث کے طور پر کام کیا ہے۔ ساتھ ہی وہ اپنے آپ کو ایک 'وشوا بندھو' (دنیا کے دوست) کے طور پر بھی پیش کر سکتا ہے، جو عالمی حکمرانی میں شمولیت کی وکالت کرتا ہے۔

اپنی G20 صدارت (2023) کے دوران، ہندوستان نے افریقی یونین کی مستقل رکن کے طور پر شمولیت کو یقینی بنایا، جو گلوبل ساؤتھ کی نمائندگی کے لیے ایک تاریخی اقدام تھا۔ برکس، کواڈ، اور وائس آف گلوبل ساؤتھ سمٹ میں ہندوستان کی فعال شرکت عالمی گورننس اصلاحات اور اسٹریٹجک توازن کے لیے اس کی وابستگی اس اہلیت کی عکاسی کرتی ہے۔ ہندوستان نے ترقی پذیر ممالک کی آواز کی عکاسی کرنے کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل، ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف جیسے عالمی اداروں میں اصلاحات کا مسلسل مطالبہ بھی کیا ہے۔

ہندوستان ترقی پذیر ممالک کے درمیان پائیدار ترقی کی کوششوں کی قیادت کر رہا ہے۔ مشن لائیف۔ ای اور آئی ایس اے اور نیشنل گرین ہائیڈروجن مشن ہندوستان کی پائیدار ترقی کی قیادت کی عکاسی کرتے ہیں۔ ہوا اور شمسی توانائی کے تیسرے سب سے بڑے پروڈیوسر کے طور پر، ہندوستان کمزور ممالک کے لیے موسمیاتی انصاف کی حمایت کر رہا ہے۔

ہندوستان ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر (DPI) میں عالمی رہنما ہے۔ Aadhaar اور UPI جیسے پلیٹ فارمز نے 12 سے زیادہ ممالک کو اسی طرح کے نظام کو اپنانے کی ترغیب دی ہے، جس سے ڈیجیٹل ایکویٹی میں اضافہ ہوا ہے اور گلوبل ساؤتھ میں ڈی پی آئی کافی مقبول ہوئی ہے۔

موجودہ ورلڈ آرڈر میں گلوبل ساؤتھ: اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل (UNSC) اب بھی دوسری جنگ عظیم کے بعد کے طاقت کے ڈھانچے کی عکاسی کرتی ہے۔ ہندوستان، دنیا کا سب سے زیادہ آبادی والا ملک اور ایک بڑی معیشت ہے، جو کہ کئی دہائیوں کی محنت کے باوجود یو این ایس سی میں مستقل نشست سے محروم ہے۔ بڑی طاقتوں (جیسے امریکہ) کے ذریعہ اقوام متحدہ کے نظام کو کمزور کرنے سے چھوٹے ممالک کے پاس علاقائی تنازعات یا معاشی شکایات کو دور کرنے کے لیے کوئی غیر جانبدار فورم دستیاب نہیں ہے۔ گلوبل ساؤتھ کے ممالک پر دباؤ بڑھ رہا ہے کہ وہ امریکہ۔ چین یا امریکہ۔ روس دشمنی میں فریق چنیں۔ یہ اسٹریٹجک خودمختاری کو نقصان پہنچاتا ہے اور ترقیاتی اہداف سے توجہ ہٹاتا ہے۔ گلوبل ساؤتھ اپنی منتخب انسانی حقوق کی وکالت کے لیے مغرب سے بھی ہوشیار ہے، غزہ کو نظر انداز کرتے ہوئے یوکرین پر عمل پیرا ہے اور گلوبل ساؤتھ کے ممالک کو اکثر اندرونی معاملات میں بیرونی مداخلت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ جنوب۔ جنوب تعاون کو فروغ:

ساؤتھ۔ ساؤتھ کوآپریشن (SSC) مالیات، ٹیکنالوجی اور صلاحیت سازی میں ان خامیوں کو دور کرنے میں مدد کر سکتا ہے جسے شمالی جنوب کی امداد اکثر پورا نہیں کر سکتی۔ انڈیا۔ یو این ڈیولپمنٹ پارٹنرشپ فنڈ جیسے اقدامات نے بحر الکاہل کے جزیرے نما ممالک اور افریقہ کے لیے امداد کو بڑھایا ہے، جس میں ساتھ ہی لچکدار اور سیاق وسباق سے متعلق معاونت کی پیشکش بھی کی گئی ہے۔

SSC پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs) کو حاصل کرنے کے لیے سیاق وسباق کے مطابق اور پائیدار حل فراہم کر کے 2030 کے ایجنڈے کے ساتھ اچھی طرح ہم آہنگ بھی ہے۔

SSC سہ رخی تعاون کے ذریعے ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ مل کر بھی کام کر سکتا ہے، جہاں شمالی شراکت دار جنوب کی قیادت میں اقدامات کی حمایت ہوتی ہے۔ یہ مقابلے کی بجائے ہم آہنگی پیدا کرے گا، جیسا کہ FAO کی زیر قیادت چین کے تعاون سے لاطینی امریکہ میں لاگو کیے گئے زرعی منصوبوں کی کامیابی نے دکھایا ہے۔ SSC نے عالمی ہنگامی حالات میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ CoVID-19 کے دوران ہندوستان کی ویکسین ڈپلومیسی یکجہتی پر مبنی ردعمل کی ایک مثال ہے جس نے شمال۔ جنوب کی کوششوں کی تکمیل (یا اس سے خالی جگہ کو پُر کیا)۔ اس نے SSC ممالک کو موسمیاتی تبدیلی، وبائی امراض اور قرض کی پریشانی جیسے اوور لیپنگ بحرانوں کا مقابلہ کرنے میں بھی مدد فراہم کی ہے۔ بڑھتی ہوئی ساؤتھ۔ ساؤتھ تجارت اور سرمایہ کاری (چین۔ افریقہ، ہندوستان۔ آسیان) شمال کی مرکزیت کا مقابلہ کرتے ہوئے عالمی اقتصادی کشش ثقل کو بھی بدل دے گی۔

بہت سے جنوبی ممالک نے مغرب کی طرف سے امداد کو اثر ورسوخ کے ایک آلے کے طور پر استعمال کرنے کے بارے میں خدشات کا اظہار بھی کیا ہے، جس کا تعلق گورننس یا پالیسی اصلاحات سے منسلک ہے۔ SSC ایک جوابی ماڈل پیش کرتا ہے، جو غیر مشروط اور خودمختاری کا احترام کرنے والا ہے۔

ترقی پذیر ممالک کی ہائی ٹیک برآمدات کا تقریباً 60 فی صد گلوبل ساؤتھ کے ساتھ ہوتا ہے، جو روایتی شمالی۔ جنوبی بہاؤ سے آگے بڑھتے ہوئے انٹرا ساؤتھ اقتصادی باہمی انحصار کی نشاندہی بھی کرتا ہے۔ انٹرنیشنل سولر الائنس (ISA) جیسے اقدامات میں ہندوستان جیسی جنوبی طاقتوں کا عروج اس تصور کو چیلنج کرتا ہے کہ ترقی کی قیادت اور حل عالمی شمال سے آنا چاہیے۔

اس طرح، ایک مضبوط اور متحد گلوبل ساؤتھ، ایک قابل اعتماد قیادت کے ساتھ، اور عالمی حکمرانی میں مساوی شرکت اقوام متحدہ کی تنظیموں سے امریکی فیصلے سے پیدا ہونے والے خلا کو پُر کر سکتی ہے۔ واسودھائیوا کٹمبکم ("ایک دنیا، ایک خاندان، ایک مستقبل") کے ہندوستانی اخلاق سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، ہندوستان شمولیت اور توازن کے ساتھ جنوبی ترجیحات کو فروغ دے سکتا ہے۔ اس کی قیادت گلوبل ساؤتھ کو ایک غیر فعال آواز سے ایک نئے عالمی نظام کو تشکیل دینے والے ایک فعال اور بااثر عالمی رہنما ملک میں تبدیل ہونے میں ہندوستان کی مدد کر سکتی ہے۔

نکاح کا اسلامی تصور: ایک جامع مطالعہ

شمیم اکرم رحمانی

خالق کائنات نے دیگر جانداروں کی طرح انسان کو بھی نر اور مادہ میں تقسیم فرمایا ہے، اور دونوں کے درمیان ایک دوسرے کے لیے فطری کشش رکھی ہے جس کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ مرد عورت کی طرف اور عورت مرد کی طرف مائل ہو، اور دونوں ایک دوسرے کے قریب آنا چاہیں۔ چنانچہ یہ ایک طے شدہ حقیقت بھی ہے کہ مرد وعورت کے درمیان یہ میلان انسانی فطرت کا حصہ ہے۔ البتہ اگر اس فطری میلان کو بے محابا اور بے لگام چھوڑ دیا جاتا تو دنیا سے امن وسکون غارت ہو جاتا۔ لہذا ضروری تھا کہ اس فطری تقاضے کی تکمیل کے لیے کوئی ایسی راہ متعین کی جائے جو انسانی تقدس اور شرافت کے شایان شان ہو۔ چنانچہ خالق کائنات نے اس مقصد کی تکمیل کے لیے نکاح کے ذریعے ایک مقدس اور باوقار رشتہ قائم فرمایا، جس کے تحت مرد اور عورت ایک ذمہ دارانہ تعلق میں بندھ کر شوہر اور بیوی بننے کا اعزاز حاصل کرتے ہیں۔

نکاح محض فطری خواہشات کی تکمیل کا ذریعہ نہیں، بلکہ انسانی معاشرے کی بقا، استحکام اور اخلاقی پاکیزگی کی ضمانت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے تقریباً تمام مذاہب میں نکاح یا ازدواجی رشتے کا کوئی نہ کوئی تصور موجود ہے۔ تاہم مذہب اسلام کا امتیاز یہ ہے کہ اس نے نکاح کو عبادت کا درجہ دیا ہے جو فی الواقع راہبوں اور جوگیوں کے اس نظریے کے خلاف ہے جو انسان کو اس بات کا پابند بناتا ہے کہ وہ فطری جذبات کو کچل کر ہی خدا کا قرب حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح اسلام کا پیش کردہ تصور نکاح دور حاضر کی جدید فکر سے بھی متصادم ہے جو مرد وعورت کے درمیان جنسی تعلقات کے قیام کے لیے آپسی رضامندی کے علاوہ کوئی اور شرط عائد کرنا ضروری نہیں سمجھتا۔ اسلام ان دونوں انتہاؤں کے برعکس ایک متوازن، فطری اور باوقار راستہ پیش کرتا ہے، جس میں فطرت کی تسکین بھی ہے اور انسانی شرافت کا مکمل پاس ولحاظ بھی ہے۔

اسلامی تعلیمات کے مطابق مرد وعورت کے درمیان تعلق کے لیے نکاح ضروری ہے جو فی الواقع ایک سوشل اگریمنٹ ہے، یہی وجہ ہے کہ انعقاد نکاح کے لئے ایجاب وقبول لازم ہے ساتھ ہی ایجاب وقبول کی مجلس میں دو عاقل بالغ مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں کا گواہ کی حیثیت سے موجود رہنا بھی شرط ہے۔ تاہم یہ اگریمنٹ چونکہ عام اگریمنٹ کی طرح نہیں ہے بلکہ اس کی حیثیت عبادت کی بھی ہے اسی لیے اس میں خطبہ نکاح کا پڑھنا مسنون قرار دیا گیا ہے، اہل علم نے واضح کیا ہے کہ نکاح کے بعد مہر کی ادائیگی واجب ہے، اور شوہر کی ذمہ داری ہے کہ وہ طے شدہ مہر بیوی کو دے۔ مہر ادائیگی صحیح معنوں میں عورت کے احترام اور اس کی دلجوئی کے لئے واجب قرار دیا گیا ہے، اگرچہ مہر کو معجل اور مؤجل کے خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے، لیکن معجل (فوراً ادائیگی) مستحسن ہے۔ اسی طرح شب زفاف کے بعد ولیمہ بھی مسنون ہے۔ رسالت مآب ﷺ نے ولیمہ کرنے کی ترغیب دی ہے، اس لیے کہ ولیمہ کی وجہ سے جہاں نکاح کی تشہیر ہوتی ہے، وہیں متعدد افراد ایک جگہ جمع ہو کر کھاتے ہیں جس سے معاشرے میں محبت کی فضا پروان چڑھتی ہے؛ تاہم ولیمہ بھی اپنی حیثیت کے مطابق ہی کرنا چاہیے، اسراف اور فضول خرچی یہاں بھی شرعاً ناپسندیدہ عمل نہیں ہے۔

نکاح کرنا صرف سنت نہیں ہے بلکہ نکاح کی شرعی حیثیت افراد کے احوال کے پیش نظر بدلتی رہتی ہے۔ اہل علم کی وضاحت کے مطابق بعض صورتوں میں نکاح مباح ہے، بعض میں مستحب وسنت ہے، بعض میں واجب ہے، اسی طرح بعض حالتوں میں نکاح مکروہ ہے اور بعض میں حرام ہے۔ البتہ فقہاء کرام نے صراحت کی ہے کہ ایک معمول کی حالت (حالتِ اعتدال) میں نکاح کرنا سنت ہے، جس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے رسالت مآب ﷺ نے ایک موقع پر نوجوانوں کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا کہ: "تم میں سے جو لوگ نکاح کرنے کی استطاعت رکھتے ہوں، انہیں ضرور نکاح کرنا چاہیے، اس لیے کہ نکاح بدنظریوں سے حفاظت کا ذریعہ اور خواہشات کو لگام دینے کا وسیلہ ہے'۔

رشتہ نکاح میں پائیداری مقصود ہے، اسی لیے نکاح میں کسی متعینہ وقت کی شرط لگانا جائز نہیں ہے۔ بعض مصالح کے پیش نظر گرچہ اسلام کے ابتدائی عہد میں متعینہ وقت تک کے لیے نکاح کرنے کی گنجائش تھی، تاہم بعد میں اس گنجائش کو ختم کر دی گئی ہے اور اب قیامت تک کے لیے نکاح متعہ اور نکاح موقت ممنوع ہے۔ اسی طرح دور حاضر میں رائج نکاح مسیار بھی درست نہیں ہے۔ نکاح میں پائیداری اتنی اہم شے ہے کہ اس کے لیے اسلام نے کفائت کا تصور پیش کیا ہے، جس کے تحت اسلام چاہتا ہے کہ زوجین میں ایک حد تک مساوات ہو یہ بات صحیح ہے کہ اصل کفائت دینداری ہی میں ہے، اور اسی وجہ سے بعض علماء نے لکھا ہے کہ کفو کا ترک کرنا ہی مستحب ہے، تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ لاکھ جتن کے باوجود عام انسانوں میں دین کی وہ اسپرٹ پیدا ہونا مشکل ہے جو تمام فرق کو مٹا دے، اسی لیے وہ تمام امور جو معاشرتی زندگی میں اثر انداز ہوتے ہیں ان میں کفائت کا خیال کرنا چاہیے۔ ماضی قریب کے نامور فقیہ قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ کفائت کا مفہوم سمجھانے کے لیے "میچنگ" (Matching) کا لفظ استعمال کرتے تھے، جو میرے خیال میں اسلام کے پیش کردہ تصور کفائت کا سب سے اچھا ترجمہ ہے۔ اسلام نے نکاح کو پائیدار ہی بنانے کی غرض سے شوہر اور بیوی کے حقوق متعین کیے ہیں، جن کی تفصیلات سے واقف ہونا زوجین کے لیے نہایت ضروری ہے۔ تاہم اگر بات اختصار کے ساتھ کی جائے تو یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ قرآن مجید نے مرد کو قوام قرار دیا ہے اور نان ونفقہ کی ذمہ داری کے ساتھ بیوی کی حفاظت اور اس کے ساتھ حسن سلوک کو شوہر کے فرائض میں شامل کیا ہے۔ دوسری جانب بیوی کی ذمہ داری متعین کرتے ہوئے اسے شوہر کی اطاعت، گھر کی حفاظت اور شوہر کے ساتھ وفادار رہنے کا پابند بنایا ہے۔ اس طرح سے اسلام نے زوجین کو یہ احساس دلایا ہے کہ حقوق کی ادائیگی زوجین کے رشتے کو، مودّت اور رحمت کا گہوارہ بنا سکتی ہے۔

بعض لوگ بہت آسانی سے چار شادیوں کی بات کرتے ہیں، بلکہ پڑوسی ملک کے ایک مشہور عالم دین تعدد ازدواج کی خوب ترغیب دیتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ اس کے نتیجے میں بہت سی برائیوں پر قابو پایا جا سکتا ہے، لیکن وہ بھول جاتے ہیں کہ اگر عام لوگ ان کے اس فلسفے پر عمل کرنا شروع کریں گے تو برائیوں پر قدغن لگے یا نہ لگے، لیکن تعدد ازدواج پر عمل کرنے والوں کا اپنا گھر جہنم ضرور بنے گا۔ یہی وجہ ہے کہ تعدد ازدواج کو اسلام نے واجب، سنت اور مستحب نہیں قرار دیا بلکہ صرف جائز قرار دیا ہے جس کی بہت سی مصلحتیں ہیں، اہل علم اچھی طرح جانتے ہیں کہ قرآن مجید میں جہاں تعدد ازدواج کی اجازت موجود ہے، وہاں وضاحت کے ساتھ اس اجازت کو عدل کی شرط کے ساتھ مشروط قرار دیا گیا ہے، جس پر عمل کرنا عام انسان کے بس کی بات قطعاً نہیں ہے۔ لہذا عام حالت میں لوگوں کو ایک پر ہی اکتفا کرنا چاہیے، اور اچھی بات یہ ہے کہ اسی پر عمل بھی ہے۔

اسلام کے پیش کردہ تصور نکاح میں ہلدی، بارات، جہیز جیسی کسی رسم کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ حضرت فاطمہؓ کو بقدر ضرورت جہیز کا سامان رسالت مآب ﷺ نے دیا تھا، انہیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ جو بھی سامان دیا تھا وہ حضرت علیؓ ہی کی زرہ کو فروخت کر کے دیا تھا، وہ بھی اس لیے کہ آپ ﷺ جس طرح حضرت فاطمہؓ کے سرپرست تھے، اسی طرح حضرت علیؓ کے بھی سرپرست تھے۔ اگر جہیز دینا مقصود ہوتا تو دیگر صاحبزادیوں کو بھی ضرور دیتے۔ یہ حقیقت ہے کہ اسلام کے پیش کردہ تصور نکاح میں لڑکی اور اس کے سرپرست پر کسی خرچ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے، اور نہ فریقین میں سے کسی کے لیے کوئی فضول خرچی کی گنجائش ہے۔ یہ بات بلاشبہ صحیح ہے کہ نکاح کا موقع خوشی کا موقع ہے، لیکن یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ اسلام خوشی کے دائرے کو مباحات کے حدود میں ہی انجام دینے کی تعلیم دیتا ہے، لہذا نکاح کی تقریب میں بھی خوشی کے نام پر ایسے کسی عمل کو جائز نہیں قرار دیا جا سکتا جو اسراف کا یا عام انسانوں کو پریشانیوں میں مبتلا کرنے کا ذریعہ بنے، اس کے معنی یہ ہوئے کہ شادی کے موقع پر بھی پٹاخے چھوڑنا اور ڈی جے بجانا اور سڑک پر ہلڑ بازی کرنا اسلامی اقدار کے یکسر خلاف ہے۔

لہذا اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارا معاشرہ اخلاقی انتشار سے بچے، تو ہمیں نکاح کی تقریبات کو مسجد کی سادگی، مہر کی ادائیگی اور مسنون ولیمہ تک محدود کرنا ہوگا۔ یہ نہ صرف وقت کا تقاضا ہے، بلکہ ہماری دینی ذمہ داری ہے کہ ہم جہیز اور نام نہاد بارات جیسی فرسودہ رسومات کو خیرباد کہہ کر اس نبوی سنت کو اتنا آسان بنا دیں کہ ہر نوجوان لڑکے اور لڑکی کے لیے پاکیزہ زندگی گزارنا ممکن ہو سکے۔ اگر خرچ کرنا ہی ہو تو شادی کے بجائے ان امور میں اپنے پیسے خرچ کریں جہاں خرچ کرنے کی ترغیب اسلام دیتا ہے۔ یہ انتہائی تکلیف دہ المیہ ہے کہ مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد شادی کے موقع پر حرام اور ناجائز کاموں کی انجام دہی کے لیے کروڑوں روپے اڑا دیتی ہے، لیکن دین، مذہب، تعلیم اور سماجی فلاح وبہبود کے نام پر اگر خرچ کی بات آتی ہے تو انہیں سانپ سونگھ جاتا ہے، بلکہ زکوٰۃ کی ادائیگی جو فرض ہے وہ بھی حساب کر کے ادا نہیں کرتی، لہذا صورتحال کا تقاضہ ہے کہ سماجی خدمت گار، علماء، ملی تنظیموں کی ذمہ داران آسان، مسنون اور شرعی نکاح کی مہم وقفے وقفے سے چلاتے رہیں تاکہ نکاح کا اسلامی تصور دنیا میں نظر آئے۔

انڈیگو ایئر لائنز پر 22 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد

نئی دہلی 18 جنوری: ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سول ایوی ایشن (ڈی جی سی اے) نے دسمبر کے پہلے ہفتے میں انڈیگو کی پروازوں میں پڑنے والے خلل کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر ایئر لائن پر 22.20 کروڑ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے اور ایک افسر کو عہدے سے ہٹانے کی ہدایت دی ہے۔ ایئر لائنز کا کہنا ہے کہ اسے حکم نامہ موصول ہو گیا ہے اور وہ اس کے مطابق اقدامات کرے گی۔ گزشتہ 3 دسمبر سے 5 دسمبر کے درمیان انڈیگو کی 2,507 پروازیں منسوخ ہوئی تھیں اور 1,852 پروازوں میں تاخیر ہوئی تھی۔ اگرچہ اس کے بعد بھی بڑے پیمانے پر خلل جاری رہا، لیکن ڈی جی سی اے نے اپنی کارروائی کے لیے صرف ان تین دنوں کو بنیاد بنایا ہے۔ تحقیقاتی کمیٹی نے 26 دسمبر کو اپنی رپورٹ پیش کی تھی۔ انڈیگو کے چیئرمین وکرم سنگھ مہتا نے کمپنی کے اسٹیک ہولڈرز اور صارفین کے نام جاری پیغام میں کہا ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز اور انتظامیہ ڈی جی سی اے کے حکم کا مکمل نوٹس لے گی اور بروقت مناسب اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایئر لائنز نے اپنے اندرونی عمل کی مضبوطی کا جائزہ لینا بھی شروع کر دیا ہے تاکہ انڈیگو مستقبل میں مزید مضبوط ہو کر ابھرے۔ ڈی جی سی اے نے انڈیگو کے سی ای او پیٹر البرز کو تنبیہ کر کے چھوڑ دیا ہے جبکہ چیف آپریٹنگ آفیسر اسیڈور پورکرس کو ونٹر شیڈول اور فلائٹ ڈیوٹی سے متعلق نئے قوانین کے اثرات کا اندازہ لگانے میں ناکامی پر وارننگ جاری کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی، کمپنی کے سینئر نائب صدر (آپریشنز کنٹرول سینٹر) جیسن ہرٹر کو موجودہ ذمہ داریوں سے فارغ کرنے اور آئندہ کوئی بھی ذمہ دارانہ عہدہ نہ دینے کا حکم دیا گیا ہے۔ کمپنی کے ڈپٹی چیف آف فلائٹ آپریشنز، ایڈیشنل وائس پریذیڈنٹ (کرو ریسورس مینجمنٹ) اور ڈائریکٹر فلائٹ آپریشنز کو بھی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ انڈیگو سے 50 کروڑ روپے کی بینک گارنٹی جمع کرانے کے لیے بھی کہا گیا ہے۔ جیسے جیسے کمپنی ڈی جی سی اے کی ہدایات کے مطابق اہداف حاصل کرتی جائے گی، بینک گارنٹی کی رقم اسے واپس ملتی جائے گی۔ ڈی جی سی اے نے شہری ہوابازی سے متعلق شرائط کی چھ دفعات کی خلاف ورزی کرنے پر 30-30 لاکھ روپے کے الگ الگ جرمانے عائد کیے ہیں۔ وہیں، 5 دسمبر سے 10 فروری تک (68 دن کے لیے) کمپنی کو فلائٹ ڈیوٹی کے جس اصول میں چھوٹ دی گئی ہے، اس کے لیے روزانہ 30 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ اس طرح کل 22.20 کروڑ روپے کا جرمانہ بھرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ ڈی جی سی اے نے کہا ہے کہ اگر ایئر لائن اپنی اندرونی تحقیقات میں کسی دوسرے اہلکار کو بھی قصوروار پاتی ہے تو وہ اس کے خلاف بھی کارروائی کر سکتی ہے۔ تحقیقاتی کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ انڈیگو کی انتظامیہ نے عملے کے ارکان، طیاروں اور نیٹ ورک کے وسائل کے زیادہ سے زیادہ استعمال پر پوری توجہ مرکوز رکھی، جس سے روسٹر میں پروازوں میں تاخیر یا ہنگامی صورتحال کے لیے کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ عملے کا روسٹر اس طرح تیار کیا گیا تاکہ ان کی ڈیوٹی کے دورانیے کو زیادہ سے زیادہ کیا جا سکے۔ اس سے آپریشنل لچیلا پن ختم ہو گیا۔ کمیٹی نے تحقیقات میں پایا کہ 'انڈیگو بحران' کی بنیادی وجوہات یہ تھیں کہ ایئر لائن نے قوانین میں تبدیلی کے مطابق مکمل تیاری نہیں کی تھی۔ اس کے علاوہ سسٹم سافٹ ویئر سپورٹ، انتظامی ڈھانچے اور آپریشنل کنٹرول میں بھی خامیاں تھیں۔

مہاراشٹر کارپوریشن الیکشن میں عمران پرتاپ گڑھی جہاں بھی پہنچے، وہاں کانگریس کو ملی کامیابی

نئی دہلی 18 جنوری: ممبئی میونسپل کارپوریشن کے انتخابات کے نتائج نے واضح کر دیا کہ شہر کے لوگوں پر کانگریس پارٹی کے فعال نوجوان رکن پارلیمنٹ عمران پرتاپ گڑھی کا جادو سر چڑھ کر بولا۔ کانگریس کے اقلیتی شعبہ کے چیئرمین اور راجیہ سبھا کے رکن عمران پرتاپ گڑھی کے ذریعہ دن رات کی گئی محنت نے واضح کر دیا کہ ملک کی عوام، بالخصوص نوجوان نسل عمران پرتاپ گڑھی پر بھروسہ کرتی ہیں اور انہیں پسند کرتی ہیں۔ انتخابی نتائج کے بعد اعداد و شمار نے واضح کر دیا کہ کانگریس کارپوریٹرس نے ممبا دیوی میں تمام 4 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی، جہاں عمران پرتاپ گڑھی نے مہم چلائی تھی۔ ملاڈ میں چاروں کارپوریٹرس جیت گئے۔ واضح رہے کہ عمران پرتاپ گڑھی کانگریس پارٹی کی جانب سے مہاراشٹر سے راجیہ سبھا کے رکن ہیں۔ جب عمران اکولہ گئے تو اویسی اور بی جے پی نے کانگریس کو ہرانے کے لیے انتھک محنت کی، لیکن اس کے بعد بھی کانگریس کے کارپوریٹرس کی تعداد 12 سے بڑھ کر 21 ہو گئی۔ ناندیڑ میں، وہ سیٹ جہاں مہاراشٹر کے سابق وزیر اعلیٰ اشوک چوان اور اسد الدین اویسی نے عبدالغفار کو شکست دینے کے لیے پوری طاقت جھونک دی تھی، عمران پرتاپ گڑھی نے ایک بڑی ریلی نکالی اور اویسی کو چیلنج دے کر کہا کہ غفار تو جیتے گا، اور جب نتیجہ سامنے آیا تو وہ مزید 3 میونسپل کونسلرز کو الیکشن جتا لے گئے۔ کانگریس نے ناگپور کی چاروں سیٹوں پر بھی کامیابی حاصل کی جس کے لیے عمران پرتاپ گڑھی نے اپیل کی تھی۔ کانگریس نے احمد نگر کی سیٹ بھی جیت لی جہاں انہوں نے انتخابی مہم چلائی۔ اس کے بعد کانگریس نے امراوتی کی سیٹ جیتی جہاں عمران پرتاپ گڑھی نے انتخابی مہم چلائی اور اس کے قریب چاروں سیٹوں پر بھاری فرق سے کامیابی حاصل کی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ناندیڑ ہو یا اکولہ، اویسی 2 بار ہیلی کاپٹر سے ان تمام جگہوں پر گئے اور میٹنگیں کیں، لیکن عمران پرتاپ گڑھی کی صرف ایک ریلی نے ایسا ماحول بنا دیا کہ پوری طاقت لگانے کے بعد بھی اسد الدین اویسی غفار اور ساجد پٹھان کو شکست نہیں دے سکے۔ اے آئی ایم آئی ایم کے چیف اسد الدین اویسی جس طرح سے سیکولر پارٹی کے مسلم لیڈروں کو نشانہ بناتے ہیں اور انہیں شکست دینے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے ہیں، ایسے حالات میں عمران پرتاپ گڑھی نے جس ایمانداری سے فرقہ پرست طاقتوں کا مقابلہ کیا ہے، وہ قابل تعریف ہے۔ اس انتخابی نتائج کے بعد یقیناً مہاراشٹر کی سیاست میں عمران پرتاپ گڑھی کا قد کافی بڑا ہو گیا ہے۔

☆

بی ایم سی انتخابی نتائج سے مہاراشٹر کی سیاست میں ہلچل

ادھو ٹھاکرے کا فڑنویس اور ایکناتھ شندے پر حملہ

مہاراشٹر 18 جنوری: ممبئی سمیت مہاراشٹر کے 29 میونسپل کارپوریشن انتخابات (بی ایم سی) کے نتائج نے ریاست کی سیاست میں ہلچل مچا رکھی ہے۔ اب تک ممبئی میونسپل کارپوریشن پر شیوسینا (ٹھاکرے گروپ) کا غلبہ رہا ہے حالانکہ تازہ نتائج کے بعد سوال اٹھنے لگے ہیں کہ کیا ممبئی میں مراٹھی قیادت کی یہ روایت آئندہ بھی برقرار رہ پائے گی؟ اس دوران 'حرام کے پیسوں کی کھنکھناہٹ' سرخی کے ساتھ 'سامنا' میں شائع ایک مضمون میں بھی ایسے ہی الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ 'اے بی پی' نیوز کی رپورٹ کے مطابق مہاراشٹر میں بلدیاتی انتخابات کے نتائج کے بعد اپوزیشن جماعتوں نے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ شیوسینا (ادھو گروپ) اور اس کے اتحادیوں کا دعویٰ ہے کہ بڑے پیمانے پر انتخابات میں طاقت اور پیسے کا استعمال ہوا۔ ووٹر لسٹوں سے نام حذف ہونے، سیاہی سے متعلق بے ضابطگیوں اور انتظامی تعصب جیسے سنگین الزامات لگائے گئے ہیں۔ وہیں 'سامنا' میں مراٹھی شناخت، ایکناتھ شندے اور بی جے پی پر سخت حملہ کیا گیا ہے۔ 'سامنا' کے شائع اداریے میں کہا گیا ہے کہ شیوسینا نے ممبئی کو 23 میئر دیئے، یہ سبھی میئر کٹر مراٹھی تھے۔ کیا یہ روایت آگے بھی جاری رہے گی؟ ایسے سوالات اٹھے اور ممبئی میں ایسے ہی نتائج سامنے آئے۔ مراٹھی شناخت، مراٹھی وقار کی شکست ایکناتھ شندے، دیویندر فڑنویس، آشیش شیلار اور امیت ستم جیسے مراٹھی لوگوں کی وجہ سے ہوئی جس میں انہیں الیکشن کمیشن کا پورا ساتھ ملا۔ 'سامنا' کے اداریے میں کہا گیا ہے کہ بی جے پی کے لوگ دعویٰ کرتے ہیں کہ مہاراشٹر میں لہر ہے لیکن یہ لہر نہیں بلکہ اقتدار اور بدعنوان پیسوں کی لعنت ہے۔ بی جے پی اور شندے گروپ نے اس کرپٹ پیسے کے زور پر ممبئی پر قبضہ کرنے کے لیے کیا نہیں کیا؟ الیکشن کمیشن نے بھی اس الیکشن میں بہت گڑبڑیاں کیں۔ مراٹھی علاقوں میں ووٹروں کے نام ہٹا دیے گئے۔ انگلیوں سے سیاہی مٹانے کا انتظام کیا گیا۔ اداریہ میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ سب جانتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے درمیان سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور اجیت پوار کے درمیان الزامات اور جوابی الزامات منظر عام پر آ چکے ہیں۔ بلدیاتی انتخابات بھلے ہی ختم ہو گئے ہوں لیکن مہاراشٹر کی سیاست میں ایسے اشارے مل رہے ہیں کہ ریاست میں حقیقی سیاسی لڑائی اب شروع ہونے والی ہے۔

جن سادھارن آواس یوجنا کے فیز 3 کے پہلے دن تمام ڈی ڈی اے فلیٹس بک

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) دہلی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی اے) نے جن سادھارن آواس یوجنا 2025- کے تیسرے مرحلے کے لیے بکنگ کے پہلے دن تمام 679 فلیٹوں کی بکنگ کا عمل مکمل ہو گیا۔ بکنگ 15 جنوری کو شروع ہوئی۔ یہ فلیٹس کئی علاقوں میں فروخت ہوئے، جن میں نریلا اے-1 (496 فلیٹ)، نریلا جی 7/8- (130 فلیٹس)، روہنی (50 فلیٹس) اور ناصر پور (3 فلیٹس) شامل ہیں۔ نریلا شمالی دہلی میں ڈی ڈی اے کے اہم رہائشی مقامات میں سے ایک ہے، جہاں بڑے پیمانے پر رہائشی ترقی جاری ہے، جو بستی، منصوبہ بند عمارتوں اور مستقبل کے لیے تیار ہونے والی پیش رفت پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ ڈی ڈی اے کے ایک اہلکار نے بتایا کہ فیز 3 سے کل تخمینی آمدنی تقریباً 86.81 کروڑ روپے ہے۔ ایک اہلکار نے کہا کہ "یہ ڈی ڈی اے کے سستی رہائش کے اقدامات پر عوام کے مضبوط اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ علاقے کو منصوبہ بند شعبے کی ترقی، وسیع سڑکوں کے نیٹ ورک، صنعتی علاقوں اور تعلیمی اداروں کے قریب اور دہلی کے ماسٹر پلاننگ فریم ورک کے اندر طویل مدتی شہری توسیع کی اہم صلاحیت سے فائدہ ہوتا ہے۔ "انہوں نے مزید کہا کہ "نریلا اے-1 اے 4 اور جی 7-جی 8- میں فلیٹوں کے لیے زبردست رسپونس نریلا کی ابھرتے ہوئے رہائشی مرکز کے طور پر بڑھتی ہوئی مقبولیت کو مزید اجاگر کرتا ہے۔ عوامی مطالبات اور پالیسی مقاصد کے مطابق مزید ہاؤسنگ پروجیکٹس شروع کیے جاتے رہیں گے۔

دہلی-این سی آر پھر زہریلی ہوا اور کہرے میں گرفتار 466 پہنچ گیا اے کیو آئی، ہوائی اڈے سے سڑک تک اثر

نئی دہلی 18 جنوری: قومی راجدھانی اور این سی آر ایک بار پھر زہریلی ہوا اور شدید کہرے کی زد میں ہیں۔ اتوار کی صبح سے راجدھانی کو اسموگ اور کہرے نے اپنی گرفت میں لے رکھا ہے جس کی وجہ سے کئی علاقوں میں حد بصارت صفر تک پہنچ گئی ہے۔ صورتحال اس قدر خراب ہے کہ سڑک، ریل اور ہوائی ٹریفک سبھی متاثر ہیں۔ سڑکوں پر گاڑیاں رینگتی نظر آ رہی ہیں۔ بارا پلا فلائی اوور، نظام الدین، آئی ٹی او، موتی باغ اور ڈی این ڈی فلائی اوور کے آس پاس کے علاقوں سے آنے والی تصاویر میں صاف طور پر دیکھا جا رہا ہے کہ دہلی دھوئیں اور کہرے کے ساتھ زہریلی ہوا سے گھری ہوئی ہے۔ سینٹرل پولیوشن کنٹرول بورڈ (سی پی سی بی) کے مطابق موتی باغ علاقے میں اے کیو آئی 466 درج کیا ہے جو 'شدید' زمرے میں آتا ہے۔ اسی طرح آئی ٹی او میں اے کیو آئی 443 درج کیا گیا، یہ بھی 'شدید' زمرے میں ہے۔ حالات بگڑنے کے بعد دہلی-این سی آر میں ایک بار پھر جی آر اے پی کے تحت سخت پابندیاں نافذ کر دی گئی ہیں۔ اتوار کی صبح راجدھانی کے ساتھ ساتھ پورا شمالی ہندوستان شدید کہرے کی زد میں ہے۔ آج علی الصبح شدید کہرے کی وجہ سے حد بصارت بے حد کم ہو گئی۔ اس کا براہ راست اثر فلائٹ آپریشنز پر ؟را ہے جس کے سبب ایئر لائنز اور ایئر پورٹ حکام کو ٹریول ایڈوائزری جاری کرنے پر مجبور ہونا پڑا۔ شدید کہرے سے پروازوں کے شیڈول میں خلل پڑنے کا خدشہ ہے۔ ان حالات میں ایئر انڈیا نے کہا کہ کم حد بصارت میں گراوٹ پورے نیٹ ورک میں پرواز کے نظام الاوقات کو متاثر کر سکتی ہے۔ ایئر لائن نے مزید کہا کہ گراو ؟نڈ اسٹاف تاخیر، ڈائیورژن یا منسوخی کی صورت میں مسافروں کی مدد کرے گا۔ ایئر انڈیا کے فوگ کیئر اقدام کے تحت جن مسافروں کی پروازیں کہرے کی وجہ سے متاثر ہونے کا امکان ہے، انہیں پیشگی الرٹ دیا جائے گا۔ مسافر بغیر کسی اضافی چارج کے اپنی پروازوں کو دوبارہ شیڈول کر سکتے ہیں۔ اگر چاہیں تو پوری رقم کے ساتھ ٹکٹ منسوخ بھی کر سکتے ہیں۔ ایئر لائن نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہوائی اڈے سے نکلنے سے پہلے اپنی فلائٹ کی صورتحال چیک کریں اور روانگی کے لیے اضافی وقت لے کر نکلیں۔ ایئر انڈیا نے کہا کہ مسافروں اور عملے کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔ دہلی ایئر پورٹ اتھارٹی نے بھی مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ چیک ان اور سیکیورٹی کے لیے اضافی وقت رکھیں۔ یوم جمہوریہ کی تیاریوں کے پیش نظر سیکورٹی پہلے سے ہی سخت ہے۔ وہیں ہندوستان کے محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) کے مطابق ہفتہ کو دہلی میں کم سے کم درجہ حرارت 4.4 ڈگری سیلسیس رہا جو معمول سے 3.2 ڈگری کم ہے۔ دن میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24.6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا جبکہ شام 6 بجے ہوا میں نمی کا تناسب 72 فیصد رہا۔

دہلی میٹرو نے سنٹرل وسٹا منصوبے کے بجلی سب اسٹیشن کا کام مکمل کیا

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) دہلی میٹرو ریل کارپوریشن (ڈی ایم آر سی) نے حال ہی میں مرکزی حکومت کے "سنٹرل وسٹا پروجیکٹ" کے حصے کے طور پر پارک اسٹریٹ میں واقع الیکٹرک ریسیونگ سب اسٹیشن (آر ایس ایس) کی منتقلی اور دوبارہ تعمیر کا کام مکمل کر لیا ہے۔ ڈی ایم آر سی کے حکام نے اتوار کو بتایا کہ اس سے مرکزی میٹرو کوریڈور کو بلا رکاوٹ بجلی کی فراہمی یقینی ہوگی اور دارالحکومت میں بننے والی ڈھانچوں کو مدد ملے گی۔ پارک اسٹریٹ ریسیونگ سب اسٹیشن اصل طور پر 2010 میں دہلی میٹرو کے فیز [؟] 2 کے دوران ڈی ایم آر سی ایئر پورٹ لائن اور لائن [؟] 6 (وائلٹ لائن) کو بجلی فراہم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا۔ سال 2021-22 کے دوران سنٹرل وسٹا منصوبے کی تعمیر کو آسان بنانے کے لیے اس سہولت کو ہٹا دیا گیا تھا۔ سی پی ڈبلیو ڈی کی جانب سے دی گئی دوسری زمین پر 2023 میں ایک نئے ریسیونگ سب اسٹیشن کی تعمیر شروع ہوئی، جو دسمبر 2025 میں مکمل ہو گئی۔ اس میں اندر پرستھ سے آر کے آشرم مارگ تک کی سنٹرل وسٹا میٹرو لائن کی بجلی کی ضروریات کا پورا خیال رکھا گیا ہے۔ یہاں تمام اہم موجودہ برقی آلات دوبارہ نصب اور فعال کیے گئے ہیں، جن میں 66 کے وی پاور ٹرانسفارمر، 66 کے وی جی آئی ایس پینل، 33 کے وی پینل اور 25 کے وی جی آئی ایس پینل شامل ہیں۔

دہلی سے باگڈوگرا جانے والی پرواز کو بم کی دھمکی، لکھنؤ ہوائی اڈے پر ہنگامی لینڈنگ

نئی دہلی 18 جنوری: دہلی سے مغربی بنگال کے باگڈوگرا جانے والی انڈیگو ایئر لائنز کی ایک پرواز میں بم ہونے کی اطلاع کے بعد اتوار کے روز شدید ہلچل مچ گئی۔ پرواز نمبر 6 ای 6650 کو احتیاطی اقدام کے طور پر لکھنؤ کے چودھری چرن سنگھ بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ہنگامی طور پر اتارا گیا۔ اطلاع ملتے ہی ہوائی اڈہ انتظامیہ، ایئر لائنز انتظامیہ اور مختلف حفاظتی ایجنسیاں فوراً الرٹ موڈ میں آ گئیں اور مسافروں کی حفاظت کو اولین ترجیح دی گئی۔ ذرائع کے مطابق انڈیگو کا یہ طیارہ دہلی سے باگڈوگرا کے لیے روانہ ہوا تھا کہ دوران پرواز بم کی دھمکی سے متعلق اطلاع موصول ہوئی۔ پائلٹ نے فوری طور پر ایئر ٹریفک کنٹرول کو صورت حال سے آگاہ کیا، جس کے بعد حفاظتی ضابطوں کے تحت طیارے کا رخ لکھنؤ کی جانب موڑ دیا گیا۔ ہوائی اڈے پر طیارے کی لینڈنگ سے قبل رن وے اور اطراف میں سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ طیارہ لینڈ کرتے ہی سیکورٹی اہلکاروں نے اسے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ بم ناکارہ بنانے والا دستہ، سی آئی ایس ایف اور دیگر متعلقہ ایجنسیاں موقع پر پہنچ گئیں۔ تمام مسافروں اور عملے کے ارکان کو منظم اور محفوظ طریقے سے طیارے سے باہر نکالا گیا۔ مسافروں کی مکمل جانچ کی گئی اور ان کے سامان کی باریک بینی سے تلاشی شروع کی گئی تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو بروقت روکا جا سکے۔ تلاشی کے دوران ہوائی اڈے پر کچھ وقت کے لیے بے چینی کی کیفیت رہی، تاہم سیکورٹی اداروں نے حالات کو قابو میں رکھا۔ مسافروں کو ایک محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا اور ان سے اپیل کی گئی کہ وہ افواہوں پر توجہ نہ دیں۔ ہوائی اڈہ انتظامیہ کی جانب سے پانی اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی گئیں تاکہ مسافروں کو کسی قسم کی دشواری نہ ہو۔ بم ناکارہ بنانے والے دستے نے طیارے کے اندر نشستوں، سامان رکھنے کے حصوں، کاک پٹ اور کارگو ایریا کی تفصیلی جانچ کی۔ ابتدائی تفتیش میں کوئی مشتبہ شے برآمد نہیں ہوئی، تاہم مکمل اطمینان کے بعد ہی اگلے اقدامات کیے گئے۔ اس واقعے کے باعث کچھ دیر کے لیے پروازوں کا نظام متاثر ہوا، لیکن بعد میں معمول بحال کر دیا گیا۔ سیکورٹی حکام کے مطابق دھمکی دینے والے کے سراغ کے لیے تفتیش جاری ہے اور جھوٹی اطلاع دینے والے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

ورلڈ بینک کی رپورٹ میں فضائی آلودگی سے سالانہ دس لاکھ اموات کا انکشاف، جے رام رمیش کا مودی حکومت سے سوال

نئی دہلی 18 جنوری: کانگریس کے سینئر رہنما جے رام رمیش نے فضائی آلودگی کے بڑھتے ہوئے بحران پر مرکزی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں ورلڈ بینک کی تازہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہند گنگی خطہ اور ہمالیائی دامن اس وقت ایک سنگین صحتی ایمرجنسی کی زد میں ہیں، جہاں فضائی آلودگی ہر سال تقریباً دس لاکھ افراد کی قبل از وقت موت کا سبب بن رہی ہے، مگر اس کے باوجود مودی حکومت اس بحران کو سنجیدگی سے لینے کے بجائے مسلسل انکار کی پالیسی پر قائم ہے۔ جے رام رمیش کے مطابق ورلڈ بینک کی رپورٹ 'اے بریتھ آف چینج' شواہد پر مبنی، جامع اور بالکل واضح ہے۔ رپورٹ میں اس بات کو نمایاں کیا گیا ہے کہ اس پورے خطے میں فضائی آلودگی نہ صرف انسانی صحت کے لیے شدید خطرہ بن چکی ہے بلکہ اس کے معاشی اثرات بھی نہایت سنگین ہیں۔ رپورٹ کے مطابق فضائی آلودگی کے باعث ہر سال علاقائی معیشت کو مجموعی گھریلو پیداوار کے تقریباً دس فیصد کے برابر نقصان اٹھانا پڑتا ہے، جو ترقی، روزگار اور سماجی بہبود پر براہ راست اثر ڈال رہا ہے۔ کانگریس رہنما نے کہا کہ رپورٹ اس حقیقت کو بھی اجاگر کرتی ہے کہ مسئلے کی نوعیت علاقائی ہے، جسے صرف شہروں یا انفرادی ریاستوں تک محدود منصوبہ بندی کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے مطابق فضائی آلودگی سے نمٹنے کے لیے ریاستوں کی سرحدوں سے بالاتر، قانونی اختیارات کے حامل فضائی خطوں پر مبنی نظام حکمرانی ناگزیر ہے، تاکہ آلودگی کے بڑے ذرائع پر مؤثر قابو پایا جا سکے۔ جے رام رمیش نے اپنی پوسٹ میں یہ بھی کہا کہ ورلڈ بینک کی رپورٹ واضح طور پر بتاتی ہے کہ کوئلہ سے چلنے والے پرانے بجلی گھروں، بڑھتی ہوئی گاڑیوں، ناقص ایندھن کے استعمال اور کمزور نفاذی نظام نے صورتحال کو مزید بگاڑ دیا ہے۔ ان کے مطابق ان مسائل کے حل کے لیے پرانے بجلی گھروں کی مرحلہ وار بندش، اخراجی قوانین پر سختی سے عمل، عوامی نقل و حمل کے نظام کی توسیع اور اسے برقی نظام سے جوڑنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کے بحران کے پیش نظر کانگریس مسلسل اس بات پر زور دیتی آ رہی ہے کہ ہوا آلودگی کے کنٹرول اور روک تھام سے متعلق انیس سو اکیاسی کے قانون اور دو ہزار نو کے قومی ماحولیاتی معیار کا ازسرنو جائزہ لیا جائے، خاص طور پر باریک ذرات پی ایم دو اعشاریہ پانچ کو مرکزی حیثیت دی جائے۔ ان کے مطابق نیشنل کلین ایئر پروگرام کو نہ صرف مالی اعتبار سے مضبوط بنایا جانا چاہیے بلکہ اس کا دائرہ کار بھی وسیع کیا جانا ضروری ہے، تاکہ حقیقی بہتری کو ناپا جا سکے۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ گھریلو ایندھن، صنعت، ٹرانسپورٹ، زرعی باقیات جلانا اور کچرے کے ناقص انتظام جیسے عوامل فضائی آلودگی کے بڑے اسباب ہیں۔ رپورٹ کے مطابق اگر حکومتیں شواہد پر مبنی پالیسی، مضبوط ادارہ جاتی ڈھانچے اور سخت نفاذ کو یقینی بنائیں تو فضائی معیار میں نمایاں بہتری ممکن ہے اور لاکھوں جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔ جے رام رمیش نے آخر میں سوال اٹھایا کہ جب حقائق اتنے واضح اور خطرے کی گھنٹی بج چکی ہے تو مودی حکومت کب تک اس سنگین صحتی بحران سے آنکھیں چرائے رکھے گی۔

پرینکا گاندھی نے مونی اماوسیہ کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ملک کی بھلائی کے لیے دعا کی

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا نے ہفتہ کو مونی اماوسیہ کے موقع پر ملک بھر کے لوگوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے تمام ہم وطنوں کی بھلائی کے لیے دعا کی۔ اپنے انسٹاگرام ہینڈل پر شیئر کیے گئے ایک پیغام میں محترمہ واڈرا نے کہا کہ "تپسیا، تیاگ، مراقبہ اور دان کے لیے وقف مونی اماوسیہ کے مقدس تہوار پر آپ سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد۔ نجات دینے والی ماں گنگا، ملک کے تمام شہریوں کو بھلائی عطا کرے۔ "ماگھ کے ہندو مہینے کے نئے چاند کے دن منائی جانے والی مونی اماوسیا خاص طور پر شمالی ہندوستان میں خاص مذہبی اہمیت رکھتی ہے۔ عقیدت مند روایتی طور پر مون رہ کر برت رکھتے ہیں، دان دیتے ہیں اور دریاؤں، خاص طور پر گنگا میں مقدس اسنان کرتے ہیں۔

ہندوستانی فضائیہ نے ''گروڑ کمانڈوز'' کے لیے میرون بیریٹ سیرمونیئل پریڈ کا انعقاد کیا

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) ہندوستانی فضائیہ (آئی اے ایف) کی خصوصی دستہ یونٹ "گروڑ" کے جوانوں کی تربیت کی کامیاب تکمیل کے موقع پر اتوار کو گروڑ رجیمنٹل ٹریننگ سینٹر (جی آر ٹی سی)، ایئر فورس اسٹیشن چنڈی نگر میں میرون بیریٹ سیرمونیئل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ پریڈ کا معائنہ ایئر اسٹاف آپریشنز (ایئر ڈیفنس) کے معاون سربراہ نے کیا۔ وزارت دفاع کے جاری کردہ بیان میں بتایا گیا کہ اس موقع پر گروڑ رجیمنٹل ٹریننگ سینٹر کے کمانڈنٹ نے تربیت سے متعلق مختلف پہلوؤں کی وضاحت کی۔ مہمان خصوصی نے کامیابی سے تربیت مکمل کرنے والے "گروڑ" جوانوں کو مبارکباد دی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے بدلتے ہوئے سلامتی کے منظرنامے کے مطابق خصوصی دستوں کے لیے سخت تربیت اور اعلیٰ درجے کی مہارت کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر کامیاب تربیت یافتہ جوانوں کو میرون بیریٹ، گروڑ پروفیشنسی بیج اور اسپیشل فورسز ٹیب عطا کیے گئے، جبکہ بہترین کارکردگی دکھانے والوں کو ٹرافیاں بھی دی گئیں۔ پاسنگ آؤٹ تقریب کے دوران گروڑ کمانڈوز نے جنگی فائرنگ، یرغمال بچاؤ آپریشن، فائرنگ ڈرل، اسالٹ ایکسپلوسیو، رکاوٹ عبور، دیوار پر چڑھائی، سلدرنگ، ریپلنگ اور فوجی مارشل آرٹس جیسے مہارتوں کا مظاہرہ کیا۔ میرون بیریٹ سیرمونیئل پریڈ "گروڑ "فورس کے لیے فخر اور کامیابی کا لمحہ ہے، جو نہایت مشکل تربیتی پروگرام کی کامیاب تکمیل اور تربیت یافتہ جوانوں کے "نوجوان خصوصی دستہ آپریٹرز "میں تبدیلی کو ظاہر کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ آپریشن "سندور "میں ہندوستانی فضائیہ کے خصوصی دستوں کے کردار کو مدنظر رکھتے ہوئے، نئے پاس آؤٹ خصوصی دستہ آپریٹرز آئی اے ایف کی نئی متعین کردہ خصوصی کارروائیوں کو انجام دینے کی صلاحیت کو مزید مضبوط کریں گے۔

تمل ناڈو کی اسٹالن حکومت نے 2.15 کروڑ خاندانوں کو دیا 'پونگل گفٹ'، کروڑوں روپے سے زیادہ کا ہوا نقد لین دین

تمل ناڈو 18 جنوری: تمل ناڈو کی اسٹالن حکومت نے رواں سال 97 فیصد اہل خاندانوں کے درمیان 'پونگل گفٹ' تقسیم کیے ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق کل 2.22 کروڑ اہل خاندانوں میں سے 2.15 کروڑ راشن کارڈ ہولڈرس کو حکومت کی اسکیم کا فائدہ ملا ہے۔ ریاست کے امداد باہمی وزیر کے آر پیریا کرپن نے اتوار کو ایک بیان میں کہا کہ 'پونگل گفٹ ہیمپر اسکیم' کے تحت نقد تقسیم کے لیے مختص 6687.5 کروڑ روپے میں سے اب تک 6453.54 کروڑ روپے تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ اس اسکیم پر عمل درآمد کی تعریف کرتے ہوئے وزیر نے کہا کہ اتنی بڑی مقدار میں نقد رقم کی تقسیم افسران کی منصوبہ بندی اور پبلک ڈسٹری بیوشن سسٹم (پی ڈی ایس) کے ملازمین کی سنجیدہ کوششوں کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ 8 جنوری کو شروع کی گئی 'پونگل گفٹ اسکیم' کے تحت ایک کلو کچا چاول، چینی اور ایک گنا کے ساتھ 3,000 روپے نقد دیا جاتا ہے۔ یہ فائدہ تمام راشن کارڈ ہولڈروں کو دیا جاتا ہے جس میں سری لنکائی تامل باز آبادکاری کیمپوں میں رہنے والے خاندان بھی شامل ہیں۔ ریاستی محکمہ امداد باہمی کے ایک سینئر افسر نے بتایا کہ راشن کی دکانوں پر ایک ہفتے میں 6,500 کروڑ روپے سے زیادہ کا نقد لین دین کیا گیا۔ ضلع کلکٹروں اور جوائنٹ رجسٹراروں کی نگرانی میں سینٹرل کوآپریٹو بینکوں سے لوکل سوسائٹیوں کو فنڈز منتقل کیے گئے اور مسلح پولیس تحفظ کے ساتھ فیئر پرائس دکانوں تک پہنچائے گئے۔ ہر راشن کی دکان عام طور پر 900 سے 1,100 کارڈ ہولڈرز کو سروس فراہم کرتی ہے جس میں ہر دکان پر 27-32 لاکھ روپے کا لین دین ہوتا ہے اور روزانہ 6-7 لاکھ روپے کا کاروبار ہوتا ہے۔ حالانکہ ریاست بھر میں تقریباً 6.7 لاکھ کارڈ ہولڈرز کو ابھی تک 'پونگل پیکج' نہیں ملا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ تہوار کے دوران مستفیدین کا اپنے گھروں سے باہر سفر کرنا ہے۔ ضلع وار اعداد و شمار میں بھی تضاد پائے گئے ہیں۔ جنوبی چنئی میں سب سے زیادہ زیر التوا مستفیدین درج کیے گئے جہاں 10.59 لاکھ اہل کارڈ ہولڈرز میں سے تقریباً 59,000 کو ابھی بھی پیکیج نہیں ملا ہے۔ دیگر اضلاع جن میں بڑی تعداد میں مستفیدین ابھی تک انتظار کر رہے ہیں ان میں مدورائی (44,000)، ترونیل ویلی (32,000) اور تھینی (22,000) شامل ہیں۔ اس کے برعکس دھرما پوری، تروپتر، آریالور، پیرمبلور اور پڈوکوٹائی جیسے اضلاع نے تقریباً 98 فیصد تقسیم حاصل کی ہے جہاں ہر ضلع میں 10 ہزار سے کم کارڈ ہولڈر ابھی تک اسکیم کے فوائد حاصل کرنے کے منتظر ہیں۔

گرین لینڈ پر ٹرمپ کے بیانات کے بعد گرین لینڈ اور ڈنمارک میں احتجاجی مظاہرے

کوپن ہیگن، 18 جنوری (یو این آئی) گرین لینڈ پر کنٹرول حاصل کرنے سے متعلق امریکی کوششوں اور بیانات کے خلاف ڈنمارک اور گرین لینڈ کے کئی شہروں میں بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے دیکھنے میں آئے ہیں۔ ڈنمارک کی راجدھانی کوپن ہیگن کے 'سٹی ہال اسکوائر' میں ہفتہ کے روز مقامی وقت کے مطابق دوپہر تقریباً 12 بجے (ہندوستانی وقت کے مطابق شام 4:30 بجے) لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی، جس نے امریکی سفارت خانے تک مارچ کیا۔ اس مظاہرے میں ڈنمارک اور گرین لینڈ دونوں کے شہری شریک تھے۔ ان کے ہاتھوں میں قومی پرچم تھے۔ اسی دوران گرین لینڈ کے دارالحکومت نوک میں بھی دوپہر سے ہی لوگ جمع ہونا شروع ہو گئے اور 'گرین لینڈ والوں کا ہے' 'گرین لینڈ گرین' کے نعرے لگائے گئے۔ اس مظاہرے میں گرین لینڈ کے وزیر اعظم جینس-فریڈرک نیلسن بھی شریک ہوئے۔ مظاہرین نے روایتی انوئٹ گیت گائے اور کئی افراد نے "میک امریکہ گو اوے" (امریکہ کو واپس بھیجو) تحریر والی ٹوپیاں پہن رکھی تھیں۔ ان مظاہروں کے دوران امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر اعلان کیا کہ امریکہ یکم فروری سے ڈنمارک، ناروے، سویڈن، فرانس، جرمنی، برطانیہ، نیدرلینڈز اور فن لینڈ سے درآمد ہونے والے تمام سامان پر 10 فیصد درآمدی محصول عائد کرے گا۔ مسٹر ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر گرین لینڈ کی خریداری سے متعلق کوئی معاہدہ نہ ہوا تو یکم جون سے اس محصول کو بڑھا کر 25 فیصد کر دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ گرین لینڈ، ڈنمارک کی سلطنت کے اندر ایک خود مختار علاقہ ہے، جس کی دفاع اور خارجہ پالیسی ڈنمارک حکومت کے اختیار میں ہے۔ مسٹر ٹرمپ نے اپنی پہلی مدت کار میں بھی اس جزیرے کو 'خریدنے' کی خواہش ظاہر کی تھی، لیکن اب وہ اسے حاصل کرنے کے لیے 'امریکی فوج کے استعمال' سمیت مختلف متبادل پر غور کر رہے ہیں۔ اس سے قبل بدھ کے روز واشنگٹن میں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ ڈنمارک اور گرین لینڈ کے وزرائے خارجہ کی ملاقات ہوئی تھی، جس میں گرین لینڈ کے مستقبل کے معاملے پر 'بنیادی اختلاف' برقرار رہا۔ دوسری جانب مسٹر ٹرمپ کی جانب سے درآمدی محصولات لگانے کی دھمکیوں پر نورڈک ممالک اور یورپی یونین نے سخت ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ ڈنمارک سمیت کئی یورپی ممالک نے اسے 'بلیک میل' اور 'ناقابلِ قبول' قرار دیتے ہوئے متحد ہو کر جواب دینے کی وارننگ دی ہے۔ ڈنمارک کے وزیر خارجہ لارس لوکے راسموسن نے اس دھمکی پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ یورپی کمیشن کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ ناروے کے وزیر اعظم جوناس گہر اسٹور اور فن لینڈ کے صدر الیگزینڈر اسٹب نے واضح کیا کہ اتحادیوں کے درمیان اختلافات کا حل دباؤ کے بجائے بات چیت سے ہونا چاہیے۔ سویڈن کے وزیر اعظم اُلف کرسٹرسن نے اسے براہِ راست 'بلیک میل' قرار دیتے ہوئے کہا کہ سویڈن ایسی دھمکیوں کے آگے نہیں جھکے گا۔ فرانس کے صدر ایمانوئیل میکرون اور برطانوی وزیر اعظم کیر اسٹارمر نے بھی مسٹر ٹرمپ کے قدم پر تنقید کی ہے۔ مسٹر میکرون نے کہا کہ یورپی ممالک اس پر مشترکہ ردِعمل دیں گے، جبکہ مسٹر اسٹارمر نے اس بات پر زور دیا کہ گرین لینڈ کے مستقبل کا فیصلہ ڈنمارک اور وہاں کے عوام کو کرنا چاہیے۔ یورپی کمیشن کی صدر ارسولا وان ڈیر لیئن نے خبردار کیا کہ اس طرح کے اقدامات سے ٹرانس اٹلانٹک تعلقات کو نقصان پہنچے گا۔ اسی دوران یورپی پارلیمنٹ میں امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدوں کو معطل کرنے اور 'دباؤ مخالف حکمتِ عملی' جیسے سخت تجارتی اقدامات کے استعمال کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ قبرص کی صدارت میں اتوار کے روز یورپی یونین کے 27 رکن ممالک کے سفیروں کی ہنگامی میٹنگ طلب کی گئی ہے۔

ٹرمپ کے ٹیرف میں اضافے سے ناراض یورپی ممالک متحد نظر آئے!

امریکہ 18 جنوری: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک بڑا اعلان کرتے ہوئے گرین لینڈ کو مکمل طور پر امریکہ میں شامل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس نے گرین لینڈ کی فروخت کی مخالفت کرنے والے ڈنمارک اور دیگر یورپی ممالک پر محصولات عائد کرنے کی دھمکی دی ہے۔ اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں ٹرمپ نے کہا کہ یکم فروری 2026 سے ڈنمارک، ناروے، سویڈن، فرانس، جرمنی، برطانیہ، نیدرلینڈز اور فن لینڈ سے امریکہ آنے والی تمام اشیا پر 10 فیصد اضافی ٹیرف عائد کیا جائے گا۔ اگر کوئی معاہدہ نہیں ہوتا ہے، تو یہ ٹیرف 1 جون 2026 سے بڑھا کر 25 فیصد کر دیا جائے گا۔ یہ ٹیرف اس وقت تک برقرار رہے گا جب تک گرین لینڈ کی "مکمل اور جامع خریداری" کے لیے کوئی معاہدہ نہیں ہو جاتا۔ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ گرین لینڈ امریکہ کی قومی سلامتی کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور روس کی اس آرکٹک خطے پر نظریں ہیں اور ڈنمارک اسے سنبھال نہیں سکتا۔ ٹرمپ نے پرانے 'گولڈن ڈوم' میزائل ڈیفنس سسٹم کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ گرین لینڈ کے بغیر مکمل طور پر کام نہیں کر سکتا۔ فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے ٹرمپ کی دھمکی کا براہ راست جواب دیا۔ میکرون نے ایکس پر لکھا کہ فرانس اقوام کی خودمختاری اور آزادی کے لیے پر عزم ہے۔ انہوں نے کہا، "نہ تو یوکرین میں، نہ گرین لینڈ میں، اور نہ ہی کسی اور جگہ دھمکی ہمیں متاثر کر سکتی ہے۔" میکرون نے ٹیرف کی دھمکیوں کو "ناقابل قبول" قرار دیا اور کہا کہ اگر یہ دھمکیاں سچ ثابت ہوئیں تو یورپی ممالک متحد اور مربوط انداز میں جواب دیں گے۔ وہ یورپی خودمختاری کا دفاع کریں گے۔ میکرون نے کہا کہ فرانس ڈنمارک کے ساتھ گرین لینڈ میں ہونے والی مشق میں حصہ لے رہا ہے، کیونکہ اس کا تعلق آرکٹک اور یورپ کی سرحدوں کی حفاظت سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد ہی دیگر یورپی شراکت داروں سے بات کریں گے۔ ٹرمپ نے 17 جنوری 2026 کو ایک پوسٹ کی۔ یورپی رہنماؤں نے متفقہ طور پر اس کی مخالفت کی ہے۔ ڈنمارک اور گرین لینڈ نے واضح طور پر کہا ہے کہ گرین لینڈ برائے فروخت نہیں ہے اور یہ فیصلہ صرف اور صرف ڈنمارک اور گرین لینڈ کے لوگوں پر منحصر ہے۔ گرین لینڈ اور ڈنمارک میں ہزاروں افراد نے "ہینڈز آف گرین لینڈ" کے مظاہرے کیے۔

کناڈا میں محکمۂ ٹرانسپورٹ نے فورڈ کی 3 لاکھ گاڑیاں واپس منگوائیں

اوٹاوا، 18 جنوری (یو این آئی) کناڈا میں محکمۂ ٹرانسپورٹ نے شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگنے کے خطرے کی وجہ سے فورڈ کی 3 لاکھ سے زائد گاڑیوں کو واپس منگوانے کا اعلان کیا ہے۔ سی ٹی وی نیوز نے ہفتہ کو اپنی رپورٹ میں بتایا کہ کناڈا کے محکمۂ ٹرانسپورٹ کے مطابق فورڈ کے مختلف ماڈلز کی بعض گاڑیوں میں انجن بلاک ہیٹر سے کولینٹ لیک ہو سکتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگر ایسا ہوتا ہے تو پلگ لگانے کے وقت بلاک ہیٹر میں شارٹ سرکٹ ہو سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق فورڈ گاڑیوں کے مالکان کو بذریعہ ڈاک مطلع کیا گیا ہے کہ وہ متاثرہ گاڑیوں کو ڈیلرشپ پر لے جائیں تاکہ بلاک ہیٹر کو تبدیل کیا جا سکے۔ سی ٹی وی نیوز کے مطابق فورڈ گاڑی مالکان کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ جب تک مرمت کا عمل مکمل نہ ہو جائے، انجن بلاک ہیٹر کا استعمال نہ کریں۔

ٹرمپ کی گرین لینڈ پر محصولات کی دھمکی کے بعد یورپی یونین نے تجارتی معاہدے کی بات چیت روکی

برسلز، 18 جنوری (یو این آئی) یورپی یونین اور امریکہ کے درمیان تناؤ اس حد تک بڑھ گیا ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے ڈنمارک اور کئی دیگر یورپی ممالک پر نئے محصولات عائد کرنے کے اعلان کے بعد یورپی یونین نے مجوزہ یورپی یونین-امریکہ تجارتی معاہدے کے لیے بات چیت روک دی ہے۔ یورپی یونین کے رہنماؤں نے خبردار کیا ہے کہ یہ ٹیرف ٹرانس اٹلانٹک تعلقات کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے ڈنمارک اور گرین لینڈ کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ خودمختاری اور علاقائی سالمیت ایسے اصول ہیں جن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تجارتی معاہدہ جولائی 2025 میں طے پایا تھا، جس کا مقصد امریکہ سے درآمدات پر ٹیرف میں کمی لانا اور دوطرفہ معاشی تعلقات کو مضبوط بنانا تھا۔ جب تک گرین لینڈ فروخت نہیں کیا جاتا تب تک ٹیرف عائد کرنے کے ٹرمپ کے انتباہ کے بعد، یورپی یونین نے جولائی 2025 میں اعلان کردہ تجارتی معاہدے کی توثیق کے عمل کو روکنے کا مطالبہ کیا۔ اس معاہدے میں یورپی یونین کے تمام 27 رکن ممالک شامل ہیں۔ ٹروتھ سوشل پر ٹرمپ کی پوسٹوں نے معاہدے کے مستقبل پر شکوک وشبہات پیدا کیے ہیں۔ انہوں نے دھمکی دی کہ یکم فروری 2026 سے ڈنمارک، ناروے، سویڈن، فرانس، جرمنی، برطانیہ، نیدرلینڈز اور فن لینڈ پر 10 فیصد محصولات عائد کیے جائیں گے، جو یکم جون سے بڑھ کر 25 فیصد ہو جائیں گے، جب تک کہ گرین لینڈ کو "مکمل اور مکمل طور پر" امریکہ کو فروخت نہ کر دیا جائے۔ ٹرمپ نے گرین لینڈ کے "اسٹریٹجک محلِ وقوع اور معدنی وسائل کو امریکی قومی سلامتی کے لیے نہایت اہم" قرار دیا اور خبردار کیا کہ "یکم فروری 2026 سے مذکورہ بالا تمام ممالک سے امریکہ بھیجی جانے والی ہر قسم کی اشیا پر 10 فیصد ٹیرف عائد کیا جائے گا۔ یکم جون 2026 کو یہ ٹیرف بڑھا کر 25 فیصد کر دیا جائے گا۔ یہ ٹیرف اس وقت تک واجب الادا اور قابلِ وصول رہے گا جب تک گرین لینڈ کی مکمل اور کلی خریداری کے لیے کوئی معاہدہ طے نہیں پا جاتا۔" یورپی عہدیداران، جن میں یورپی پیپلز پارٹی کے نائب صدر سیگفرائیڈ موریسان بھی شامل ہیں، نے کہا کہ اس اعلان سے اس استحکام کو نقصان پہنچتا ہے جسے یہ تجارتی معاہدہ یقینی بنانے کے لیے کیا گیا تھا۔ مسٹر موریسن نے کہا کہ "امریکہ اور یورپی یونین کے درمیان گزشتہ سال ہوئے تجارتی معاہدے سے حاصل ہونے والا واحد فائدہ استحکام تھا۔ صدر ٹرمپ کی جانب سے آج کئی یورپی یونین کے رکن ممالک پر نئے ٹیرف عائد کرنے کے اعلان نے اس استحکام کو ختم کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس تجارتی معاہدے کی توثیق کو مؤخر کرنا درست اور جائز ہے۔"

مرکوسور اور یورپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط

اسونسین، 18 جنوری (یو این آئی) جنوبی مشترکہ منڈی (مرکوسور) اور یورپی یونین (ای یو) نے تقریباً 25 برس سے جاری مذاکرات کے بعد پیراگوئے کے دارالحکومت اسونسین میں ایک آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط کیے۔ ہفتہ کے روز منعقدہ دستخطی تقریب میں یورپی کمیشن کی صدر اُرسولا وان ڈیر لیئن، یورپی کونسل کے صدر انتونیو کوسٹا کے علاوہ ارجنٹینا، برازیل، پیراگوئے اور یوراگوئے کے وزرائے خارجہ سمیت یورپی یونین اور مرکوسور کے اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ اس معاہدے کا مقصد دونوں گروپوں کے درمیان درآمدی محصولات میں کمی لانا اور باہمی تجارت کو فروغ دینا ہے۔ تاہم اس پر عمل درآمد کے لیے یورپی پارلیمنٹ کی منظوری کے ساتھ ساتھ مرکوسور کے رکن ممالک ارجنٹینا، برازیل، پیراگوئے اور یوراگوئے کی قانون ساز اسمبلیوں سے توثیق ہونا باقی ہے۔ پیراگوئے کے صدر سینٹیاگو پینا نے دونوں فریقوں کے رہنماؤں کا ان کی کوششوں پر شکریہ ادا کرتے ہوئے اس دن کو "حقیقی معنوں میں تاریخی" قرار دیا۔ اُرسولا وان ڈیر لیئن نے کہا کہ یہ معاہدہ منصفانہ تجارت اور طویل مدتی اقتصادی تعاون کے حق میں "نہایت مضبوط پیغام" دیتا ہے۔ انتونیو کوسٹا نے کہا کہ 'یہ معاہدہ علیحدگی پسندی، یک طرفہ طرزِ عمل اور تجارت کو جغرافیائی سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کے برعکس کھلے پن، تبادلے اور تعاون کے لیے ایک مضبوط عزم کی علامت ہے۔' یہ معاہدہ 70 کروڑ سے زائد مشترکہ آبادی پر محیط ہے۔ یورپی کمیشن کے مطابق، یورپی یونین کا اب تک کا یہ سب سے بڑا تجارتی معاہدہ سالانہ بنیاد پر یورپی یونین کی برآمدات پر چار ارب یورو (تقریباً 4.65 ارب امریکی ڈالر) سے زائد کے محصولات ختم کر دے گا۔ یورپی یونین بنیادی طور پر مرکوسور کو مشینری، کیمیائی مصنوعات اور نقل وحمل کے آلات برآمد کرتی ہے، جبکہ مرکوسور سے بڑی مقدار میں زرعی اجناس، معدنیات اور جنگلاتی مصنوعات برآمد کی جاتی ہیں۔ اس معاہدے پر مذاکرات تقریباً 25 سال تک جاری رہے، جو بدلتے سیاسی اتحاد، جنوبی امریکہ میں ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات پر اختلافات اور یورپ کے زرعی شعبے کے بعض حصوں کی مخالفت کے باعث بار بار معطل ہوتے اور دوبارہ شروع ہوتے رہے۔

بنگلہ دیش میں شیخ حسینہ کی قیادت میں دوبارہ اقتدار میں آئیں گے: سابق وزیر خارجہ

بنگلہ دیش 18 جنوری: غالباً اپنی نوعیت کی پہلی سیاسی پیش رفت میں بنگلہ دیش کی معزول حکومت کی جماعت عوامی لیگ نے ہفتہ کو نئی دہلی میں اپنی پہلی پریس کانفرنس منعقد کی۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بنگلہ دیش کے سابق وزیر خارجہ حسن محمود نے اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کے کمیشن کی ایک حالیہ رپورٹ کو غلط قرار دیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کی پارٹی "شیخ حسینہ کی قیادت میں دوبارہ اقتدار میں آئے گی"۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے جولائی-اگست 2024 کی طلبہ تحریک پر مبنی یو این ایچ سی آر کی ایک رپورٹ کو "انتہائی جانبدارانہ" قرار دیتے ہوئے اس کی سخت مذمت کی۔ حسن محمود نے اس سوال کے جواب میں کہ کیا ان کی پارٹی جلاوطن حکومت بنانے پر غور کر رہی ہے، نامہ نگاروں کو بتایا کہ "ہم شیخ حسینہ کی قیادت میں بنگلہ دیش واپس جائیں گے" تاکہ حکومت بنا سکیں۔ سابق وزیر خارجہ نے کہا کہ "نئی غیر قانونی حکومت کے اقتدار سنبھالنے کے بعد سے سینکڑوں صحافیوں کو بے بنیاد الزامات میں گرفتار کیا گیا ہے، اخباری دفاتر اور ثقافتی تنظیموں پر حملے کیے گئے ہیں، عوامی لیگ کے تقریباً ایک لاکھ کارکن جیلوں میں ہیں اور اقلیتوں کو منظم طریقے سے نشانہ بنا کر قتل کیا گیا ہے"۔ حسن محمود نے بنگلہ دیش میں اگلے ماہ ہونے والے انتخابات پر بھی سخت تنقید کی اور انہیں "یکطرفہ" قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوامی لیگ، جسے ان کے بقول تقریباً 60 فیصد آبادی کی حمایت حاصل ہے، اسے الیکشن لڑنے کے موقع سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ محمود نے الزام لگایا کہ "یہ ایک پہلے سے طے شدہ الیکشن ہے اور کسی صورت آزادانہ یا منصفانہ نہیں ہے"۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ پر عوامی لیگ کے ارکان اور سیکورٹی فورسز کے خلاف تشدد کو نظر انداز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے محمود نے کہا کہ اس رپورٹ میں بنگلہ دیش میں بد امنی کے دوران مارے جانے والے ہزاروں پولیس اہلکاروں کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ تقریباً 3,000 پولیس اہلکار ہلاک ہوئے نیز انہوں نیا یک ایسے واقعے کا حوالہ دیا جس میں ایک پورے پولیس اسٹیشن کو، جس کے اندر تقریباً 40 افسران موجود تھے، آگ لگا دی گئی تھی۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کمیشن (یو این ایچ سی آر) کی وہ رپورٹ، جس کی عوامی لیگ نے تردید کی ہے، ایک سال قبل فروری 2025 میں جاری کی گئی تھی۔ محمود نے اقوام متحدہ کی دستاویز میں بتائے گئے ہلاکتوں کے اعداد وشمار کی ساکھ پر بھی سوال اٹھایا اور کہا کہ یہ "یکطرفہ" تھے اور ان کی مناسب تصدیق نہیں کی گئی تھی۔ محمود نے کہا کہ ہلاک ہونے والوں میں سے بہت سے لوگ سنائپر فائرنگ سے مارے گئے، جو ایسے ایجنٹوں کے ذریعے کی گئی جنہوں نے اس کیلیبر کی بندوقیں استعمال کیں جو بنگلہ دیشی سیکورٹی فورسز کے پاس نہیں تھیں۔ انہوں نے اس جانب اشارہ کیا کہ ان فائرنگ کے واقعات کے پیچھے غیر ملکی یا دشمن عناصر کا ہاتھ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا، "ہماری آخری امید اقوام متحدہ تھی، لیکن ہمیں اس میں بھی مایوسی ہوئی۔۔ عام طور پر یو این ایچ سی آر کی رپورٹ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد کے بعد تیار کی جاتی ہے،" "تاہم، اس معاملے میں یو این ایچ سی آر کے سربراہ وولکر ترک، جنہیں بنگلہ دیش کے عبوری چیف ایڈوائزر محمد یونس اپنا دوست قرار دیتے ہیں، نے" محض یونس حکومت کی درخواست پر رپورٹ پیش کر دی۔ "انہوں نے الزام لگایا کہ کسی بھی متعلقہ فریق سے مشاورت نہیں کی گئی اور ڈیٹا کا کوئی واضح ماخذ موجود نہیں ہے۔ ان کے مطابق، یونس انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ سرکاری گزٹ میں جن متعدد افراد کی ہلاکت کا ذکر کیا گیا تھا، وہ بعد میں زندہ پائے گئے۔ حسن محمود، جو 'انٹرنیشنل کرائمز ریسرچ فاؤنڈیشن' کی قانونی ٹیم کے سربراہ غلام معروف مجمدار نجوم کے ہمراہ گفتگو کر رہے تھے، نے یہ بھی کہا کہ عوامی لیگ اگست کی بغاوت کے بعد سے ہونے والے قتل عام اور مظالم کا ایک جامع ریکارڈ مرتب کرنے میں مصروف ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ صرف گزشتہ دو ہفتے کے دوران ہندو برادری کے آٹھ ارکان کو قتل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی اپنی تحقیقاتی رپورٹ یو این ایچ سی آر، یورپی یونین اور کامن ویلتھ سیکریٹریٹ کو پیش کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور پھر ان سے اپیل کی جائے گی کہ وہ یا تو کارروائی کریں یا ان الزامات کی آزادانہ طور پر تصدیق کریں۔ عوامی لیگ کے رہنماو?ں نے یو این ایچ سی آر کی اس رپورٹ کی سخت تنقید کی ہے جس میں طلبہ زیر قیادت ہونے والے مظاہروں کے دوران انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں کا جائزہ لیا گیا تھا۔ ان رہنماؤں کا موقف ہے کہ اس رپورٹ میں غیر متناسب طور پر صرف ریاستی اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی ہے، جبکہ پارٹی حامیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف ہونے والے تشدد کو کم اہمیت دی گئی ہے۔ ڈاکٹر یونس کی سربراہی میں قائم عبوری انتظامیہ نے ابھی تک ان الزامات کا کوئی جواب نہیں دیا ہے۔

☆☆☆

ٹرمپ کے گلے کی ہڈی بنا گرین لینڈ، قبضے کے دعوؤں کے خلاف وزیر اعظم کی قیادت میں سڑکوں پر اُترے لوگ

امریکہ 18 جنوری: امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے گرین لینڈ کو امریکہ میں شامل کرنے سے متعلق بیانات کے خلاف گرین لینڈ کے شہری سڑکوں پر اتر آئے ہیں۔ سیکڑوں مظاہرین ہفتے کے روز راجدھانی نوک کی سڑکوں پر نکل آئے اور امریکہ کے ممکنہ قبضہ کے دعوو?ں کے خلاف آواز اُٹھاتے ہوئے زبردست احتجاج کیا۔ مظاہرین کی قیادت خود گرین لینڈ کے وزیر اعظم جینز فریڈرک نیلسن نے کی۔ ہاتھوں میں ملک کے پرچم اور بینرز اٹھائے لوگ امریکی قونصلیٹ کی طرف مارچ کرتے نظر آئے۔ مظاہرے کے دوران واضح پیغام دیا گیا کہ گرین لینڈ کو اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے دیا جائے۔ مظاہرین اس نوتعمیر بلاک کے پاس سے گزرے جہاں امریکہ اپنا قونصل خانہ منتقل کرنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ فی الحال امریکی قونصل خانہ ایک لال رنگ کی لکڑی کی عمارت میں کام کرتا ہے جس میں صرف 4 ملازم تعینات ہیں۔ واضح رہے کہ رواں ہفتے ہی ڈنمارک کی گزارش پر یورپی ممالک نے گرین لینڈ میں فوجی اہلکاروں کو تعینات کیا ہے جس سے حالات اور حساس ہو گئے ہیں۔ گرین لینڈ کے حوالے سے امریکی صدر ٹرمپ کے ذریعہ بار بار دیئے گئے بیانات نے امریکہ اور ڈنمارک کے درمیان سفارتی بحران پیدا کر دیا ہے۔ دونوں ممالک نیٹو کے بانی رکن ہیں۔ ٹرمپ کے بیانات پر یورپ میں شدید تنقید ہوئی ہے۔ گرین لینڈ کی آبادی تقریباً 57,000 ہے۔ اس علاقے پر صدیوں سے کوپن ہیگن کی حکومت رہی ہے۔ سال 1979 کے بعد سے گرین لینڈ کو کافی حد تک خودمختاری ملی ہے لیکن یہ اب بھی ڈنمارک کا حصہ ہے. دفاع اور خارجہ پالیسی ڈنمارک کے پاس ہے اور انتظامی اخراجات کا بڑا حصہ بھی وہی برداشت کرتا ہے۔ اس تنازعہ نے اس وقت مزید زور پکڑا جب وائٹ ہاؤس کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف (پالیسی) اسٹیفن ملر نے ٹرمپ کے اس دعوے کو دہرایا کہ ڈنمارک گرین لینڈ کا دفاع نہیں کر سکتا۔ فاکس نیوز کے پروگرام 'ہینٹی' میں ملر نے کہا کہ کسی علاقے پر کنٹرول کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس کا دفاع کر سکیں، اسے بہتر بنا سکیں اور وہاں رہ سکیں۔ ڈنمارک ان تینوں ہی کسوٹی پر ناکام رہا ہے۔ وہیں ڈنمارک نے واضح کیا ہے کہ وہ گرین لینڈ کے تحفظ کے لیے نیٹو کی مزید مستقل اور مضبوط موجودگی کے منصوبوں کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ اس کے ایک حصے کے طور پر یورپی ممالک نے گرین لینڈ میں محدود تعداد میں فوجی بھیجے ہیں۔ اس سے گرین لینڈ کے لوگوں اور رہنماؤں میں بے چینی بڑھ گئی ہے لیکن انہوں نے ڈنمارک کے ساتھ یکجہتی پر زور دیا ہے۔ امریکہ کے اندر بھی ٹرمپ کے گرین لینڈ پلان کو وسیع حمایت نہیں مل رہی ہے۔ رائٹرس پول کے مطابق 5 میں سے 4 امریکی اس الحاق کی کوشش کی حمایت نہیں کرتے۔ صرف 10 فیصد کا خیال ہے کہ امریکی فوج کو گرین لینڈ پر قبضہ کرنے کے لیے طاقت کا استعمال کرنا چاہیے۔

شمالی شام میں عبوری حکومت، ایس ڈی ایف کے درمیان جھڑپیں دوبارہ شروع ہو گئیں

دمشق، 18 جنوری (یو این آئی) شام کے شمال مغرب میں موجود حلب اور رقہ میں شام کی عبوری انتظامیہ اور کرد زیر قیادت سیریئن ڈیموکریٹک فورسز (ایس ڈی ایف) کے درمیان اچانک فوجی کشیدگی بڑھ گئی ہے۔ ایک روز قبل اعلان کردہ انخلاء کے معاہدے کے باوجود دونوں فریقوں کے درمیان شدید جھڑپیں شروع ہو گئی ہیں۔ دن کا آغاز مشرقی حلب کے دیہی علاقوں میں نئی لڑائی سے ہوا۔ ایس ڈی ایف نے شامی فوج پر 48 گھنٹے کی واپسی کی مدت ختم ہونے سے پہلے دیر حفر اور مسکانہ کے قصبوں میں داخل ہونے کا الزام لگایا۔ دریں اثنا، شامی فوج نے کہا کہ اس نے معاہدے کی خلاف ورزی اور اس کے دو فوجیوں کی ہلاکت کے بعد علاقے کو محفوظ بنانے کے لیے تعیناتی کی ہے۔ جھڑپوں کے بڑھتے ہی شامی سکیورٹی فورسز نے مشرقی حلب سے آگے صوبہ رقہ کی طرف پیش قدمی کا اعلان کیا اور دریائے فرات کے مغرب میں تمام علاقوں کو بند فوجی زون قرار دیا۔ سرکاری میڈیا کے مطابق فوج نے تبقا کے قریب صفیان اور الصورہ آئل فیلڈ سمیت کئی اہم مقامات اور قصبوں پر قبضہ کر لیا ہے اور فوجی ہوائی اڈے کا محاصرہ شروع کر دیا ہے۔ ایس ڈی ایف نے ان دعوؤں کو مسترد کر دیا کہ انخلا کے معاہدے میں رقہ صوبے کو شامل کیا گیا تھا۔ ان کا موقف ہے کہ معاہدے میں صرف دیر حفر اور مسکانہ شامل تھا۔ ایس ڈی ایف نے رقہ میں مکمل کرفیو نافذ کر دیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ کشیدگی سے اسلامک اسٹیٹ کے قیدیوں والی جیلوں کی سلامتی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ کشیدگی شروع ہونے سے چند گھنٹے قبل ہی ایس ڈی ایف کے کمانڈر مظلوم عابدی نے کہا تھا کہ بین الاقوامی ثالثوں کی اپیل پر، ان کی افواج ہفتے کی صبح دریائے فرات کے مشرق کی طرف پیچھے ہٹنا شروع کر دیں گی۔ ایس ڈی ایف اور شام کی عبوری اتھارٹی دونوں کی حمایت کرنے والے امریکہ نے دونوں فریقوں سے تحمل سے کام لینے کی اپیل کی ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے شامی حکومت کی افواج پر زور دیا ہے کہ وہ حلب اور تبقا کے درمیان اپنی کارروائی روک دیں۔ دونوں فریقوں نے مارچ 2025 کے "یونیفیکیشن ایگریمنٹ" کو نافذ کرنے کا عہد کیا ہے، لیکن یہ عمل جاری جھڑپوں کی وجہ سے تعطل کا شکار ہے۔ مشرقی حلب اور مغربی رقہ کے کچھ حصوں میں ہفتے کی رات تک لڑائی جاری رہی۔

گرین لینڈ پر بڑھتی ہوئی کشیدگی کے درمیان یوروپی یونین نے امریکہ کے ساتھ مجوزہ تجارتی معاہدہ روک دیا

برسلز، 18 جنوری (یو این آئی) گرین لینڈ کے معاملے پر امریکہ اور یوروپی یونین (ای یو) کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث یوروپی یونین نے امریکہ کے ساتھ مجوزہ تجارتی معاہدے پر مذاکرات معطل کر دیے ہیں۔ یوروپی یونین نے یہ قدم ڈنمارک اور یوروپی یونین کے کئی دیگر ممالک پر امریکہ کی جانب سے درآمدی ڈیوٹی لگانے کی دھمکی کے بعد اٹھایا ہے۔ یوروپی رہنماؤں نے خبردار کیا ہے کہ یہ درآمدی ڈیوٹی یوروپی یونین اور امریکہ کے تعلقات کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے ڈنمارک اور گرین لینڈ کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ خودمختاری اور علاقائی سالمیت ایسے اصول ہیں جن پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ قابل ذکر ہے کہ جولائی 2025 میں مجوزہ اس معاہدے کو درآمدی ڈیوٹی کم کرنے اور دوطرفہ اقتصادی تعلقات کو مضبوط کرنے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ تاہم، گرین لینڈ پر صدر ٹرمپ کے مؤقف اور درآمدی ڈیوٹی لگانے کی دھمکی کے بعد یوروپی یونین نے اس معاہدے کی منظوری روکنے کا مطالبہ کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے 'ٹرتھ سوشل' پر ایک پوسٹ میں دھمکی دی ہے کہ اگر گرین لینڈ کو 'مکمل طور پر' امریکہ کو فروخت نہیں کیا جاتا، تو یکم فروری 2026 سے ڈنمارک، ناروے، سویڈن، فرانس، جرمنی، برطانیہ، نیدرلینڈز اور فن لینڈ پر 10 فیصد درآمدی ڈیوٹی عائد کر دی جائے گی، جو یکم جون سے بڑھ کر 25 فیصد ہو جائے گی۔ ٹرمپ نے گرین لینڈ کے اسٹریٹجک محلِ وقوع اور معدنی وسائل کو 'امریکی قومی سلامتی کے لیے اہم' قرار دیتے ہوئے خبردار کیا، "یکم فروری 2026 سے، مذکورہ بالا تمام ممالک کی جانب سے امریکہ بھیجے جانے والے تمام سامان پر 10 فیصد درآمدی ڈیوٹی لی جائے گی۔ یکم جون 2026 کو یہ ڈیوٹی بڑھا کر 25 فیصد کر دی جائے گی۔ یہ اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک گرین لینڈ کی خریداری کا معاہدہ طے نہیں پا جاتا۔" یوروپین پیپلز پارٹی کے نائب صدر سگفرائیڈ مورسن اور دیگر یوروپی حکام نے اس پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ اعلان اس استحکام کو کمزور کرتا ہے جسے یقینی بنانے کے لیے یہ تجارتی معاہدہ کیا گیا تھا۔ مسٹر مورسن نے کہا، "گزشتہ سال امریکہ اور یوروپی یونین کے درمیان ہونے والے تجارتی معاہدے کا واحد فائدہ استحکام تھا۔ صدر ٹرمپ کی جانب سے یوروپی یونین کے کئی رکن ممالک پر نئی درآمدی ڈیوٹی لگانے کے آج کے اعلان نے اس استحکام کو چھین لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس تجارتی معاہدے کی توثیق کو ملتوی کرنا مناسب ہے۔" انہوں نے 'ایکس' پر ایک پوسٹ میں مزید کہا، "ہمیں گزشتہ جولائی کے ای یو-یو ایس تجارتی معاہدے کی جلد ہی منظوری دینی تھی، جس سے امریکہ سے یوروپی یونین میں ہونے والی درآمدات پر ڈیوٹی ختم ہو جاتی۔ تاہم، حالیہ واقعات کے پیش نظر اس منظوری کے لیے مزید انتظار کرنا ہوگا۔' امریکی صدر قومی سلامتی کے خدشات کا حوالہ دیتے ہوئے ڈنمارک کے نیم خودمختار علاقے گرین لینڈ کو حاصل کرنے پر بضد ہیں۔ تاہم، ڈنمارک اور گرین لینڈ نے اپنے 'حق خودارادیت' پر زور دیتے ہوئے اس تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ بڑھتی ہوئی کشیدگی کے جواب میں، ڈنمارک نے گرین لینڈ میں اپنی فوجی موجودگی بڑھا دی ہے، جبکہ جرمنی، سویڈن، فرانس، ناروے اور نیدرلینڈز نے بھی چھوٹے فوجی دستے روانہ کیے ہیں۔ یوروپی رہنماؤں نے خبردار کیا ہے کہ گرین لینڈ پر قبضے کی کسی بھی امریکی کوشش کے نیٹو اور بحر اوقیانوس کے دونوں اطراف کی سلامتی پر سنگین اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

رانی گنج کتاب میلے میں اُمڈی بھیڑ

ثقافتی پروگراموں اور کتابوں نے بھی توجہ مبذول کرائی

آسنسول:18 جنوری (عوامی نیوز سروس) سیارشول راج میدان میں منعقد ہونے والے رانی گنج کتاب میلے میں شروع سے ہی خاصی بھیڑ دیکھی جارہی ہے یہ میلہ شروع ہوتے ہی کتابوں میں جوش وخروش نظر آتا ہے اور لوگ اپنے اہل خانہ کے ساتھ میلے سے لطف اندوز ہونے کے لیے پہنچ رہے ہیں اس سال کتاب میلے میں کل 100 سٹالس میں سے 48 بک اسٹالز لگائے گئے ہیں۔ جہاں کتابیں مرکزی توجہ کا مرکز ہیں، وہیں کھانے کے اسٹال اور ثقافتی پروگرام بھی میلے کو کافی مقبول بنا رہے ہیں۔ کتابیں، تفریح اور کھانے کا امتزاج لوگوں کو اپنی طرف کھینچ رہا ہے۔ رانی گنج کے معروف ماہر امراض قلب ڈاکٹر دیویندو داس اپنے اہل خانہ کے ساتھ میلے میں پہنچے انہوں نے کہا کہ وہ ہمیشہ کتابیں پڑھنے اور مطالعہ کی اہمیت پر یقین رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج بھی اپنے مصروف شیڈول کے باوجود انہیں کتابیں پڑھنے کا مزہ آتا ہے جب بھی موقع ملتا ہے وہ کتابوں کے ذریعے اپنی تعلیم کو آگے بڑھاتے رہتے ہیں۔ میلے کی ایک بڑی خصوصیت بچوں کے لیے کتابوں کا وسیع ذخیرہ ہے۔ ارونڈ سنگھانیہ کے مطابق موجودہ وقت کی سب سے بڑی ضرورت بچوں کو کتابوں کی طرف راغب کرنا ہے اور یہ کوشش اس میلے میں صاف نظر آتی ہے۔ ایک ایڈوکیٹ نے کہا کہ کتابیں حقیقی زندگی میں ناقابل یقین حد تک اہم ہیں گوگل اور ڈیجیٹل میڈیا آج دستیاب ہونے کے باوجود کتابوں کو پڑھنے سے حاصل ہونے والی گہرائی اور علم کی مثال نہیں ملتی اس علم کو مطالعہ کے بعد وقت پر لاگو کرنے کی صلاحیت بھی کتابوں سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر رانی گنج کتاب میلہ نہ صرف کتابوں کا مرکز بن گیا ہے بلکہ یہ علم، ثقافت اور تفریح کا ایک اہم پلیٹ فارم بھی ثابت ہو رہا ہے۔

پولس کمشنر سنیل کمار چودھری نے خواتین کی بیرک کا افتتاح کیا

آسنسول 18 جنوری (عوامی نیوز سروس) آسنسول پولیس لائنز میں نوتعمیر شدہ خواتین کی بیرک کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ اس موقع پر آسنسول۔درگاپور پولیس کمشنریٹ کے پولیس کمشنر سنیل کمار چودھری نے فیتہ کاٹ کر خواتین کی بیرک کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈاکٹر اروند کمار آنند، ڈی سی پی (ہیڈ کوارٹر) سمیت کئی سینئر افسران اور کمشنریٹ کے پولیس افسران موجود تھے۔ خواتین پولیس اہلکاروں کو بہتر رہائشی سہولیات، حفاظتی انتظامات اور کام کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اسے ایک اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر پولیس کمشنر سنیل کمار چودھری نے کہا کہ خواتین پولیس اہلکاروں کی سہولیات اور با اختیار بنانے کے لیے مسلسل کوششیں کی جا رہی ہیں انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ خواتین کی نئی بیرک نہ صرف خواتین فورس کے حوصلے کو بلند کرے گی بلکہ ان کی کام کی کارکردگی پر بھی مثبت اثرات مرتب کرے گی۔ تقریب کے دوران افسران نے نئی بیرکوں کا دورہ کیا، جدید سہولیات اور حفاظتی انتظامات کا معائنہ کیا۔ موجود افسران نے اس اقدام کی تعریف کرتے ہوئے اسے مغربی بنگال پولیس کے ترقی پسند اور حساس نقطہ نظر کی علامت قرار دیا۔

درگاپور کیمیکلز فیکٹری کے گیٹ کے سامنے اجرت کی عدم ادائیگی پر ناراض عارضی ملازمین کا احتجاج

آسنسول: 18 جنوری (عوامی نیوز سروس) مغربی بردوان ضلع کے درگاپور میں واقع درگاپور کیمیکلز (ڈی سی ایل) میں صورتحال انتہائی کشیدہ ہو گئی۔ گزشتہ چار ماہ سے اجرت کی عدم ادائیگی سے ناراض عارضی ملازمین کی تحریک مسلسل فیکٹری کے باہر جاری ہے۔ مزدوروں نے اجرت نہ ملنے کا مطالبہ کیا۔ اس سے صنعتی شعبے میں بے چینی کی فضا پائی جاتی ہے۔ اطلاع کے مطابق ڈی سی ایل میں کام کرنے والے تقریباً 158 عارضی ملازمین بدھ سے فیکٹری کے مین گیٹ بلاک کرکے احتجاج کر رہے ہیں۔ جس میں مزدوروں کے لواحقین خواتین اور بچے بھی نظر آئے۔ مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے ہیں اور ریاستی حکومت اور فیکٹری انتظامیہ کے خلاف نعرے لگا رہے ہیں۔ مزدوروں کا کہنا ہے کہ انہیں گزشتہ چار ماہ سے ایک پیسہ بھی نہیں ملا ہے حالانکہ وہ فیکٹری کے احاطے اور املاک کی حفاظت کا کام باقاعدگی سے کر رہے ہیں۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے درمیان اجرت کی عدم ادائیگی سے گھر چلانا مشکل ہو گیا ہے۔ کئی مزدوروں نے بتایا کہ انہیں اپنے بچوں کی تعلیم، کرایہ اور ادویات کے لیے قرضہ لینا پڑ رہا ہے۔ احتجاج کے دوران پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپیں ہوئیں۔ ماحول کچھ دیر کے لیے کشیدہ ہو گیا کیونکہ کئی ناخوشگوار واقعہ کا امکان تھا۔ اسی دوران مظاہرین نے فیکٹری کے احاطے میں کمپنی کی گاڑی کو نکالنے کی کوشش کی۔ الزام ہے کہ کچھ مظاہرین نے کمپنی کے ایک اہلکار کو گھیر لیا اور پیچھا کیا۔ تاہم پولیس نے موقع پر پہنچ کر صورتحال پر قابو پالیا اور اہلکار کو بحفاظت باہر نکالا۔ واقعے کے بعد فیکٹری کے باہر پولیس کی اضافی نفری تعینات کردی گئی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ریاستی حکومت کے تحت درگاپور کیمیکلز فیکٹری کی پیداوار دسمبر 2019 سے بند ہونے کے باوجود حفاظت اور دیکھ بھال کے لیے عارضی ملازمین کو تعینات کیا گیا ہے۔ مزدوروں کا الزام ہے کہ ان کے کام کے نام پر صرف یقین دہانیاں دی جا رہی ہیں مزدور تنظیموں کا کہنا ہے کہ حکومت چاہتی تو یہ مسئلہ کب کا حل ہو سکتا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ انتظامیہ کی بے حسی کی وجہ سے صورتحال اس نہج پر پہنچی ہے۔ مظاہرین نے متنبہ کیا کہ اگر فیکٹری کے گیٹ نہیں کھولے گئے اور جب تک چار ماہ کی بقایا اجرت ادا نہیں کی جاتی احتجاج جاری رہے گا۔ اس معاملے نے اب سیاسی رنگ اختیار کر لیا ہے۔ حکمراں ترنمول کانگریس کے مقامی رہنماؤں نے مظاہرین سے بات کی اطلاع کے مطابق وزیر اعلیٰ کے دفتر میں مداخلت کا یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی بھارتیہ جنتا پارٹی نے بھی حکومت پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ مزدوروں کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے اور حکومت کو فوری طور پر کام شروع کر دینا چاہئے۔ پولیس کی سخت نگرانی کی جا رہی ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ صورتحال پر نظر رکھی جا رہی ہے اور بات چیت کے ذریعے حل تلاش کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ تاہم مزدوروں کے مطالبات نہیں مانے جاتے تو درگاپور کیمیکلز فیکٹری کے باہر کشیدگی جاری رہے گی۔

شعبان المعظم 1447ھ کے چاند دیکھنے کا اہتمام کریں: مفتی زبیر احمد قاسمی

آسنسول: 18 جنوری (عوامی نیوز سروس) پچھم بردوان ضلع کے قاضی الحاج مفتی زبیر احمد قاسمی دار القضاء امارت شرعیہ لوکو مسجد آسنسول نے ایک بیان جاری کر کے برادران اسلام سے گزارش کی ہے کہ شعبان المعظم 1447ھ کے چاند دیکھنے کا اہتمام کریں ماہ شعبان المعظم آرہا ہے آپ کو معلوم ہے چاند کی رویت پر بہت سے دینی معاملات کی بنیاد ہے اس لئے تمام مسلمانوں سے اپیل ہی کہ مورخہ 29 رجب المرجب 1447ھ بمطابق 19 جنوری 2026ء، روز دوشنبہ (سوموار) کو چاند ہونے کا امکان ہے۔ لہٰذا عامۃ المسلمین شعبان المعظم کے چاند دیکھنے کا اہتمام کریں اور جب چاند نظر آجائے تو دوسروں کو بھی دکھائیں اور بلا تاخیر انکی شہادت ائمہ مساجد و مقامی علمائے کرام اور اگر رویت ہلال کمیٹی ہو تو انکو شہادت دیں اسکے ساتھ ہی اگر ممکن ہو تو دار القضاء امارت شرعیہ لوکو مسجد آسنسول میں خود تشریف لا کر اسکی شہادت دیں۔ یا مندرجہ ذیل نمبرات پر رابطہ قائم کریں

نمبر مرکزی دفتر 9431804684 / 06122555351

نمبر دفتر آسنسول 9800139709 / 9333560178

سلان پور میں SIR کی ہیئرنگ کے خوف سے ایک 78 سالہ معمر شخص نے لگا لی پھانسی

آسنسول:18 جنوری (عوامی نیوز سروس) ایس آئی آر کی سماعت دن بدن لوگوں میں خوف وہراس پیدا کر رہا ہے لوگ ہیئرنگ کے نام سے دہشت میں اجا رہے ہیں اور تناو تنازع میں پڑ جا رہے ہیں۔ اطلاع کے مطابق آج سالان پور میں ہیئرنگ کے نام سے ڈر کر ایک بزرگ شخص نے خودکشی کر لی۔ اس سانحہ پر بارہ بانی کے ایم ایل اے بیدھان اپادھیائے نے کہا کہ اس حلقے کے رہنے والے 78 سالہ معمر شخص نے ایس آئی آر کی ہیئرنگ سے ڈر کر پھانسی لگا لی اور قیمتی جان گنوا دی۔ بیدھان اپادھیائے نے کہا کہ ہماری ممتا بنرجی اور ابھیشیک چنرجی ہمیشہ سے کہہ رہے ہیں کہ ایس ائی ار عوام کو پریشان کرنے کیلئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنکا نام 2002 میں انہیں بھی بار بار بلوایا جا رہا ہے۔ دستاویزات مانگی جا رہی ہے آج جو علاقے کے بزرگ نے خوف میں آکر پھانسی لگا لی الیکشن کمیشن اور بی جے پی سرکار اسکے ذمہ دار ہیں ایس آئی آر الیکشن کے بعد بھی کیا جا سکتا تھا۔ اتنی جلد بازی کیوں کم از کم چھ مہینے کا وقت مہلت دینی چاہئے کم وقت میں لوگوں سے دستاویزات طلب کی جا رہی ہے۔ اگر وقت ملتا تو لوگوں کو دستاویزات اکھٹا کرنے میں موقع فراہم ہوتا جتنے لوگ پریشان ہو رہے تناو تنازع میں ہو جا رہے ہیں۔ یہ سب نہیں ہوتا جتنی جانیں خوف وہراس میں مبتلا ہو کر تلف ہو رہی ہیں۔ اتنی اموات نہیں ہوتی اج جو معمر شخص کی جان گئی اسکی پورے ذمہ دار الیکشن کمیشن اور مرکزی بی جے پی حکومت ہے سالان پور بلاک کے چیئر پرسن الپنا رائے نے کہا کہ بزرگ شخص کو تناو ہو گیا تھا کہ ہیئرنگ ہے کیا ہوگا اور اسنے پھانسی لگا لی اسیت سنگھ نے کہا کہ ایس آئی آر کی سماعت سے لوگ گھبرا گئے ہیں۔ بی ایل او بھی پریشان ہو کر جانیں گنوا رہے اور ووٹرس بھی گھبرا گئے ہیں۔ ان سب کا جواب عوام الیکشن میں دے گی بی جے پی کو کرارا جواب ملے گا دیدی کی جیت ہر جگہ ہوگی نام کاٹو کتنا نام کاٹ سکتے ہو عوام وقت پر اسکا صحیح جواب دیں گے۔

شادی کا جھانسہ دیکر استحصال، فاسٹ ٹریک کورٹ نے سخت سزا سنائی

آسنسول: 18 جنوری (عوامی نیوز سروس) ہفتہ کو درگاپور عدلیہ کی طرف سے ایک اہم اور حساس کیس کا فیصلہ آیا، جس نے ایک مضبوط پیغام دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق درگاپور فاسٹ ٹریک عدالت نے مغربی بردوان ضلع کے انڈال پولیس اسٹیشن کے تحت ایک نوجوان خاتون کے ساتھ جنسی زیادتی اور اس کو حمل ٹھہرانے کے معاملے میں ملزم کو قصوروار ٹھہرایا اور اسے دس سال کی سخت قید اور پچاس ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ اطلاع کے مطابق فاسٹ ٹریک کورٹ کے جج گریجانند جانا نے اس معاملے میں فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ یہ جرم صرف ایک شخص کے خلاف نہیں، بلکہ معاشرے کے اخلاق اور خواتین کے احترام کے خلاف ہے عدالت نے واضح کیا کہ ایسے معاملات میں سختی ضروری ہے، تاکہ مستقبل میں کوئی خواتین کے جذبات اور اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچا سکے کو بڑ کرنے کی ہمت نہیں کر سکتے اطلاع کے مطابق متاثرہ کی ملاقات بہار کے جموئی ضلع کے رہائشی امریندر کمار منڈل سے 2017 میں ایک فیملی فنکشن کے دوران ہوئی تھی۔ آہستہ آہستہ دونوں کے درمیان بات چیت بڑھتی گئی اور فون پر باقاعدہ رابطہ ہوتا رہا نوجوان نے یوترانی کا اعتماد جیت کر اس سے شادی کا وعدہ کیا اور اسی بھروسے کی بنیاد پر سال 2018 سے جسمانی تعلقات قائم کرنے لگے عدالت میں یہ بھی انکشاف ہوا کہ ملزم لڑکی کے گھر والوں کی غیر موجودگی میں اس کے گھر جاتا تھا اور اسے آسنسول کے ایک ہوٹل میں بھی لے جاتا تھا جس دوران لڑکی حاملہ ہوگئی الزام ہے کہ جب اس نے شادی کو دہرایا تو نوجوان نے اسے نشہ پلایا اور اسقاط حمل پر مجبور کیا، اس واقعے نے متاثرہ کی ذہنی اور جسمانی صحت کو نقصان پہنچایا۔ معاملہ اس وقت مزید سنگین ہو گیا جب لڑکی کے والد اور چچا ملزم کے گھر پہنچے اور شادی کی بات کی، ابتدائی طور پر نوجوان کے گھر والے شادی کے لیے تیار تھے لیکن بعد میں انہوں نے 20 لاکھ روپے نقد جہیز اور انڈال میں مکان کا مطالبہ کیا۔ لڑکی کے گھر والے اس مطالبے سے دنگ رہ گئے اور بالآخر 2019 کے اواخر میں انڈال پولیس اسٹیشن میں تحریری شکایت درج کرائی۔ شکایت کی بنیاد پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا بعد ازاں انہیں ضمانت مل گئی تاہم عدالت میں مقدمہ جاری رہا سماعت کے دوران متاثرہ لڑکی، اس کے اہل خانہ، ایک ڈاکٹر اور تفتیشی افسر سمیت کل چھ گواہوں نے عدالت میں بیانات دیئے، میڈیکل رپورٹس اور دیگر دستاویزی شواہد نے استغاثہ کے دعووں کو تقویت دی، تمام شواہد اور گواہوں کے بیانات پر غور کے بعد عدالت نے ملزم کو سزا سنائی۔ ہفتے کے روز اس فیصلے پر بڑے پیمانے پر بحث ہوئی ذرائع کے مطابق درگاپور کورٹ کے پبلک پراسیکیوٹر افسر الحق نے کہا کہ عدالت نے جنسی استحصال اور جبری اسقاط حمل کے معاملات میں ملزمین کو سخت ترین سزا سنائی ہے خواتین کی تنظیموں اور سماجی کارکنوں نے اس فیصلے کے بعد عدالت کی تعریف کی ہے ان کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ ان خواتین کے لیے امید کی کرن ہے جو اس قسم کے جرائم کا شکار ہیں اور خاموش رہنے پر مجبور ہیں عدالت کا یہ موقف معاشرے کو واضح پیغام دیتا ہے کہ شادی کے جھوٹے وعدوں کا استحصال کرنے والوں کو بخشا نہیں جائے گا۔ فیصلے نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ قانون کی نظر میں خواتین کا احترام اور رضامندی سب سے اہم ہے اور کسی بھی قسم کا دھوکہ، زبردستی یا استحصال ایک سنگین جرم ہے۔

ہاؤسنگ ایسوسی ایشن پر فراڈ کا الزام

آسنسول: 18 جنوری (عوامی نیوز سروس) گوتم سنہا نامی شخص نے الزام لگایا کہ انڈال بلاک کے کھنڈرا علاقے میں ایک ہاؤسنگ ایسوسی ایشن سے مکان خرید کر اس کے ساتھ دھوکہ کیا ذرائع کے مطابق انہوں نے کہا کہ اکھڑا سے انڈال جاتے ہوئے کھنڈرا کالج کے سامنے ایک ہاؤسنگ ایسوسی ایشن کے پاس کافی زمین ہے پرائیویٹ ہاؤسنگ ایسوسی ایشنز دلچسپی رکھنے والے افراد کے لیے زمین کے ساتھ ساتھ مکانات فراہم کرتی ہیں وہیں، گوتم بابو نے 2023 میں ایسوسی ایشن سے 16 ایکڑ زمین خریدی تھی اس زمین پر 3400 مربع فٹ کا دو منزلہ مکان بنانے کے لیے ایسوسی ایشن کے ساتھ معاہدہ کیا گیا تھا گوتم بابو نے پچھلے سال کے وسط میں اپنے خاندان کے ساتھ نئے گھر میں رہنا شروع کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ایسوسی ایشن نے معاہدے کے مطابق بہت سے کام نہیں کیے اس کے علاوہ گھر میں بھی بہت سے مسائل ہیں۔ چھت پر پانی جمع ہے۔ دیوار پر نقصان ہے۔ اس طرح چھت کو نقصان پہنچنا خطرہ ہے اور گھر کے اندر دیواروں کا پینٹ اکھڑ رہا ہے۔ گوتم بابو نے کہا کہ اگر انجمن کو گھر میں موجود نقائص کے بارے میں بتایا گیا تو انہوں نے انہیں دور کرنے کا وعدہ کیا لیکن بدلے میں اس نے کئی لاکھ روپے مزید مانگے چند روز قبل کمپنی نے عدم ادائیگی پر گھر کا بجلی کا کنکشن کاٹ دیا تاہم بعد میں کنکشن بھی طے ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں پتہ چلا کہ نہ صرف ان کے گھر بلکہ کمپنی کی طرف سے بنائے گئے کئی دوسرے گھروں میں بھی اسی طرح کے مسائل تھے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کمپنی سے گھر کے مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کی درخواست کی ہے انہوں نے کہا کہ اگر کمپنی ایسا نہیں کرتی ہے تو وہ قانونی کارروائی کرنے کا بھی سوچ رہے ہیں اطلاع کے مطابق دوسری جانب کمپنی سے وابستہ راجو بنرجی نے گھر کے مالک گوتم بابو کے تمام الزامات کی تردید کی ہے انہوں نے کہا کہ انہیں ایسی کسی شکایت کا علم نہیں ہے۔

امتیازی سلوک (InstitutionalDiscrimination) کوئی اور نہیں بلکہ الیکشن کمشنر کر رہا ہے _ عارج جلیس

آسنسول 18 جنوری (عوامی نیوز سروس) امتیازی سلوک (InstitutionalDiscrimination) کوئی اور نہیں بلکہ الیکشن کمیشن آف انڈیا مغربی بنگال کے ووٹروں کے خلاف کر رہا ہے جن میں سے بہت سے لوگ اقلیتی برادریوں سے ہیں۔ اب الیکشن کمشنر نے ایک نیا نوٹس جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ بنگالی سیکنڈری اسکول (مدھیامک) کا ایڈمٹ کارڈ SIR کی سماعت کے وقت ووٹر کی عمر کا درست ثبوت نہیں مانا جائے گا بہت سے لوگ یہ سوچ رہے ہیں اگر کسی کے پاس پیدائش کا سرٹیفکیٹ نہیں ہے تو وہ اپنی عمر کیسے ثابت کرے گا؟ ایسا لگتا ہے کہ یہ انکوائری الیکشن کمیشن کی طرف سے ادارہ جاتی امتیاز (InstitutionalDiscrimination) کی طرف اشارہ کر رہی ہے یہ خاص طور پر مغربی بنگال کے ووٹروں اور نوجوان ووٹروں کو متاثر کر رہی ہے مذکورہ خیالات کا اظہار رانی گنج کی معروف شخصیت نامور رہنما سابق کاونسلر عارج جلیس موجودہ ایس آئی آر فارم اسکے جمع کرنے اور پھر ایس آئی آر کے تعلق سے ہونے والی سماعت سے متاثر ہو کر ایک بیان جاری کرتے ہوئے کیا ہے عارج جلیس نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ پورا تنازعہ مغربی بنگال میں انتخابی فہرستوں کی خصوصی گہری نظر ثانی (Special Intensive Revision - SIR) سے جڑا ہے اس پر انتخابی ہراسانی اور تعصب کے الزامات لگ رہے ہیں۔ الیکشن کمیشن نے بہت سخت اور غیر منصفانہ رویہ اپنایا ہے خوف پھیلا کر اصلی ووٹروں کے نام من مانی طور پر کاٹنا اور لوگوں کو ہراساں کرنا یہ سب جمہوریت کے نام کو داغدار کر رہا ہے ڈرافٹ رول میں لاکھوں سے زیادہ نام کاٹے گئے ہیں عام شہریوں کو بہت پریشانی ہو رہی ہے زیادہ تر اصلی ووٹروں کو سماعت کے لیے بلایا جارہا ہے ٹائپ 5 اور ٹائپ 6 والے صفحات کے لوگوں کو اپنی یا والدین کی تاریخ پیدائش کا سرٹیفکیٹ دینا پڑ رہا ہے بہت سے بزرگ لوگوں کے پاس صرف پرانا مدھیامک (سیکنڈری) ایڈمٹ کارڈ ہوتا ہے اب بتائیں سماعت کے دن یہ لوگ کیا ثبوت پیش کریں گے؟ ایک طرف تو الیکشن کمیشن کی پالیسی ایسی لگتی ہے جیسے بنگال کے باشندوں کو ان کے ووٹ کے حق سے محروم کرنے کی سازش ہو رہی ہے ہم لوگوں کو ان Level Both Officers کے ساتھ بھی کھڑا ہونا چاہیے جو اپنا کام ایمانداری سے کر رہے ہیں انہیں بھی راتوں رات نوٹس کا بنڈل تھما دیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ کل سماعت ہے پتہ نہیں کب کاغذات ملیں گے وہ بھی بہت مشکل میں ہیں ہمیں ان سب کے ساتھ مل کر کھڑا ہونا چاہیے۔ اس کے خلاف ایک طاقتور تحریک کی سخت ضرورت ہے، اس معاملے میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کس پارٹی سے ہیں یا آپ کی رائے کیا ہے سب کو متحد ہو کر اس ناانصافی کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے یہ مسئلہ عوامی بن گیا ہے۔ Save your voter right

بقیہ صفحہ اول کی

بقیہ: ٹاٹا کمپنی کو واپس لانے کی شوبھیندو کی بات کے باوجود مودی

یہ مودی کی گارنٹی ہے۔ لیکن مودی کو سینگور میں صنعت کاری کے بارے میں خاص طور پر کچھ کہتے ہوئے نہیں سنا گیا۔ بی جے پی کی مقامی قیادت اس کو لے کر تھوڑی مایوس ہے۔ ایک لیڈر کے الفاظ میں، "ہم نے سوچا تھا کہ وزیر اعظم سینگور کے بارے میں ضرور کچھ کہیں گے۔ وجہ یہ ہے کہ سینگور کے بہت سے لوگ یہ چاہتے ہیں۔ ہم انہیں یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ اگر بی جے پی اقتدار میں آئی تو وہ ضرور کچھ کرے گی۔ ہمارے منہ سے یہ سن کر بہت سے لوگ وزیر اعظم کی تقریر پر توجہ دے رہے تھے۔ وہ وعدہ سننا چاہتے تھے۔ لیکن ان میں سے کسی کو پتہ نہیں کہ اس وقت کیا ہوا، ہم ان کا جواب نہیں دیں گے۔" وہیں بی جے پی کے ہگلی تنظیمی ضلع سے تعلق رکھنے والے ایک رہنما کا کہنا ہے کہ "اس تعلق سے میں تھوڑا سا مایوس ہوں، اگر وہ کہتے کہ ٹاٹا واپس لائیں گے تو یہاں ہماری زمین مضبوط ہوتی۔ لیکن ہمیں یہ بھی ذہن میں رکھنا چاہیے کہ وہ وزیر اعظم ہیں، انہیں بہت سوچ سمجھ کر بات کرنی پڑتی ہے۔ اگر بی جے پی ریاست میں اقتدار میں آئی تو صنعت ہوگی۔

بقیہ: مودی کو بھی الیکشن کے بعد

کرنے کے لیے وزیر اعظم خود ریاست کا بار بار دورہ کر رہے ہیں۔ اتوار کو مودی نے سینگور میں کئی سرکاری منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے ساتھ ساتھ ایک سیاسی ریلی بھی کی۔ وہاں انہوں نے لوگوں سے بنگال سے ترنمول حکومت کا تختہ الٹنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب ترنمول چلی جائے گی تب ہی بنگال میں صنعت اور روزگار ہوگا۔ ابھیشیک نے تھپڑا سے اس کا جواب دیا۔ انہوں نے کہا، "آپ ٹھیک کہتے ہیں، تبدیلی کی ضرورت ہے، تبدیلی کی ضرورت ہے، آپ بدلیں گے۔ جو لوگ جے شری رام کہہ کر میٹنگیں شروع کرتے تھے وہ اب جے ما کالی، جے ماں درگا کہہ رہے ہیں۔ بنگال بی جے پی کے جلادوں کے سامنے نہیں جھکے گا۔ اگر کوئی بدلے گا تو عوام بی جے پی پارٹی کے لیڈروں کو بدلے گی۔

بقیہ: نندی گرام کو آپریٹیو انتخابات میں سبز طوفان

نندی گرام میں بی جے پی کے نتائج سے مایوس ہے۔ گزشتہ چند مہینوں میں بی جے پی نے نندی گرام میں کئی کوآپریٹو انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ لیکن تصویر ابھیشیک بنرجی کے دورے کے بعد ہی بدل گئی! معلوم ہوا ہے کہ احمد آباد کوآپریٹو کرشی اناؤن سمیتی لمیٹڈ کو آپریٹو انتخابات میں تین طرفہ لڑائی ہوئی تھی۔ ترنمول، بی جے پی اور سی پی ایم نے 12 سیٹوں پر امیدوار کھڑے کیے ہیں۔ تاہم، 2 خواتین کے لیے اور 1 درج فہرست ذات کے لیے ریزرو تھا۔ باقی 9 نشستوں پر عام امیدواروں نے مقابلہ کیا۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کو روکنے کے لیے صبح سے ہی پورے علاقے کو سخت حفاظتی انتظامات میں لپیٹ دیا گیا تھا۔ پولیس کی اضافی نفری تعینات کردی گئی۔ ووٹنگ کا دورانیہ بخوبی ختم ہونے کے بعد سہ پہر کو کوآپریٹو انتخابات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ نتائج کا اعلان ہوتے ہی دیکھا گیا کہ تمام سیٹوں پر ترنمول کے حمایت یافتہ امیدواروں نے بڑے فرق سے کامیابی حاصل کی۔ بی جے پی-سی پی ایم اپنے کھاتے نہیں کھول سکے۔ اس کے بعد ترنمول کارکنوں اور حامیوں نے ہری جھنڈی لہرائی اور خوشی کا اظہار کیا۔ تملوک تنظیمی ضلع ترنمول کے جنرل سکریٹری ارونابھ بھوئیان نے کہا، "کوآپریٹو انتخابات کے نتائج بتاتے ہیں کہ ترنمول اگلے اسمبلی انتخابات میں نندی گرام میں جیت کے ساتھ مسکرانے والی ہے۔ بی جے پی کو نندی گرام کی مٹی سے دھو کر صاف کیا جائے گا۔" تاہم بی جے پی اور سی پی ایم دونوں کیمپوں نے ترنمول کے اس دعوے کو مسترد کر دیا ہے۔ بی جے پی کے احمد آباد ریجن کے کنوینر دلیپ کمار پال نے کہا، "سی پی ایم نے اب تک ترنمول کے ساتھ کوآپریٹو پر مشترکہ قبضہ کیا تھا، سی پی ایم نے دوبارہ اس راستے پر عمل کیا ہے۔ رات کی تاریکی میں، سی پی ایم کے لیڈروں نے ووٹ کی پرچیاں بدلیں اور ترنمول کو ووٹ دینے کے لیے ووٹروں کے گھروں تک پہنچا دیے۔"

آئندہ اسمبلی انتخابات میں بی جے پی اور نندی گرام کے ساتھ ہی بی جے پی کا تعلق برقرار رہے گا۔ دوسری طرف، آج، اتوار کو نہ صرف نندی گرام میں بلکہ بھگوان پور 1 بلاک کے کجلا گڑھ گرام پنچایت میں بھی کجلا گڑھ بیرنگانہ متنگنی پرائمری ملٹی پرپز مہیلا سنگھا سماو سمیتی کی انتظامی کمیٹی کے لیے انتخابات ہوئے۔ کل 21 نشستوں پر انتخابات ہوئے۔ وہیں ترنمول کانگریس نے 15 سیٹیں بلا مقابلہ اور 4 سیٹیں بھاری ووٹوں سے جیتیں۔ بھگوان پور 1 بلاک ترنمول کانگریس کے صدر رابن چندر منڈل نے کہا کہ لوگ ترنمول کے علاوہ کسی سیاسی پارٹی پر بھروسہ نہیں کر سکتے۔ بی جے پی صرف شور مچاتی ہے لیکن تنظیمی طور پر ان کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اس لیے لوگوں نے انہیں دور دھکیل دیا ہے۔

بقیہ: پہلی نظر میں سر میں گولیاں، خونی شاہراہیں!

کے حکم پر ایرانی سکیورٹی فورسز شہریوں کے خلاف براہ راست ہتھیار استعمال کر رہی ہیں۔ وہ مظاہرین کو دیکھتے ہی ان کے سروں میں گولی مار رہے ہیں۔ رائفلز اور مشین گنوں کا استعمال کیا جا رہا ہے۔ جس کے نتیجے میں کئی لوگوں کے سروں، کندھوں اور سینوں سے گولیاں نکل رہی ہیں۔ خونی شاہراہیں۔ ایران میں انٹرنیٹ سروس بند کر دی گئی ہے۔ تاہم ایلون مسک کا اسٹارلنک وہاں مفت سروس فراہم کر رہا ہے۔ عامر نے اس کے ذریعے امریکی میڈیا سے بات کی۔ عامر ایک ماہر امراض چشم ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ گولیوں کی وجہ سے تقریباً 700 سے 1000 لوگ اپنی آنکھیں کھو چکے ہیں۔ 16 سے 18 ہزار لوگ مر چکے ہیں۔ مرنے والوں میں کئی بچے اور حاملہ خواتین بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ خون کی کمی کے باعث کئی لوگ جان کی بازی ہار رہے ہیں۔ ہسپتال مریضوں سے بھر گئے ہیں۔ لیکن وہ بھی خامنہ ای کا مسلسل جبر ہے۔ ٹرمپ کا ماچاڈو کو نوبل دینے پر تنازع، کیا انعامی رقم بھی امریکی صدر کو جائے گی؟ کمیٹی کھل جاتی ہے۔ ایران میں قیمتوں میں اضافے، صحت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں انتظامی ناکامیوں اور سخت گیر مذہبی حکومت کے خلاف ناراض عام لوگ سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ سپریم مذہبی رہنما خامنہ ای کے خلاف ہمہ گیر بغاوت شروع ہوگئی ہے۔ شروع سے ہی یہ الزامات لگائے جاتے رہے کہ ملک کی سکیورٹی فورسز مظاہروں کو دبانے کے لیے پرتشدد جبر وتشدد کر رہی ہیں۔ اندھادھند فائرنگ کی جارہی ہے۔ حال ہی میں امریکی ہیومن رائٹس نیوز ایجنسی (HRANA) نے دعویٰ کیا تھا کہ ہنگامہ خیز ایران میں ہلاکتوں کی تعداد تین ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔ لیکن اب ایک نئی رپورٹ سامنے آئی ہے جس نے فطری طور پر عالمی برادری کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔

بقیہ: بی جے پی والوں میرے خلاف مقدمہ لکھ کر مجھے ڈرانے دھمکانے کی کوشش

گیا، جس کی مخالفت کاشی کے سادھوؤں نے کی، اہلیہ بائی ہولکر جی کے خاندان نے کی، یہاں تک کہ سابق لوک سبھا اسپیکر سمترا مہاجن جی نے بھی احتجاج درج کرایا۔ مگر ایف آئی آر مجھ پر ہی درج کر دی گئی۔ مندروں کو توڑنے والے گناہ گاروں کے خلاف کارروائی کرو، مجھے ڈرانے کی کوشش مت کرو۔" ہندی نیوز پورٹل 'اے بی پی' پر شائع خبر کے مطابق وارانسی پولیس نے اس معاملے میں کارروائی کرتے ہوئے وارننگ جاری کی ہے کہ "اگر اس معاملے میں آئندہ بھی کوئی گمراہ کن خبر یا اے آئی سے تیار کردہ مواد پھیلایا گیا تو سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔" پولیس نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ گمراہ کن معلومات پر یقین نہ کریں۔ اے سی پی دشاشومیدھ گھاٹ اتل انجان نے بتایا کہ "سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر افواہیں پھیلانے کے الزام میں 8 الگ الگ مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ تھانہ چوک میں 8 افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ ان 8 افراد میں عام آدمی پارٹی اور کانگریس پارٹی کے عہدیداران بھی شامل ہیں۔ ان سب کے خلاف بی این ایس کی دفعات 196، 298، 299 اور 353 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی مذہبی جذبات بھڑکانے اور سماجی ہم آہنگی بگاڑنے کا بھی الزام عائد کیا گیا ہے۔"

اندرا گاندھی اسپورٹس کمپلیکس میں دوران میچ ملبہ نیچے آ گرا، بی ڈبلیو ایف ورلڈ چیمپئن شپ کی میزبانی سے قبل انتظامات کی قلعی کھل گئی

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) نئی دہلی میں کھیلے جا رہے انڈیا اوپن سپر 750 ٹورنامنٹ کے دوران اس وقت سنسنی پھیل گئی جب خواتین کے ڈبلز سیمی فائنل کے دوران کورٹ نمبر 1 کی چھت سے اچانک ملبہ نیچے آ گرا۔ اس واقعے کے فوراً بعد کھیل کو روک کر اسٹیڈیم کی ہنگامی جانچ شروع کر دی گئی ہے۔ یہ واقعہ ہفتہ کے روز اس وقت پیش آیا جب ٹاپ سیڈ چینی جوڑی لیو شینگشو اور ٹین ننگ کا مقابلہ جنوبی کوریا کی جوڑی بیک ہانا اور لی سوہی سے جاری تھا۔ جب چینی کھلاڑی سروس کرنے کی تیاری کر رہی تھیں، تو اوپر سے ملبہ عین کورٹ کے بیچوں بیچ آ گرا۔ کھلاڑی حیرت اور خوف کے عالم میں فوری طور پر کورٹ سے باہر نکل گئیں، جس کے بعد صفائی کے عملے کو طلب کیا گیا اور کئی منٹ کے تعطل کے بعد کھیل دوبارہ شروع ہو سکا۔ اس واقعے نے ٹورنامنٹ کے انتظامات اور اسٹیڈیم کی صفائی ستھرائی کے حوالے سے پہلے سے جاری بحث کو مزید تیز کر دیا ہے۔ کورٹ پر پرندوں کی بیٹ، اسٹیڈیم میں گندگی اور احاطے میں آوارہ جانوروں کی موجودگی پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ تماشائیوں کے گیلری میں بندروں کے دیکھے جانے سے کھلاڑیوں اور شائقین کی سیکیورٹی پر سوالات اٹھائے گئے۔ ڈنمارک کی میا بلچ فیلڈ سمیت کئی کھلاڑیوں نے دہلی کی اسموگ (Smog) اور شدید سردی کے باعث سانس لینے اور کارکردگی دکھانے میں دشواری کی شکایت کی۔ بیڈمنٹن ورلڈ فیڈریشن نے ان شکایات کو تسلیم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ موسم جیسے عوامل چیلنجنگ ہیں، لیکن بیڈمنٹن ایسوسی ایشن آف انڈیا (BAI) صفائی اور جانوروں کے کنٹرول کے حوالے سے بہتری لانے کی کوشش کر رہی ہے۔ تاہم، ہفتہ کے واقعے نے ان تمام یقین دہانیوں کی قلعی کھول دی ہے، خاص طور پر اس وقت جب ہندوستان رواں سال کے آخر میں بی ڈبلیو ایف ورلڈ چیمپئن شپ کی میزبانی کرنے والا ہے۔

جزی المحربی ایس ایس ایل 47 یاٹ ریسنگ میں تاریخ رقم کرنے والی پہلی اماراتی خاتون

ابوظہبی، 18 جنوری (یو این آئی) متحدہ عرب امارات کی 28 سالہ سیلر جزی الحربی نے 47 SSL یاٹ کلاس میں باقاعدہ مقابلہ کرنے والی پہلی اماراتی خاتون بن کر تاریخ کے اوراق میں اپنا نام درج کروا لیا ہے۔ تھائی لینڈ میں منعقدہ ساؤتھ ایسٹ ایشیا گیمز کے دوران انہوں نے آٹھ مرد ساتھیوں کے ساتھ مل کر سمندر کے سینے پر اماراتی پرچم بلند کیا۔ جزی المہیر سی کے سفر کا آغاز چھ سال قبل تجسس اور سمندر سے لگاؤ کے ساتھ ہوا تھا۔ ابوظہبی میرین اسپورٹس کلب سے تربیت پانے والی جزی الحربی نے پہلے ILCA 6 کلاس میں اپنی صلاحیتوں کو منوایا، لیکن کھلے سمندر اور آف شور ریسنگ کی پیچیدگیوں نے انہیں ایک نئی سمت دکھائی۔ یہ مقابلہ برازیل میں ہونے والی 2026 سیلنگ ورلڈ چیمپئن شپ کے لیے کوالیفیکیشن کا حصہ ہے۔ ٹیم نے گزشتہ اگست میں سوئٹزرلینڈ میں 10 روزہ تربیتی کیمپ لگایا تاکہ بین الاقوامی معیار کی تیاری کی جا سکے۔ تھائی لینڈ میں اماراتی ٹیم عمان کے بعد دوسرے نمبر پر رہی، جسے جزی ایک بڑی کامیابی قرار دیتی ہیں۔ جزی کا کہنا ہے کہ "ٹیم میں واحد خاتون ہونے کا مطلب یہ تھا کہ مجھے دوگنی محنت کرنی پڑی۔ سمندری ریسنگ میں ہر فیصلہ اہمیت رکھتا ہے، چاہے وہ بادبان (Sail) کو درست کرنا ہو یا لہروں کی سمت پڑھنا۔" جزی المہیر سی خلیفہ پورٹ فری زون میں فل ٹائم ملازمت کے ساتھ ساتھ اپنی فٹنس اور تربیت کو بھی وقت دیتی ہیں، کام کی جگہ سے ملنے والی لچک اور سرکاری تعاون کو وہ اپنی کامیابی کی کلید قرار دیتی ہیں۔ 2023 میں اسپیشل اولمپکس برلن میں کانسہ کا تمغہ جیتنے والی جزی الحربی اب اپنی نظریں اولمپک اسٹیج پر جمائے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ "متحدہ عرب امارات کے پاس وہ تمام وسائل موجود ہیں جو اولمپک سیلنگ تک پہنچنے کے لیے درکار ہیں۔ میرا مقصد واضح ہے اور میں اس خواب کی تعبیر تک اپنی محنت جاری رکھوں گی۔

ہندوستانی خواتین کرکٹ ٹیم کا دورہ آسٹریلیا: بھارتی پھولمالی اور شرینکا پاٹل کی ٹیم میں واپسی

ممبئی، 18 جنوری (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ بورڈ (BCCI) نے فروری میں شیڈول آسٹریلیا کے اہم دورے کے لیے ٹی ٹوئنٹی اور ون ڈے اسکواڈز کا اعلان کر دیا ہے۔ اس بار سلیکٹرز نے تجربے اور یوتھ کے امتزاج پر توجہ دیتے ہوئے کئی حیران کن فیصلے کیے ہیں۔

بیٹر بھارتی پھولمالی کی 2019 کے بعد پہلی بار ہندوستانی ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ ان کی شمولیت کی بڑی وجہ موجودہ ڈبلیو پی ایل (WPL) میں ان کا شاندار اسٹرائیک ریٹ (191.66) رہا ہے۔ ان کے ساتھ اسٹار آف اسپنر شرینکا پاٹل بھی انجری سے نجات پانے کے بعد ٹیم میں واپس لوٹ آئی ہیں۔ شرینکا نے حالیہ میچوں میں بہترین فارم کا مظاہرہ کیا ہے، جس میں گجرات جائنٹس کے خلاف حاصل کی گئی پانچ وکٹیں بھی شامل ہیں۔ 17 سالہ وکٹ کیپر بیٹر جی کملنی اور لیفٹ آرم اسپنر ویشنوی شرما کو پہلی بار ون ڈے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ دونوں کھلاڑی اس سے قبل ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکی ہیں۔ تجربہ کار اسپنر رادھا یادو کو ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی دونوں اسکواڈز سے ڈراپ کر دیا گیا ہے، جبکہ اروندھتی ریڈی صرف ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں جگہ برقرار رکھ سکی ہیں۔ فاسٹ بالر کاشوی گوتم کو ون ڈے ٹیم میں واپس بلایا گیا ہے۔ ہرلین دیول ون ڈے سیٹ اپ کا حصہ تو ہیں، لیکن انہیں ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ سے باہر کر دیا گیا ہے۔ ہندوستان اور آسٹریلیا کے درمیان سیریز کا آغاز 15 فروری سے ہوگا جو 9 مارچ تک جاری رہے گی۔ اس دورے میں درج ذیل مقابلے شامل ہیں:

3 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل
3 ون ڈے انٹرنیشنل
1 واحد ٹیسٹ میچ (پرتھ)

منتخب کردہ اسکواڈز

ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ: ہرمن پریت کور (کپتان)، اسمرتی مندھانا، شیفالی ورما، رینوکا ٹھاکر، شری چرنی، ویشنوی شرما، کرانتی گوڑ، اسنیہ رانا، دیپتی شرما، رچا گھوش (وکٹ کیپر)، جی کملنی (وکٹ کیپر)، اروندھتی ریڈی، امن جوت کور، جمیما روڈریگز، بھارتی پھولمالی، شرینکا پاٹل۔

ون ڈے اسکواڈ: ہرمن پریت کور (کپتان)، اسمرتی مندھانا، شیفالی ورما، رینوکا ٹھاکر، شری چرنی، ویشنوی شرما، کرانتی گوڑ، اسنیہ رانا، دیپتی شرما، رچا گھوش (وکٹ کیپر)، جی کملنی (وکٹ کیپر)، کاشوی گوتم، امن جوت کور، جمیما روڈریگز، ہرلین دیول۔

☆

طیب النساء: پہلی مسلم خاتون ایتھلیٹ جس نے آسام کے لیے تمغہ جیتا

یوم پیدائش 19 جنوری پر خاص

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) طیب النساء ایک ہندوستانی سابق ایتھلیٹ ہیں جو اپنی بہترین کارکردگی، ٹائمنگ، فٹنیس کے لیے جانی جاتی ہیں۔ انہوں نے سال 1974 میں ڈسکس تھرو میں قومی ریکارڈ توڑا اور کئی بین الاقوامی مقابلوں میں ملک کا نام روشن کیا۔ طیب النساء، جن کا تعلق ضلع شیوساگر سے ہے، ایک متوسط مسلم گھرانے میں پیدا ہوئیں۔ جب وہ آٹھویں جماعت میں زیر تعلیم تھیں تو ان کے والدین کا انتقال ہو گیا تھا۔ کھیلوں سے دلچسپی کم عمری میں ہو گئی تھی۔ ایک قدامت پسند گھرانے سے تعلق رکھنے کی وجہ سے انہیں کھیلوں میں حصہ لینے کے لیے اپنے ابتدائی دنوں میں بہت سی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لیکن یہ رکاوٹیں ان کو مقاصد کے حصول سے نہیں روک سکیں۔ کم عمری میں اپنے والدین کو کھونا، ان کی زندگی کا سب سے بڑا صدمہ تھا، لیکن النساء کو گھر کی ذمہ داریوں نے زندگی میں مشکلات کا مقابلہ کرنے کی ہمت دی۔

سال 1971 میں النسائنے 9ویں انٹر اسٹیٹ ایتھلیٹک چیمپئن شپ میں حصہ لیا اور احمد آباد میں اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔ اس ٹورنامنٹ میں النساء نے کانسہ کا تمغہ جیتا اور قومی چیمپئن شپ میں تمغہ جیتنے والی اپنی ریاست آسام کی پہلی خاتون کھلاڑی بن کر کھیلوں میں تاریخ رقم کی۔ 1970 کی دہائی میں دیہی آسام سے تعلق رکھنے والی ایک مسلم خاتون کے طور پر، جب بہت کم لڑکیاں مسابقتی ایتھلیٹکس میں قدم رکھتی تھیں، النساء نے غیر معمولی حوصلے کا مظاہرہ کیا۔ جس زمانے میں طیب النساء کھیلوں میں کچھ کرنے اور ملک کا نام روشن کرنے کا سوچ رہی تھیں وہیں ان کے قرب و جوار میں ایسے لوگ بھی موجود تھے جو باہر نکلنے والی لڑکیوں کے بارے میں ایسی باتیں کیا کرتے تھے جو بیرونی سرگرمیوں میں حصہ لینے نکلتی تھیں۔ لیکن طیب النساء نے ان سب کو نظر انداز کرنے کی کوشش کی کیونکہ وہ جانتی تھیں کہ بحران کی اس گھڑی میں یہ لوگ مدد تو لازماً کریں گے ہی نہیں۔ اس کے برعکس باقی گھر والوں نے النساء کو مزید مضبوط اور حوصلہ بخشا۔ جس وقت النساء کھیل کی مشق کیا کرتی تھیں اس وقت ان کے پاس مشق کرنے کی زیادہ سہولیات میسر نہیں تھی لیکن وہ ہمیشہ ذہنی طور پر ہر چیز کے لئے تیار رہتی تھیں۔ النساء کو اس بات کا یقین تھا کہ ان کی لگن ہی ان کو کامیابی کی طرف لے جا سکتی ہے۔

ابتدائی دور میں ان کے والد نے ایک شاٹ پٹر اور جیولین پھینکنے والا بھی، نوجوان طیب کو ابتدائی طور پر تربیت دی تھی۔ ان کے والد نے کھیلوں میں ان کی دلچسپی دیکھی اور النساء کو ہر روز کھیل کے میدان میں لے کر جاتے تھے۔ طیب النسا نے ڈسک تھرو کی مشق بڑے عجیب و غریب ڈھنگ سے کی۔ چونکہ ان کا تعلق ایک متوسط گھرانے سے رہا۔ النساء کو کھیتی باڑی سے بھی بہت اچھی واقفیت رہی۔ انہوں نے اپنے ایک کزن کی دھان کے کھیت میں مشق کے دوران اس کی مدد کر کے ڈسکس تھرو کی بنیادی باتیں سیکھنا شروع کیں۔ وہ ڈسکس پھینکتے تھے اور النساء ڈسکس کو جمع کر کے ان کو واپس پھینکتی تھیں۔ آہستہ آہستہ، النساء نے اپنے بازوؤں کو مضبوط کیا اور اسے کھیل کے میدان میں آزمانا شروع کیا۔ حالانکہ النساء کو کبھی بھی مناسب تربیت نہیں مل سکی۔ لیکن النساء کے اندر وہ تمام صلاحیتیں موجود تھیں جو دوسرے ممالک کے ان کے ہم عصروں کے لئے تھیں۔ کچھ عرصہ گزرنے کے بعد ان کی صلاحیتوں کو رنجیت گوگوئی نے دیکھا، جو اس کھیلوں کے منتظم تھے۔ انہوں نے اس چھوٹی شیو ساگر لڑکی کو آل آسام انٹر ڈسٹرکٹ ایتھلیٹکس میٹ میں ضلع کی نمائندگی کرنے کے لیے اسپانسر کیا۔ جلد ہی، النساء نے ایشیائی کھیلوں، جاپان، امریکہ اور جنوبی افریقہ میں ہونے والے عالمی تجربہ کار ایتھلیٹکس اجلاس میں ہندوستان کی نمائندگی کی۔ یہ النساء کی زبردست حوصلہ افزائی تھی۔ یہ ان کی بے پناہ لگن اور بہت سی قربانیاں دینے کی انتھک جدوجہد کا نتیجہ تھا۔ اس کامیابی سے انہیں جو اعتماد ملا اس نے انہیں بڑے اہداف حاصل کرنے میں مدد کی۔

النساء نے گھر کی کفالت کی خاطر 70 کی دہائی میں 250 روپے کی تنخواہ پر ریلوے میں ملازمت بھی کی۔ سال 1982 کے ایشیائی کھیلوں میں، النساء تمغہ حاصل کرنے سے محروم رہ گئیں۔ النساء نے 1971 میں ڈسکس تھرو میں قومی ریکارڈ توڑا اور دنیا بھر میں کئی بین الاقوامی مقابلوں میں ملک کی نمائندگی کی۔ سال 1974 میں جے پور میں اس نے ڈسکس تھرو میں 12 سال پرانا قومی ریکارڈ توڑا۔ اس نے ٹورنامنٹ میں 29.32 میٹر کی دوری کے ساتھ تھرو کیا۔ وہ کھیلوں میں کسی آسامی خاتون کی طرف سے جیتنے والا پہلا تمغہ تھا۔ انہوں نے نئی دہلی میں 1982 کے ایشین گیمز میں بھی حصہ لیا لیکن تمغہ حاصل کرنے سے محروم رہی۔ انہوں نے ایشین گیمز کے ٹرائلز میں اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے ایشین گیمز سے قبل قومی کیمپ میں دو سال تک تربیت حاصل کی۔ [؟] وہ قومی پلیٹ فارم پر آسام کے لیے تمغہ جیتنے والی پہلی خاتون ایتھلیٹ بن گئیں۔

نسا کی پیش قدمی پر مبنی کامیابیوں نے آسام اور شمال مشرقی ہندستان میں آنے والی نسلوں کی ایتھلیٹس کے لیے گہرا اثر چھوڑا ہے۔ 1974 میں ڈسکس تھرو میں ان کا قومی ریکارڈ اور قومی سطح پر تمغہ جیتنے والی پہلی آسامیہ خاتون ہونے کا اعزاز، ہیما داس جیسی اسپرنٹر اور لوولینا بورگوہین جیسی باکسر کے لیے باعثِ ترغیب بنا، جنہوں نے تقریباً 48 برس بعد اولمپکس میں کامیابیاں حاصل کیں۔ آسام کی کھلاڑی اکثر ان کی کہانی کو استقامت کی مثال کے طور پر پیش کرتی ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پسماندہ برادریوں سے تعلق رکھنے والی خواتین بھی نظامی مشکلات کے باوجود کھیلوں میں اعلیٰ کارکردگی دکھا سکتی ہیں۔

قیادتی کرداروں کے ذریعے، نساء نے ایتھلیٹکس میں صنفی مساوات کے فروغ کے لیے سرگرم کردار ادا کیا ہے۔ آسام ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کی نائب صدر کی حیثیت سے، انہوں نے غیر ملکی کوچز کی شمولیت اور باقاعدہ ایتھلیٹکس اکیڈمیوں کے قیام کی وکالت کی، تاکہ خصوصاً خواتین میں صلاحیتوں کو نکھارا جا سکے۔ ان تنظیمی کوششوں میں ان کی شمولیت کا مقصد کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے میں علاقائی تفاوت کو دور کرتے ہوئے جامع ماحول پیدا کرنا رہا ہے۔ اس کے علاوہ، وہ آسام میں مختلف تقریبات اور سماجی اقدامات میں شریک رہی ہیں تاکہ خواتین کی کھیلوں میں شمولیت کی حوصلہ افزائی کی جا سکے، اور اپنے پلیٹ فارم کو ابھرتی ہوئی کھلاڑیوں کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کے لیے استعمال کیا ہے۔ نشا کے متاثر کن کردار کے اعتراف میں انہیں خواتین کے کھیلوں کی ایک علمبردار کے طور پر نمایاں اعزازات سے نوازا گیا ہے۔ 2016 میں انہیں ایتھلیٹکس اور سماجی ترقی میں خدمات کے اعتراف میں یا مین ہزاریکا وومن آف سبسٹینس ایوارڈ دیا گیا۔ اس سے قبل، 2010 میں، مقامی تنظیموں کی جانب سے انہیں رکاوٹیں توڑنے اور نوجوانوں کو متاثر کرنے پر وومن آف سبسٹینس ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ یہ اعزازات شمال مشرقی ہندستان کے کھیلوں میں صنفی مساوات کے لیے ایک محرک کے طور پر ان کی میراث کی توثیق کرتے ہیں۔

النساء نے ایک کھیل اکیڈمی اور ایک ہاسٹل قائم کرنے کا منصوبہ بھی بنایا۔ جس میں وہ خاص طور پر ان لڑکیوں کے لیے جو غریب خاندانوں سے ہیں، ٹریننگ دے سکیں۔ طیب النسا آسام ایتھلیٹکس ایسوسی ایشن کی نائب صدر اور جنرل سکریٹری بھی رہ چکی ہیں۔ طیب النساء آسام کی پہلی خاتون ایتھلیٹ ہیں جن کی قومی اسٹیج پر 48 سال قبل شاندار کارکردگی اسپرنٹر ہیما داس، تیراک مٹھو بوروہ، ٹیبل ٹینس چیمپئن مونالیشا باروہ مہتا، باکسر شیوا تھاپا، آرچر جینتا تلوک جیسے لوگوں کے لیے ایک تحریک بنیں۔

پی ڈبلیو ایل 2026: ہریانہ تھنڈرز کی فتوحات کا سلسلہ برقرار، دہلی دنگل واریئرز کو 3-6 سے شکست

نوئیڈا، 18 جنوری (یو این آئی) جاپانی کشتی کی لیجنڈ پہلوان یوئی سوساکی کی شاندار کارکردگی کی بدولت ہریانہ تھنڈرز نے پرو ریسلنگ لیگ (PWL) 2026 کے پانچویں میچ میں دہلی دنگل واریئرز کو ایک طرفہ مقابلے کے بعد 3-6 سے دھول چٹا دی۔ اس فتح کے ساتھ ہی ہریانہ کی ٹیم 4 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر سرفہرست آ گئی ہے۔

میچ کی خاص بات اولمپک گولڈ میڈلسٹ اور ہریانہ تھنڈرز کی کپتان یوئی سوساکی کا تاریخی مظاہرہ تھا۔ انہوں نے 53 کلوگرام ویمن کیٹیگری میں اپنی حریف ساریکا کو محض 57 سیکنڈز میں 0-16 کے اسکور سے شکست دے کر لیگ کی تاریخ کی تیز ترین 'ٹیکنیکل سپیریارٹی' جیت کا ریکارڈ اپنے نام کیا۔ سوساکی کو ان کی اس ناقابل یقین پرفارمنس پر 'پلیئر آف دی میچ' قرار دیا گیا، جبکہ دہلی کے توران بائراموف کو 'فائٹر آف دی میچ' کا ایوارڈ ملا۔

ہریانہ کی کاجل ڈھوچک نے 76 کلوگرام زمرے میں اناستاسیا کو 5-6 سے ہرا کر ٹیم کو برتری دلائی۔ 57 کلوگرام مردوں کے مقابلے میں انکوش چندرم نے بھیم کو 3-13 سے ہرا کر اسکور 0-2 کر دیا۔ فیصلہ کن لمحات میں یوئی سوساکی کی ریکارڈ ساز فتح کے بعد، انیرودھ گلیا (0-13) اور نیہا سانگوان نے اپنے اپنے مقابلے جیت کر ہریانہ کی جیت یقینی بنا دی۔

دہلی کے کپتان سجیت کلکل نے 65 کلوگرام میں پہلی کامیابی دلائی، جبکہ توران بائراموف نے 74 کلوگرام میں 1-8 سے فتح حاصل کی۔ آخری مقابلہ ہریانہ کے دستبردار ہونے کی وجہ سے دہلی کے نام رہا، لیکن مجموعی برتری ہریانہ کے پاس ہی رہی۔

"میں اپنی کارکردگی سے مطمئن ہوں، میرا ہدف شروع سے ہی جارحانہ کھیل پیش کرنا تھا تاکہ ٹیم کو برتری مل سکے۔" - یوئی سوساکی (ہریانہ تھنڈرز)

"میچ کانٹے دار تھے لیکن قسمت نے ساتھ نہیں دیا۔ ہم اپنی غلطیوں سے سیکھ کر اگلے مقابلوں میں بہتر واپسی کریں گے۔" - سجیت کلکل (دہلی دنگل واریئرز)

بگ بیش لیگ: آسٹریلیائی کھلاڑی کسی رعایت پر یقین نہیں رکھتے: رانا نوید الحسن

سڈنی، 18 جنوری (یو این آئی) بگ بیش لیگ (BBL) کے دوران اسٹیو اسمتھ کی جانب سے بابر اعظم کو سنگل رن نہ دینے کا معاملہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ اس حساس موضوع پر پاکستان کے سابق کرکٹر رانا نوید الحسن نے بھی خاموشی توڑ دی ہے اور آسٹریلیائی کرکٹ کلچر کے حوالے سے اپنے تجربات کی روشنی میں اہم انکشافات کیے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری اپنے بیان میں رانا نوید الحسن نے کہا کہ بگ بیش لیگ میں طویل عرصہ کھیلنے کے تجربے نے مجھے یہ سکھایا کہ آسٹریلوی کرکٹرز انتہائی صاف گو اور پروفیشنل ہوتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہاں کھلاڑیوں کے دلوں میں کسی "بڑے نام" کا کوئی خوف یا غیر ضروری رعب نہیں ہوتا، بلکہ وہ صرف کارکردگی اور صلاحیت پر یقین رکھتے ہیں۔

رانا نوید الحسن نے سڈنی سکسرز اور سڈنی تھنڈر کے میچ کے دوران پیش آنے والے واقعے کا تجزیہ کرتے ہوئے کہا "جب آپ انٹرنیشنل اسٹارز کے ساتھ کھیلتے ہیں تو آپ کو آپ کے 'امپیکٹ' (اثر) کے لحاظ سے پرکھا جاتا ہے۔" "اسٹیو اسمتھ نے بابر اعظم کو اسٹرائیک نہ دے کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ آپ کو (بطور ٹی ٹوئنٹی پلیئر) کس نظر سے دیکھتے ہیں۔ سابق پاکستانی فاسٹ بالر نے پاکستان کے اسٹار بیٹرز کو آئینہ دکھاتے ہوئے کہا کہ دورِ حاضر کی جدید ٹی ٹوئنٹی کرکٹ بدل چکی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بابر اعظم اور محمد رضوان کو اس فارمیٹ میں اپنی اہلیت اور کھیل کے انداز پر دوبارہ سنجیدگی سے سوچنے کی ضرورت ہے۔

واضح رہے کہ سڈنی سکسرز کی نمائندگی کرتے ہوئے اسٹیو اسمتھ نے بابر اعظم کی شاٹ پر رن لینے سے انکار کر دیا تھا، جس پر بابر نے شدید ناگواری کا اظہار کیا۔ آؤٹ ہونے کے بعد بابر اعظم اس قدر غصے میں تھے کہ انہوں نے باؤنڈری لائن پر اپنا بلا مار کر احتجاج بھی ریکارڈ کرایا تھا۔

افریقن کپ آف نیشنز: نائیجیریا نے مصر کو ہرا کر تیسری پوزیشن چھین لی

کاسابلانکا، مراکش، 18 جنوری (یو این آئی) نائیجیریا کے "سپر ایگلز" نے افریقن کپ آف نیشنز کے پلے آف مرحلے میں مصر کو پنالٹی شوٹ آؤٹ پر 2-4 سے شکست دے کر ایونٹ میں تیسری پوزیشن اپنے نام کر لی۔ کاسابلانکا کے اسٹیڈیم محمد پنجم میں کھیلا گیا یہ مقابلہ مقررہ وقت تک بغیر کسی گول کے برابر رہا تھا۔

نائیجیریا کی جانب سے ایڈیمولا لوک مین نے آخری اور فیصلہ کن پنالٹی اسکور کر کے ٹیم کو فتح دلائی۔ اس سے قبل فیسائیو ڈیلے بشیرو پہلی کک مس کر گئے تھے، تاہم اکور ایڈمز، کپتان موسیس سائمن اور ایلکس ایووبی نے گیند کو جال کی راہ دکھا کر برتری برقرار رکھی۔ دوسری جانب مصر کے اسٹار کھلاڑی محمد صلاح اور عمر مرموش کی ککس نائیجیریا کے گول کیپر اسٹینلے نوابالی نے روک کر اپنی ٹیم کی جیت میں کلیدی کردار ادا کیا۔

نائیجیریا نے AFCON کی تاریخ میں تیسری پوزیشن کے لیے کھیلے گئے اپنے تمام 8 مقابلوں میں فتح حاصل کرنے کا اعزاز برقرار رکھا ہے۔

میچ کے دوران نائیجیریا کے پال اونوچو کا گول VAR ریویو کے بعد فاؤل قرار دے کر منسوخ کر دیا گیا، جبکہ دوسرے ہاف کے آغاز میں لوک مین کا ایک گول آف سائیڈ ہونے کی وجہ سے مسترد ہوا۔ اسٹیڈیم میں موجود 45 ہزار تماشائیوں کی اکثریت نے نائیجیریا کی حمایت کی، جس کی وجہ مراکش اور مصر کے درمیان روایتی فٹ بال حریف مانی جاتی ہے۔ نائیجیریا کے لیے یہ فتح اس لحاظ سے اہم ہے کہ وہ گزشتہ نومبر میں ورلڈ کپ پلے آف اور تین دن قبل سیمی فائنل میں پنالٹی شوٹ آؤٹ پر ہی شکست کھا کر خطاب کی دوڑ سے باہر ہوئے تھے۔ اس بار قسمت نے سپر ایگلز کا ساتھ دیا اور وہ میڈل جیتنے میں کامیاب رہے۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Monday, 19th January 2026
روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
سوموار، ۱۹ر جنوری ۲۰۲۶ء

SPORTS کھیل کی دنیا

ڈیرل مچل اور گلین فلپس کی سنچریوں کے جواب میں کوہلی کی جوابی سنچری
ہندوستان کو ملا پہاڑ جیسا اسکور، منزل ہنوز دور است

اندور، 18 جنوری (یو این آئی): نیوزی لینڈ کے خلاف وراٹ کوہلی نے پھر ایک سنچری بنائی اور مشکل مرحلے میں ٹیم کو جیت کی طرف لے جانے کی کوشش کی جس میں بھرپور ساتھ دینے کی کوشش ہرشت رانا نے کی جس میں 40 رن بنائے اور انڈیا کے 6 وکٹوں پر 254 رن بنے جب 8 اوور کا کھیل باقی تھا۔ نیوزی لینڈ نے ہندوستان کے خلاف تیسرے اور آخری ایک روزہ میچ میں ڈیرل مچل اور گلین فلپس کی شاندار سنچریوں کی بدولت مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 337 رنز کا بڑا اسکور کھڑا کر دیا ہے۔ کیوی بلے بازوں نے ہندوستانی بالرز کے خلاف جارحانہ کھیل پیش کر کے سیریز کے اختتام پر اپنی ٹیم کو مضبوط پوزیشن میں پہنچا دیا ہے۔

ہندوستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا جو آغاز میں درست ثابت ہوا۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم محض 5 رنز کے مجموعی اسکور پر اپنے دونوں اوپنرز، ہنری نکولس (0) اور ڈیون کونوے (5) سے محروم ہو گئی۔ اس کے بعد ول ینگ (30) نے مچل کے ساتھ مل کر ٹیم کو سنبھالا، لیکن 13 ویں اوور میں وہ بھی پویلین لوٹ گئے۔ 58 رنز پر تین وکٹیں گرنے کے بعد ڈیرل مچل اور گلین فلپس نے ہندوستانی بالرز کے خلاف محاذ سنبھال لیا۔

ڈیرل مچل نے اپنی شاندار فارم جاری رکھتے ہوئے 131 گیندوں پر 137 رنز بنائے جس میں 15) چوکے، 3 چھکے) شامل تھے۔ مچل کا بھرپور ساتھ دیتے ہوئے فلپس نے 88 گیندوں پر 106 رنز کی طوفانی اننگز کھیلی 9) چوکے، 3 چھکے)۔

دونوں کے درمیان چوتھی وکٹ کے لیے 219 رنز کی رفاقت قائم ہوئی، جو ہندوستان کے خلاف کسی بھی وکٹ کے لیے نیوزی لینڈ کی دوسری سب سے بڑی شراکت داری ہے۔ ایک موقع پر نیوزی لینڈ کا اسکور 350 سے تجاوز کرتا دکھائی دے رہا تھا، لیکن ہندوستانی بالرز نے آخری اوورز میں عمدہ واپسی کی۔

ارشدیپ سنگھ نے 44 ویں اوور میں فلپس کو آؤٹ کر کے اس خطرناک شراکت کا خاتمہ کیا۔ اگلے ہی اوور میں محمد سراج نے سنچری میکر ڈیرل مچل کو چلتا کیا۔ ارشدیپ سنگھ اور ہرشیت رانا نے 3، 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ محمد سراج اور کلدیپ یادو کے حصے میں ایک ایک وکٹ آئی۔ ہندوستان کو سیریز کلین سویپ کرنے یا اختتام اچھے نوٹ پر کرنے کے لیے اب 338 رنز کا مشکل ہدف حاصل کرنا ہوگا۔

کرکٹ کی تاریخ کا ناقابلِ یقین الٹ پھیر: 40 رنز کا ہدف بھی پہاڑ بن گیا، 253 سالہ ریکارڈ پاش پاش

لاہور، 18 جنوری (یو این آئی) کرکٹ کو 'ان ہونی کا کھیل' کہا جاتا ہے، لیکن پاکستان کے ڈومیسٹک سیزن میں ایک ایسا معجزہ رونما ہوا ہے جس نے ڈھائی صدیوں پرانی تاریخ بدل کر رکھ دی۔ پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے ایک سنسنی خیز مقابلے میں وہ ہو گیا جس کا تصور بھی محال تھا: ایک مضبوط ٹیم محض 40 رنز کے معمولی ہدف کے تعاقب میں ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور پوری ٹیم صرف 37 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی اور کرکٹ کی دنیا کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ تفصیلات کے مطابق، ایس این جی پی ایل (SNGPL) اور پی ٹی وی (PTV) کے درمیان کھیلے گئے فرسٹ کلاس میچ میں پی ٹی وی نے وہ کارنامہ انجام دیا جو 253 سالوں میں کوئی نہ کر سکا۔ پی ٹی وی کی ٹیم نے فرسٹ کلاس کرکٹ کی تاریخ میں سب سے کم اسکور کا کامیاب دفاع کر کے اپنا نام سنہری حروف میں لکھوالیا۔ ایس این جی پی ایل کو میچ جیتنے کے لیے صرف 40 رنز کی ضرورت تھی، جو کہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں ایک رسمی ہدف سمجھا جاتا ہے۔ تاہم پوری ٹیم صرف 37 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ سیف اللہ بنگش 14 رنز بنا کر نمایاں رہے، لیکن وہ ٹیم کو جیت کی دہلیز پار نہ کرا سکے۔ ٹیم کی بیٹنگ لائن کا حال یہ تھا کہ کپتان شان مسعود سمیت تین تجربہ کار کھلاڑی صفر پر پویلین لوٹ گئے۔

اس حیران کن نتیجے کے ساتھ ہی کرکٹ کی تاریخ کا 253 سال پرانا ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔ یہ میچ ثابت کرتا ہے کہ کرکٹ میں جب تک آخری گیند نہ پھینک دی جائے، کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے۔

بگ بیش لیگ: سست ترین بیٹنگ میں محمد رضوان اور بابر اعظم نمبرون اور دو



سڈنی، 18 جنوری (یو این آئی) آسٹریلیا کی معروف ٹی ٹوئنٹی لیگ 'بگ بیش' میں جہاں دنیا بھر کے بیٹرز چھکے چوکوں کی برسات کر رہے ہیں، وہاں پاکستان کے دو بڑے نام محمد رضوان اور بابر اعظم، اپنی سست بیٹنگ کے باعث تنقید کی زد میں آ گئے ہیں۔ رواں سیزن کے اعداد و شمار کے مطابق، دونوں کھلاڑیوں نے لیگ کے سست ترین بیٹرز کی فہرست میں پہلی دو پوزیشنز پر قبضہ جما لیا ہے۔

بگ بیش کی ٹیموں نے بابر اور رضوان سے جارحانہ آغاز کی امیدیں وابستہ کر رکھی تھیں، لیکن دونوں بیٹرز نے جدید ٹی ٹوئنٹی کے تقاضوں کے برعکس روایتی اور حد سے زیادہ محتاط انداز اپنایا، جو ٹیموں کے لیے سودمند ثابت نہ ہو سکا۔ محمد رضوان سیزن کے سست ترین بیٹر ثابت ہوئے۔ انہوں نے 10 اننگز میں صرف 187 رنز بنائے اور پورے ٹورنامنٹ میں ایک بھی نصف سنچری اسکور کرنے میں ناکام رہے۔ دوسرے نمبر پر موجود بابر اعظم نے 2 ففٹیز کی مدد سے 201 رنز تو بنائے، لیکن ان کا 107 کا اسٹرائیک ریٹ ٹی ٹوئنٹی معیار سے کافی کم رہا۔ فہرست کے دیگر کھلاڑیاں فہرست میں تیسرے نمبر پر کونسٹاس موجود ہیں جن کا اسٹرائیک ریٹ 110.21 رہا، جبکہ ٹام روجرز 127.50 کے اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ آسٹریلوی پچز پر جہاں باؤنس اور تیزی ہوتی ہے، وہاں پاکستانی اوپنرز کا 'اینکر رول' (مستحکم بیٹنگ) ان کی ٹیموں کے لیے فائدہ مند ہونے کے بجائے دباؤ کا باعث بن رہا ہے۔

☆

انڈیا اوپن 2026: این سے ینگ نے اپنی بادشاہت برقرار رکھی، لن چون ای نے مردوں کا خطاب جیتا

نئی دہلی، 18 جنوری (یو این آئی) دفاعی چیمپئن اور دنیا کی نمبرون کھلاڑی این سے ینگ نے انڈیا اوپن 2026 میں خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت کر اپنی برتری ثابت کر دی ہے، جبکہ مردوں کے زمرے میں تائپے کے لن چون ای نے بڑا الٹ پھیر کرتے ہوئے ٹرافی اپنے نام کر لی۔ کوریا کی این سے ینگ نے پورے ٹورنامنٹ میں ایک بھی گیم ہارے بغیر فائنل تک رسائی حاصل کی تھی۔ فائنل میں ان کا سامنا چین کی وانگ ژی ای سے تھا۔ 23 سالہ این سے ینگ نے بہترین نیٹ گیم اور جارحانہ شاٹس کے ذریعے چینی کھلاڑی کو سنبھلنے کا موقع نہ دیا۔ فتح کے بعد انہوں نے کہا کہ ان کی توجہ زیادہ اٹیکنگ کھیلنے پر تھی جو کارگر ثابت ہوئی۔ چینی تائپے کے بائیں ہاتھ سے کھیلنے والے لن چون ای نے تیسری سیڈ انڈونیشیا کے جوناتھن کرسٹی کو محض 38 منٹ میں شکست دے کر سب کو حیران کر دیا۔ اسکور 10-21، 18-21 رہا۔ یہ لن چون ای کے کیریئر کا پہلا ورلڈ ٹور سپر 750 ٹائٹل ہے۔ انہوں نے دوسرے گیم میں 15-18 کے اسکور پر پیچھے ہونے کے باوجود مسلسل پانچ پوائنٹس جیت کر فتح سمیٹی۔ مکسڈ ڈبلز کا فائنل سب سے سنسنی خیز رہا جہاں تھائی لینڈ کی جوڑی نے دوسرے گیم میں چار میچ پوائنٹس بچا کر شاندار واپسی کی اور میچ 21-19، 23-25، 18-21 سے جیتا۔ چین نے ڈبلز مقابلوں میں اپنی دھاک بٹھاتے ہوئے مردوں اور خواتین دونوں کے ٹائٹلز اپنے نام کیے۔ بیڈمنٹن ایسوسی ایشن آف انڈیا کے زیر اہتمام منعقدہ اس ایونٹ نے دہلی کے شائقین کو عالمی معیار کا کھیل دیکھنے کا موقع فراہم کیا۔

سادیو مانے کا افریقن کپ سے الوداعی اعلان:
سینگل کی ٹیم اور عوام ریٹائرمنٹ روکنے کے لیے سرگرم

رباط، 18 جنوری (یو این آئی) سینگل کے مایہ ناز فارورڈ اور سابق لیورپول اسٹار سادیو مانے نے افریقن کپ آف نیشنز (AFCON) کے فائنل کے بعد ٹورنامنٹ سے ریٹائرمنٹ کا اشارہ دے کر اپنے مداحوں کو افسردہ کر دیا ہے۔ تاہم، سینگالی کوچ اور ساتھی کھلاڑیوں نے مانے سے اپنے فیصلے پر نظرثانی کی اپیل کی ہے۔ 33 سالہ سادیو مانے نے مصر کے خلاف سیمی فائنل میں فتح حاصل کرنے کے بعد اعلان کیا تھا کہ مراکش کے خلاف فائنل ان کا آخری افریقن کپ ہوگا۔ ان کے اس بیان سے یہ تاثر مل رہا ہے کہ وہ رواں سال جون اور جولائی میں شمالی امریکہ میں ہونے والے ورلڈ کپ کے بعد بین الاقوامی فٹبال کو مکمل طور پر خیرباد کہہ دیں گے۔ سینگل کے کوچ پاپ تھیاؤ نے رباط میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، "سادیو مانے کا فیصلہ اب ان کے ہاتھ میں نہیں رہا۔



کیپٹلز کی تاریخی واپسی
پلے آف ریس میں نئی جان ڈال دی

جوہانسبرگ، 18 جنوری (یو این آئی) ایس اے 20 کے دلچسپ مقابلوں نے پلے آف کی دوڑ کو انتہائی سنسنی خیز بنا دیا ہے، جہاں سیزن چار کے آخری پلے آف مقام کے لیے تین ٹیمیں بدستور مقابلے میں ہیں۔ ڈربن سپر جائنٹس نے کنگزمیڈ میں پارل رائلز کو 58 رنز سے شکست دے کر بونس پوائنٹ حاصل کیا اور 19 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے نمبر پر پہنچ گئی۔ تاہم دن کا سب سے بڑا ڈرامہ وانڈررز اسٹیڈیم میں دیکھنے کو ملا، جہاں پریٹوریا کیپٹلز نے تاریخ ساز واپسی کرتے ہوئے جوبرگ سپر کنگز کو شکست دی۔ ایک موقع پر 7 رنز پر 5 وکٹیں گرنے کے بعد، ڈیوالڈ بریوس اور شیرفین ردرفورڈ نے چھٹی وکٹ کے لیے 103 رنز کی شاندار شراکت قائم کی۔ ردرفورڈ نے ناقابلِ شکست 74 رنز کی اننگز کھیلی، جبکہ بریوس نے 53 رنز بنائے۔ بعد ازاں گیند بازوں کی عمدہ کارکردگی کی بدولت کیپٹلز نے 143 رنز کا کامیابی سے دفاع کیا اور جوبرگ سپر کنگز کو 122/8 تک محدود کر دیا۔ لزاد ولیمز اور کپتان کیشو مہاراج نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔ اس فتح کے ساتھ پریٹوریا کیپٹلز 24 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست ٹیموں میں شامل ہو گئی، جبکہ ڈربن سپر جائنٹس اور ایم آئی کیپ ٹاؤن بھی اب تک پلے آف کی دوڑ میں برقرار ہیں۔

جرسی نمبر 56 کی 'جنگ': مچل اسٹارک کا بابر اعظم کے بارے میں دلچسپ انکشاف

سڈنی، 18 جنوری (یو این آئی) کرکٹ کے میدان میں اپنی برق رفتار گیند بازی سے بلے بازوں کو پریشان کرنے والے مچل اسٹارک اب اپنی حسِ مزاح سے شائقین کے دل جیت رہے ہیں۔ حال ہی میں بگ بیش لیگ کے ایک خصوصی سیگمنٹ '60 سیکنڈ سلوگ' میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بابر اعظم اور ان کے مشہور زمانہ جرسی نمبر '56' پر ایک ایسی بات کہی جس نے سب کو ہنسنے پر مجبور کر دیا۔ مچل اسٹارک اور بابر اعظم دونوں ہی اپنی قومی ٹیموں کے لیے نمبر 56 کی جرسی پہنتے ہیں۔ جب بابر اعظم نے بگ بیش لیگ کی ٹیم سڈنی سکسرز کے ساتھ معاہدہ کیا، تو سوال پیدا ہوا کہ یہ تاریخی نمبر کس کے پاس رہے گا؟ ویڈیو سیگمنٹ کے دوران جب مچل مارش نے اسٹارک سے پوچھا کہ بابر نے سکسرز میں آتے ہی اپنے پسندیدہ نمبر '56' کو ترجیح دی ہے، تو اس پر آپ کا کیا ردِعمل ہے؟ مچل اسٹارک نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ "مجھے لگتا ہے کہ بابر اعظم نے (فرنچائز سے) مجھ سے کہیں زیادہ معاوضہ وصول کیا ہے، تو شاید اسی لیے یہ نمبر بھی انہیں مل گیا ہے! اس دلچسپ صورتحال کو حل کرنے کے لیے سڈنی سکسرز کی انتظامیہ نے ایک منفرد راستہ نکالا۔ چونکہ ایک ہی ٹیم میں دو کھلاڑیوں کو ایک ہی نمبر نہیں دیا جا سکتا تھا، اس لیے بابر اعظم کے لیے خصوصی طور پر '056' نمبر کی جرسی متعارف کروائی گئی، جبکہ اسٹارک کا روایتی نمبر '56' برقرار رہا۔ اسٹارک کے اس تبصرے نے نہ صرف دونوں کھلاڑیوں کے درمیان دوستانہ تعلقات کو ظاہر کیا ہے بلکہ بگ بیش لیگ کے ماحول کو مزید دلچسپ بنا دیا ہے۔

Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor- Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30/ چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی -(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804